وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي
اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا

# تقلید کا حکم

## کتاب وسنت کی روشنی میں


تالیف: وصی اللہ محمد عباس
مدرس ومفتی مسجد الحرام، پروفیسر ام القریٰ یونیورسٹی
مکہ مکرمہ سعودی عرب




www.KitaboSunnat.com

انصار السنہ پبلیکیشنز لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز



## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی

کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے

درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تقلید کا حکم

## کتاب وسنت کی روشنی میں



تالیف:

**وصی اللہ محمد عباس**

مدرس ومفتی مسجد الحرام، پروفیسر ام القریٰ یونیورسٹی

مکہ مکرمہ، سعودی عرب

انصار السنہ پبلیکیشنز لاہور

اسلامی اکادمی، الفضل مارکیٹ، 17-اردو بازار لاہور 37357587

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق
انصار السنۃ پبلیکیشنز رجسٹرڈ
محفوظ ہیں

# تقلید کا حکم

کتاب وسنت کی روشنی میں

تالیف: وصی اللہ محمد عباس
مدرس ومفتی مسجد الحرام، پروفیسر ام القریٰ یونیورسٹی مکہ مکرمہ، سعودی عرب

اہتمام: محمد رمضان محمدی، محمد سلیم جلالی

ناشر: ابو مومن منصور احمد

اسلامی اکادمی، الفضل مارکیٹ، 17-اردو بازار لاہور فون: 042-37357587

Dar-us-Salam
486 ATLANTIC AVE, BROOKLYN, NY 11217
TEL(718) 625-5925 FAX:(718) 625-1511
E-Mail: darussalamny@hotmail.com
Web Site: www.darussalamny.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# آئینہ مضامین


- عرضِ ناشر ........ 5
- مقدمہ ........ 10
- تمہید ........ 17
- تقلید کی لغوی اور اصطلاحی تعریف ........ 17
- تقلید کی لغوی تعریف ........ 17
- تقلید کی اصطلاحی تعریف ........ 17
- فصل 1 :...... اتباع اور تقلید میں فرق ........ 21
- فصل 2 :...... ائمہ عظام اور محدثین کا اپنی تقلید سے منع کرنا ........ 24
  - امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے اقوال ........ 26
  - امام مالک بن انس رحمہ اللہ کے اقوال ........ 27
  - امام شافعی رحمہ اللہ کے اقوال ........ 28
  - امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے اقوال ........ 30
- فصل 3 :...... خیر القرون میں تقلید کا معدوم ہونا ........ 33
- فصل 4 :...... تقلید کس کے لیے جائز اور کس کے لیے ناجائز ہے ........ 51
- فصل 5 :...... کیا ایک مسلمان پر کسی خاص مذہب کی تقلید لازم ہے ........ 58


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




- فصل 6 :...... مذہبی تعصب ........ 76
- فصل 7 :...... احترام ائمہ ........ 81
- فصل 8 :...... مذہبی تعصب کا آخری صدیوں میں انتشار ........ 85
- فصل 9 :...... تعصب مذہبی کے اسباب اور اس کے ختم کرنے کے ذرائع ........ 91
- فصل 10 :...... تقلید اور تعصب کی خرابیاں ........ 107
  - ✦ عقل سے کام نہ لینا ........ 108
  - ✦ علماء کے قول پر حلال وحرام کی بنیاد رکھنا ........ 116
  - ✦ مذہب کی خاطر صحیح احادیث کو ترک کرنا ........ 120
  - ✦ مذہب کے مطابق صحیح احادیث کی غلط تاویلات ........ 121
  - ✦ علماء امت کے بعض اقوال بطور شہادت ملاحظہ کئے جائیں ........ 121
  - ✦ تعصب مذہبی ایک بدعت ہے ........ 131
  - ✦ ضعیف اور موضوع احایث پر عمل ........ 132
  - ✦ اجماع کا ترک ........ 134
  - ✦ اہل مذاہب کی آپس میں عداوت ........ 135
  - ✦ تعصب واختلاف کی بنا پر اعداء اسلام کا غلبہ ........ 136
- فصل 11 :...... کیا مذاہب کو لے کر قرآن وسنت سے بے نیاز ہوا جا سکتا ہے؟ ........ 140
  - ✦ ''فقہ حنفی سے تغافل اور اس کا نتیجہ'' ........ 141
  - ✦ عمل بلا علم بالاتفاق ممنوع ہے ........ 143
- فصل 12 :...... تعلیم وتربیت کے لیے فقہ صحیح کی تجویز ........ 154


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ، اَمَّا بَعْدُ!

زیرِ نظر کتاب جو زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں پہنچی ہے، فضیلۃ الشیخ، مفتی و مدرس حرم مکی، ڈاکٹر وصی اللہ بن محمد عباس حفظہ اللہ کی تصنیفات میں سے ایک شاہکار ہے۔ کتاب کا نام ''کتاب وسنت اور اقوالِ سلف کی روشنی میں تقلید کا حکم'' ہے، جو کہ مقدمہ، تمہید اور تیرہ (13) فصول پر مشتمل ہے، فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر صاحب نے کتاب میں کتاب و سنت، آثارِ صحابہ اور اقوالِ سلف سے استدلال کا التزام کیا ہے، تقلید کی مذمت میں اور اتباعِ سنت کی فضیلت پر یہ کتاب اپنی مثال آپ ہے۔

تقلید مذموم عمل ہے، بلکہ تقلید کا لفظ اس قدر گھٹیا اور ناپسندیدہ ہے کہ قرآن وسنت میں یہ لفظ انسانوں کے لیے کہیں بھی مستعمل نہیں، بلکہ چوپایوں اور جانوروں کے لیے بولا گیا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ﴾ [1]

---

[1] المآئدۃ:2

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں، حرمت والے مہینوں اور قربانی کے ان جانوروں کی بے حرمتی نہ کرو جن کے گلے میں پٹہ ڈال کر ان کو بیت اللہ کی طرف بھیجا جا رہا ہے۔''

جناب رسالت مآب سیّدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی رحلت کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین عظام کسی متعین اور خاص شخص کی تقلید نہیں کرتے تھے، بلکہ تمام مسلمان قرآن و سنت سے رہنمائی لیتے تھے۔ چنانچہ سیّدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

«أَلَا لَا يُقَلِّدَنَّ أَحَدُكُمْ دِيْنَهُ رَجُلًا إِنْ آمَنَ آمَنَ، وَ إِنْ كَفَرَ كَفَرَ، فَإِنَّهُ لَا أُسْوَةَ فِيْ الشَّرِّ.»[1]

''خبردار! کوئی اپنے دین میں کسی کی تقلید نہ کرے کہ وہ ایمان لائے تو تقلید کرنے والا بھی ایمان لائے، اور اگر وہ کفر کرے تو مقلد بھی کفر کرے۔ یاد رہے کہ برائی میں کسی کو نمونہ نہیں بنانا چاہیے۔''

دوسری جگہ فرماتے ہیں:

''اگر تمھیں اقتداء کرنی ہے تو انتقال کر جانے والے کی اقتداء کرو! زندہ سے فتنہ کا خوف ہے۔''[2]

یہاں تک کہ عامی جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس پر تقلید بہر حال واجب ہے، اس کے بارے میں بھی تقلید کا لفظ استعمال عہد صحابہ میں نہ تھا، اتباع کا لفظ استعمال کیا جاتا تھا، کیونکہ عوام کسی خاص شخص کی تقلید کے پابند نہ تھے، صرف دلیل سے باتیں ہوتی تھیں،

---

[1] جامع البیان العلم وفضله: 988/2، 989۔
[2] المعجم الکبیر للطبرانی: 166/9۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، 10۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسی سے مسائل کا جواب دیا جاتا تھا، ان کا طریقہ تعلیم اور تفقہ کتاب وسنت کی دلیلوں کی روشنی میں ہوا کرتا تھا، فقیہ بھی انھیں کتاب وسنت ہی کے مسائل بتاتے اور سکھاتے تھے۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

«قَدْ أَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلَى أَنَّ مَنِ اسْتَبَانَتْ لَهُ سُنَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَمْ يَكُنْ لَهُ أَنْ يَدَعَهَا لِقَوْلِ أَحَدٍ.» ①

عبداللہ بن المعتز فرماتے ہیں:

«لَا فَرْقَ بَيْنَ بَهِيْمَةٍ تُقَادُ وَ إِنْسَانٍ يُقَلِّدُ.» ②

"یعنی اندھا مقلد اور جانور جس کی گردن میں رسی ڈال کر کھینچا جاتا ہے، دونوں برابر ہیں، ان میں کوئی فرق نہیں۔"

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صرف اپنی اور اپنے نبی ﷺ کی اطاعت کا حکم دیا ہے ان دونوں ہستیوں کو چھوڑ کر کسی دوسرے کی تقلید کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے جاہل، بے عقل اور شیطان کا پیروکار تک کہا ہے۔

قرآن وسنت کی تعلیم انتہائی آسان ہے:

﴿فَإِنَّمَا يَسَّرْنَٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝﴾ ③

"قرآن وسنت کے اتباع میں ہی کامیابی ہے۔"

﴿فَالَّذِينَ اٰمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِيٓ أُنْزِلَ

---

① ایقاظ همم أولي الأبصار، ص: 58.

② جامع بیان العلم: 2/988، 989.

③ الدخان: 58.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ ﴾ (1)

اللہ تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ وہ ہمیں کتاب وسنت، فہم وعمل صحابہ کرام کے منہج پر قائم رہنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ اور تقلید جیسے مذموم عمل سے بچا کر رکھے۔

آخر میں ہم فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر وصی اللہ بن محمد عباس حفظہ اللہ مدرس ومفتی مسجد الحرام وپروفیسر جامعہ اُمّ القریٰ اور بھائی عبد السلام انجینئر حرم مکی کے شکر گزار ہیں کہ انھوں نے اس عظیم کتاب کی طباعت ہمارے ذمہ لگائی، اور ہم اس کی اشاعت کر کے ایک فریضہ ادا کر رہے ہیں، جناب ابو مؤمن منصور احمد حفظہ اللہ (مالک اسلامی اکادمی) بھی شکریہ کے حقدار ہیں کہ انھوں نے اس کتاب کی اشاعت کا ذمہ اٹھایا اور اپنی ذمہ داری بصورت احسن نبھائی۔ فضیلۃ الشیخ حافظ حامد محمود الخضری رفیق ادارہ انصار والسنہ پبلی کیشنز کا شکریہ ادا کرنا بھی انتہائی ضروری ہے کہ انھوں نے شیخ کے حکم پر اس کتاب کی فہرست تیار کی، احادیث کی تخریج اور اعراب لگائے اور اچھے انداز میں پروف ریڈنگ کا کام سرانجام دیا۔ «جزاهم الله خيراً في الدنيا والآخره».

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلىٰ خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

وكتبه

ابوحمزہ عبد الخالق صدیقی

مدیر: ادارہ انصار السنہ پبلی کیشنز، لاہور

---

(1) الاعراف: 157.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

یقیناً کامیابی اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی اتباع میں ہے

سیدنا ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے: ''میں ڈرتا ہوں کہ اگر سنت پر عمل نہ کیا تو گمراہ نہ ہو جاؤں۔'' اور سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ دوران طواف جو رمل کیا جاتا ہے اور جو وقت کا ایک تقاضہ تھا، تکمیل تقاضہ کے بعد اس کے بارے میں فرمایا: ''ہم اس کام کو کیوں ترک کریں جسے اللہ کے رسول ﷺ نے کیا ہو۔''

خلفاءِ راشدین سنت رسول ﷺ پر پابندی کا فیصلہ دل و جان سے کر چکے تھے۔ اسی بنا پر امیر المومنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''کہ اس دین میں رائے کا کوئی دخل نہیں!''

اگرچہ اس تقلید شخصی کے موضوع پر بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں لیکن مرور زمانہ کے نشیب و فراز سے بہت سی چیزیں ایسی سر اٹھا چکی ہیں جو اچھے بھلے مخلصین اور مثقفین میں بھی دوری کا سبب بن رہی ہیں جبکہ اس کا سد باب اصحاب علم کی ذمہ داری کے ساتھ انتہائی ضروری ہے۔

ڈاکٹر صاحب مدظلہ العالی نے اسلاف اور ائمہ مجتہدین کرام کے فیصلوں کو مدنظر رکھتے ہوئے قوم کی اصلاح کے لیے ان فیصلوں کو آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔ تاکہ اللہ کریم اس سے سب کو ہدایت کا راستہ نصیب فرما دے۔ اور براءت ذمہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو قبولیت کے شرف سے نوازے۔ آمین۔

فضل الرحمٰن عنایت اللہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ رب العزت نے اپنے رسول محمد ﷺ کو دین حق اور ہدایت دے کر اس لیے بھیجا تاکہ کفار کے نا چاہتے ہوئے بھی اللہ تعالیٰ اس دین کو تمام ادیان پر غالب کر دے، آپ پوری دنیا کی طرف بشیر ونذیر ہو کر آئے، اللہ کی کتاب اور اپنی سنت اور حدیث کو لوگوں کے سامنے بیان فرمایا، انہی دونوں کے ذریعہ ان کا تزکیہ کیا۔

آپ ﷺ کی بعثت کے وقت لوگ کھلی گمراہی میں تھے لیکن آپ ﷺ کی تعلیم و تربیت سے افضل الناس ہو گئے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝﴾ [1]

”وہی ذات کریمہ ہے جس نے ان پڑھوں میں سے ایک رسول بھیجا جو اللہ کی آیات کی تلاوت ان کے سامنے کرتے اور تزکیہ کرتے تھے اور کتاب وحکمت یعنی سنت لوگوں کو سکھاتے تھے۔ بے شک آپ سے پہلے لوگ کھلی گمراہی میں تھے۔“

اس دین کو جبریل امین نے اللہ رب العزت سے لے کر نبی کریم ﷺ تک پہنچایا اور نبی کریم ﷺ سے صحابہ کرام نے حاصل کیا، کتنی عالی مرتبت یہ سند اور یہ واسطہ ہے۔ عقیدہ اور عمل، اصول و فروع میں جو کچھ نبی کریم ﷺ سے ان کو ملا سب پر عمل کیا، دین کی تصدیق کی اور اس پر عمل کرنے میں ان کا کوئی ثانی نہ ہوا، تسلیم و تصدیق کی اس سے بڑھ کر کونسی دلیل ہو سکتی ہے کہ انہوں نے عقیدہ اور امور غیبی کے مسائل میں ادنیٰ شک تک نہ کیا، نبی

[1] الجمعہ: 2۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ رب العزت نے اپنے رسول محمد ﷺ کو دین حق اور ہدایت دے کر اس لیے بھیجا تاکہ کفار کے ناچاہتے ہوئے بھی اللہ تعالیٰ اس دین کو تمام ادیان پر غالب کر دے، آپ پوری دنیا کی طرف بشیر ونذیر ہو کر آئے، اللہ کی کتاب اور اپنی سنت اور حدیث کو لوگوں کے سامنے بیان فرمایا، انہی دونوں کے ذریعہ ان کا تزکیہ کیا۔

آپ ﷺ کی بعثت کے وقت لوگ کھلی گمراہی میں تھے لیکن آپ ﷺ کی تعلیم وتربیت سے افضل الناس ہو گئے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝﴾ ①

''وہی ذات کریمہ ہے جس نے ان پڑھوں میں سے ایک رسول بھیجا جو اللہ کی آیات کی تلاوت ان کے سامنے کرتے اور تزکیہ کرتے تھے اور کتاب وحکمت یعنی سنت لوگوں کو سکھاتے تھے۔ بے شک آپ سے پہلے لوگ کھلی گمراہی میں تھے۔''

اس دین کو جبریل امین نے اللہ رب العزت سے لے کر نبی کریم ﷺ تک پہنچایا اور نبی کریم ﷺ سے صحابہ کرام نے حاصل کیا، کتنی عالی مرتبت یہ سند اور یہ واسطہ ہے۔ عقیدہ اور عمل، اصول وفروع میں جو کچھ نبی کریم ﷺ سے ان کو ملا سب پر عمل کیا، دین کی تصدیق کی اور اس پر عمل کرنے میں ان کا کوئی ثانی نہ ہوا، تسلیم وتصدیق کی اس سے بڑھ کر کونسی دلیل ہو سکتی ہے کہ انہوں نے عقیدہ اور امور غیبی کے مسائل میں ادنیٰ شک تک نہ کیا، نبی

① الجمعة: 2.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کریم ﷺ سے کیوں اور کیسے کا سوال نہ کیا۔ اللہ تعالیٰ کا قول مبارک:

﴿اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى﴾ (1)

''رحمٰن عرش پر مستوی ہوا۔''

سنتے اور پڑھتے تھے۔ لیکن شیطان کسی ایک کے دل میں بھی اس پر ایمان لانے اور تصدیق کرنے کے بارے میں پل بھر کے لیے وسوسہ نہ ڈال سکا۔

23 سال کے عرصے میں تمام دین کو محفوظ کیا، اور اس پر عمل کیا، نبی کریم ﷺ انہیں واضح روشن راستے پر چھوڑ کر اس دنیا سے رخصت ہوئے، ہلاک ہونے والا ہی اس سے بھٹکے گا، آپ رفیق اعلیٰ کے پاس صحابہ سے راضی ہو کر گئے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اللہ تعالیٰ سے تمام لوگوں کی نسبت زیادہ ڈرنے والے، اور سب سے زیادہ نیک دل تھے۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا﴾ (2)

''یقیناً اللہ تعالیٰ مومنوں سے خوش ہو گیا جبکہ وہ درخت تلے آپ سے بیعت کر رہے تھے ان کے دلوں میں جو تھا اسے اس نے معلوم کر لیا تھا اور ان پر اطمینان نازل فرمایا اور انہیں قریب کی فتح عنائت فرمائی۔''

﴿لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

(1) طٰہٰ: 5۔ (2) الفتح: 18۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝﴾ ⓵

''اللہ نے توبہ قبول کی نبی ﷺ کی اور ان مہاجرین وانصار کی جنہوں نے تنگی کے وقت میں آپ ﷺ کا ساتھ دیا جبکہ ان میں سے ایک گروہ کا دل حق سے مائل ہوا جارہا تھا، اللہ نے ان کی توبہ کو قبول کرلیا بے شک اللہ ان کے ساتھ رحم وکرم والا ہے۔''

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کو مدینہ طیبہ کی مٹی میں دفن کرنے کے بعد بھی عہد سابق پر قائم رہے، ذرا بھی تبدیلی نہ آئی، اللہ ورسول ﷺ کی مکمل اتباع میں سچے اخلاص کے ساتھ انہوں نے زندگی گزاری، اللہ کے دین میں کتاب وسنت ہی کے موافق کسی کی بات کو قبول کیا، آثار رسول کے تتبع اور ان کی تلاش میں سب ایک دل کی طرح تھے، اللہ اور رسول کے درمیان کسی کو داخل نہیں کیا، اللہ اور رسول تک پہنچنے کے لیے انہوں نے کوئی دوسرا راستہ اور واسطہ نہ بنایا:

﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا﴾ ⓶

''اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے پکڑ لو اور فرقوں میں مت بٹو۔''

کے سچے ترجمان تھے۔ تھوڑے ہی دنوں میں علم ودین کی فرمانروائی لوگوں کے دلوں اور تمام شہروں پر قائم ہوگئی، صحابہ کرام سے تابعین کرام نے ان سے علوم وعقیدہ اور عمل سیکھا، ان سے ان کے تلامذہ نے لیا۔

---

⓵ التوبہ: 117 . ⓶ آل عمران : 103 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عہد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہی میں کچھ ایسے لوگ ابھرے جو شرف صحبت سے مشرف نہ تھے، انہوں نے اللہ کے دین میں باطل عقائد کی ایجاد کی، اسلام دشمن فسادیوں کی تقلید میں صحابہ کرام کے عقیدے کے خلاف حکام کی اطاعت سے خروج، بعض صحابہ سے عداوت، تشیع اور رفض جیسے عقائد کے معتقد ہوئے۔ لیکن مٹھی بھر یہ لوگ چونکہ خیر القرون میں تھے اس وجہ سے اکثریت نے انہیں قبول نہ کیا، مذموم و مدحور رہے، کتاب وسنت ہی کا عقیدہ بلا د اسلام پر غالب رہا، فروعی مسائل میں بھی اگر خیر القرون میں کچھ اختلاف سامنے آیا، تو صرف اجتہادی مسائل میں جہاں کتاب وسنت کی واضح دلیل نہ پاتے۔ لیکن ان میں اپنی یا کسی اور کی رائے پر تعصب اور ہٹ دھری ہرگز نہ رہی۔

مشاہیر ائمہ کا دور آیا، دنیا ان کے علم وفضل، صلاح وتقویٰ، تورع، اخلاص، امت کی خیر خواہی کی گواہی دیتی رہی، انہوں نے اپنے علم اور اجتہاد کے ذریعے امت کو ان کے مسائل میں رہنمائی کی۔ ان کے عہد میں تقلید، جمود اور تعصب کے بعض افکار نے جنم لینا شروع کیا تو انہوں نے سختی سے اس کا انکار کیا، اس سے منع کیا، شدت سے اس کا محاسبہ کیا، اپنے تلامذہ اور معتقدین کو تاکید کی کہ اللہ کے دین میں کسی کی تقلید نہ کریں، کتاب وسنت سے مسائل لیں، ان کے صالح اصحاب اور اتباع انہی کی نصیحت پر عامل رہے۔

امام ابو یوسف اور محمد رحمہما اللہ نے اپنے استاذ محترم امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے تہائی مسائل کا اختلاف کیا، پھر بھی وہ فرمانبردار شاگرد رہے، اللہ کے دین کی خاطر استاذ اور شاگرد کا یہ اخلاص تھا۔ ان کے بعد کچھ لوگ آئے، انہوں نے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے خود کو کئی فرقوں میں بانٹ لیا، اور ہر ایک اپنے خیال میں خوش رہا، تعصب مذاہب ہی کو اپنا دین سمجھ بیٹھے، اسی کی تجارت کرنے لگے، اسی پر قناعت کر کے کہنے لگے:

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓی اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓی اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝ ﴾ ①

''ہم نے اپنے آباء واجداد کو ایک طریقے پر پایا ہے ہم تو انہی کی اقتداء کریں گے۔''

یہ سب لوگ صواب اور درستگی سے دور ہیں، حق کی زبان ان کے سامنے اس آیت کی تلاوت کرتی ہے:

﴿ لَیْسَ بِاَمَانِیِّکُمْ وَلَآ اَمَانِیِّ اَهْلِ الْکِتٰبِ ؕ مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یُّجْزَ بِهٖ ﴾ ①

''تمہاری اور اہل کتاب کی آرزوؤں سے مقصد حاصل نہ ہوگا جو برا کرے گا اسے اس کا بدلہ ملے گا۔''

امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا:

''تمام مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جس کے سامنے سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر ہوگئی اسے جائز نہیں کہ کسی کے قول کی بنا پر سنت کو چھوڑے۔'' ③

یہ بات واضح ہے کہ عقیدہ اور احکام کے باب میں تقلید اور تعصب نے پرانے زمانے سے لوگوں کو مختلف فرقوں اور جماعتوں میں بانٹ رکھا ہے ہر آنے والا دن گزشتہ دن سے اچھا نظر نہیں آتا۔

زبیر بن عدی کہتے ہیں کہ ہم نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے حجاج بن یوسف کی اذیتوں کی شکایت کی، تو آپ نے فرمایا: کہ صبر کرو! کیونکہ ہر آئندہ دن پہلے دن سے برا ہوگا، یہاں تک کہ تم اپنے رب سے جا ملو، تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات میں نے سنی ہے۔ ④

① الزخرف: 23 . ② النساء: 123 .
③ اعلام الموقعین: 7-1 . ④ صحیح بخاری: 24/13 ، کتاب الفتن .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حقیقت یہ ہے کہ عقیدے اور مذہب کے اختلاف نے مسلمانوں کی وحدت کو پارہ پارہ کر رکھا ہے کتاب وسنت کے علاوہ تعصّبات کی بنا پر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کی ایذا سے محفوظ نہیں۔ حکم الٰہی ہے:

﴿وَ اعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا﴾ ①

''اللہ کی رسی کو سب مل کر مضبوطی سے پکڑ لو اور فرقوں میں نہ بٹو۔''

اللہ کی رسی کو چھوڑ کر لوگوں کی رسی کو سینے سے لگا رکھا ہے اسی پر دوستی اور دشمنی کی جاتی ہے، اس وجہ سے تقلید کے مسئلے میں مسلمانوں کی خیر خواہی کی خاطر ان چند اوراق کے لکھنے کا خیال پیدا ہوا۔ اس کتاب کا نام ''کتاب وسنت اور اقوال سلف کی روشنی میں تقلید کا حکم'' ہے، اس میں ہم نے کتاب وسنت، آثار صحابہ اور اقوال سلف سے استدلال کا التزام کیا ہے، اور یہ کتاب مقدمہ، تمہید اور تیرہ (13) فصول پر مشتمل ہے، اللہ رب العزت اسے اپنی بارگاہ میں قبولیت بخشے اور پھر اپنے بندوں کے درمیان بھی مقبول بنائے۔ اگر کسی بھائی کو اس میں لفظی یا معنوی غلطی نظر آئے تو مجھے تنبیہ کریں! اللہ ان کو جزائے خیر دے۔

خاص طور پر اپنے ان بھائیوں سے گزارش ہے جو صف علماء میں شمار ہیں اور کسی نہ کسی مذہب کے پابند ہیں اور پابندی کی دعوت بھی دیتے ہیں، اس کتاب کو غور سے پڑھیں، اگر انہیں اس میں کوئی بھی غلطی نظر آئے یا اصل مضمون سے اختلاف ہو تو بالدلیل مجھے خبر کریں، «إن ارید الا الإصلاح وما توفیقی إلا باللہ» اللہ ان کو جزائے خیر دے گا اور کسی کو اس سے ہدایت ملے تو اللہ سے مزید توفیق کی دعا کریں۔

مؤلف

① آل عمران: 103.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تمہید:

# تقلید کی لغوی اور اصطلاحی تعریف

## تقلید کی لغوی تعریف:

تقلید کے معنی کسی چیز کا لٹکانا، اور گردن میں کوئی چیز ڈالنا ہے۔

اسی معنی میں کہا جاتا ہے کہ «تقلید الولاة الاعمال»..... "ذمہ داروں کی گردن میں کام کی ذمہ داری لگانا" «تقلید البدنة شيئا يعلم به أنه هدى»..... "اونٹ یا گائے کی گردن میں کوئی چیز اس غرض سے لٹکانا کہ اس کے "«هَدى» (قربانی کے جانور) ہونے کی پہچان ہو۔ [1]

## تقلید کی اصطلاحی تعریف:

جس شخص کی رائے حجت شرعی نہ ہو اس کو بغیر کسی دلیل کے قبول کرنا۔ [2]

گویا بغیر دلیل کے کسی کی رائے کو قبول کرنے والے نے اس شخص کی رائے کو اپنی گردن میں لٹکا لیا۔ [3]

تقلید کی تعریف میں بغیر کسی دلیل کے قبول کرنے کی شرط سے یہ معلوم ہوا کہ جو شخص کسی

---

① لسان العرب: 365/3 وغیرہ۔

② شرح الكوكب المنير، ص: 408- ارشاد الفحول، ص: 265۔

③ التعريفات للجرجاني، ص: 64- شرح الكوكب المنير، ص: 408 - ارشاد الفحول، ص: 265۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی بات یا رائے کو دلیل سے قبول کرتا اور دلیل طلب کرتا ہے اُسے مقلد نہ کہا جائے گا، اس کا یہ فعل اتباع کہلائے گا۔

ہمارے استاذ علامہ محمد الامین الشنقیطی کہتے ہیں کہ فقہاء کی اصطلاح میں تقلید کی تعریف یہ ہے کہ کسی کے قول کو بغیر دلیل کے قبول کرنا۔ تو جان لینا چاہیے کہ غیر کے قول کا معنی اس غیر کا اپنا اجتہاد ہے، مگر جس مسئلے میں کتاب وسنت کے نصوص ہوں اس میں کسی کے قول یا مذہب کا سوال ہی نہیں، کیونکہ ہر شخص پر نصوص کی اتباع لازم ہے، اس لیے اس کا نام اتباع ہے تقلید نہیں۔ (1)

اسی وجہ سے کتاب وسنت اور اجماع کے متبع کو مقلد نہ کہا جائے گا، کیونکہ وہ دلیل کی اتباع کر رہا ہے، فقہاء مذاہب کے کئی علماء نے اس کی تصریح کی ہے، ابن ھمام حنفی (ت: 861) کہتے ہیں: ''تقلید یہ ہے کہ بلا حجت ودلیل کسی ایسے شخص کے قول پر عمل کرنا جس کا قول حجت نہیں ہے، اس لیے نبی ﷺ اور اجماع کی طرف رجوع کرنا تقلید نہیں۔'' (2)

ابن امیر الحاج (ت: 879) اس کی شرح کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ: ''نبی ﷺ اور اجماع کی طرف رجوع کرنا تقلید نہیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک چاروں دلیلوں میں سے شرعی دلیل ہے۔

بعینہٖ اسی طرح عامی کا مفتی کے قول پر عمل اور قاضی کا گواہوں کے قول پر عمل کرنا بھی تقلید نہیں ہے، کیونکہ دونوں اگرچہ چاروں دلیلوں میں سے نہیں ہیں مگر یہ عمل دلیل کے ساتھ ہوا بلا دلیل نہیں، کیونکہ نص شرعی سے واجب ہے کہ عامی مفتی کے قول کو لے، اور

(1) مذکرۃ اصول الفقہ، ص: 490۔

(2) التحریر فی علم الاصول: 453/3۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قاضی سچے گواہوں کے قول کو قبول کر کے فیصلہ کرے۔''[1]

درحقیقت عامی کا مفتی کے قول کی دلیل جانے بغیر قبول کرنے ہی کو تقلید کہا جاتا ہے ورنہ تقلید کا خارجی وجود نہ ہوتا۔لیکن میری رائے میں اس حالت میں تقلید اسی وقت ہوگی جب عامی کسی ایک مذہب کا پابند ہو اگر وہ عالم بالکتاب والسنہ کو تلاش کر کے فتوی لیتا اور اگر چہ بغیر دلیل کے قبول کر لیتا ہے تو وہ اتباع ہے تقلید نہیں۔

شامی حنفی کہتے ہیں:

«قُلْتُ: وَاَيْضًا قَالُوْا: اَلْعَامِي لَا مَذْهَبَ لَهٗ بَلْ مَذْهَبُهٗ مَذْهَبُ مُفْتِيْهِ، وَعَلَّلَهٗ صَاحِبُ التَّحْرِيْرِ بِأَنَّ الْمَذْهَبَ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِمَنْ لَهٗ نَوْعِ نَظْرٍ وَاسْتِدْلَالٍ وَبَصَرٍ بِالْمَذَاهِبِ عَلَى حَسَبِه.»

''میں کہتا ہوں کہ فقہاء نے کہا ہے کہ عامی کا کوئی مذہب نہیں اس کا مذہب اس کے مفتی کا مذہب ہے، صاحب تحریر نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ مذہب اس شخص کے لیے ہے جسے تھوڑی بہت بصیرت ہو اور نظر واستدلال کر سکے۔''[2]

مگر قاضی کا سچے شہود کی شہادت قبول کرنا یقیناً تقلید نہیں ہے، کیونکہ وہ دلیل پر عمل کر رہا ہے، جس میں شہود عدول کے قول کو قبول کرنے کا حکم ہے۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَ اسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّ امْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا

---

[1] التقریر والتحبیر فی علم الاصول: 453/3.

[2] رد المحتار: 294/2.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَتُذَكِّرَ إِحْدٰىهُمَا الْأُخْرٰى ﴾ ①

''دو مردوں کی گواہی لے لو، اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں جن کی سیرت وسلوک سے تم راضی ہو، دو عورتیں اس لیے کہ اگر ایک کو نسیان ہوا تو دوسری اسے یاد دلا دے گی۔''

اس کے باوجود توسُّعاً بعض علماء نے اتباع کو تقلید کا نام دیا ہے۔ امام شافعی کہتے ہیں کہ:
''رسول اللہ ﷺ کے علاوہ کسی کی تقلید نہ کی جائے۔''②

امام طحاوی کہتے ہیں: ''بعض لوگوں نے اس حدیث کی تقلید کی ہے، اور کہا ہے کہ: گیہوں کا جو سے بیچنا جائز نہیں، الا یہ کہ دونوں کی مقدار برابر ہو۔''③

یہاں امام شافعی اور طحاوی نے تقلید کے لغوی معنی کا استعمال کیا ہے ورنہ کتاب وسنت کی اتباع کو تقلید اصطلاحی نہیں کہا جائے گا۔

① البقرة : 282.

② الرد على من أخلد إلى الأرض، ص: 138.

③ شرح معاني الآثار: 3/4، كتاب البيوع.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 1

# اتباع اور تقلید میں فرق

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تمہید میں اس مسئلے کی طرف اشارہ گزر چکا ہے، اس فصل میں اس کی مزید توضیح مطلوب ہے، اصطلاحی اتباع اور اصطلاحی تقلید میں فرق خود ان دونوں کی تعریفوں سے واضح ہوتا ہے، اتباع شرعی یہ ہے جس کا ذکر اس آیت کریمہ میں آیا ہے:

﴿ كِتَٰبٌ أُنزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُن فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنذِرَ بِهِ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ○ اتَّبِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۗ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ○ ﴾ [1]

''یہ کتاب آپ کی طرف اتاری گئی ہے، آپ کے سینے میں اس سے تنگی نہ ہو اس لیے اتاری گئی ہے کہ آپ اس کے ذریعے لوگوں کو ڈرائیں اور مؤمنوں کے لیے نصیحت ہے اتباع کرو اس چیز کی جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف اتاری گئی ہے، اللہ کے علاوہ کسی اور کو ولی بنا کر ان کی اتباع نہ کرو، تم بہت کم نصیحت پکڑتے ہو۔''

ان دونوں آیتوں میں اتباع اور تقلید دونوں کا ذکر ہے۔

[1] الاعراف: 2، 3.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ ﴾ اتباع کی دلیل ہے اور تقلید کی تعریف گزر چکی ہے کہ بلا دلیل کسی ایسے شخص کے قول کو قبول کیا جائے جس کا قول حجت نہیں ہے جو ﴿ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ﴾ کا مصداق ہے۔

خویز منداد مالکی کہتے ہیں: تم جس کسی شخص کی بات کی اتباع کرو جس کی بات کو کسی دلیل کے بغیر قبول کرنا واجب نہیں ہے تو تم اس کے مقلد ہوئے اور اللہ کے دین میں تقلید صحیح نہیں، اور دلیل کی بنا پر جس کی اتباع تمہارے اوپر واجب ہے تو تم اس کے متبع ہوئے، اتباع دین میں جائز ہے، تقلید ممنوع ہے۔ ①

اسی معنی کی تعریف دیگر علماء نے بھی کی ہے، کمال ابن الہمام، ابن امیر الحاج، علامہ شنقیطی، جیسا کہ ابھی قریب ہی میں ان کے اقوال گزر چکے ہیں۔

امام احمد رحمہ اللہ نے بھی اتباع کی یہی تعریف کی ہے۔

ابو داوٗد کہتے ہیں کہ امام احمد سے میں نے سنا ہے کہ اتباع یہ ہے کہ آدمی نبی کریم ﷺ اور صحابہ سے آئے ہوئے احکام کی پیروی کرے! تابعین کے اقوال میں لوگوں کو اختیار ہے، آپ نے یہ بھی فرمایا: کہ میری یا مالک، ثوری اور اوزاعی کسی کی تقلید نہ کرو، اور جہاں سے انہوں نے (مسائل کو) لیا ہے، وہیں سے لو۔ مزید فرمایا:

«مِنْ قِلَّةِ فِقْهِ الرَّجُلِ أَنْ يُّقَلِّدَ دِيْنَهُ الرِّجَالَ.»

''آدمی کے قلتِ فقہ کی دلیل یہ ہے کہ اپنے دین کو لوگوں کی رائے کے تابع کردے۔'' ②

① التحریر فی علم الاصول مع التقریر والتحبیر: 353/3.

② مسائل ابی داوٗد، ص: 113۔ اعلام الموقعین: 469/3.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 2

## ائمہ عظام اور محدثین کا اپنی تقلید سے منع کرنا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ائمہ کرام اللہ کے دین کو زیادہ جاننے والے تقویٰ میں بھی آگے، اور اللہ ورسول ﷺ کی اطاعت میں پیش پیش تھے، اپنے اپنے زمانے میں ہر ایک نے امت کی خیر وصلاح میں قیادت کی۔

اللہ داد علم واجتہاد کے ذریعہ امت کے مسائل میں فتاویٰ دیتے رہے، امت ان کے ذریعے ہدایت لیتی رہی، سینکڑوں ائمہ امت میں پیدا ہوئے، سب نے اپنی اپنی حد تک دین کی خدمت کی، یہ بات متفق علیہ ہے کہ ائمہ کے لیے غلطی اور صواب دونوں صورتوں میں اجر ہے، صواب کی صورت میں دو اجر اور غلطی کی صورت میں اجتہاد کا ایک اجر ضرور ملے گا۔ (1)

اللہ ان کو اپنی رحمتوں میں جگہ دے اجتہاد کے وقت انہیں خوف ہوتا تھا کہ بہت ممکن ہے کہ کتاب وسنت اور آثار صحابہ اُن کے پاس نہ ہوں اسی وجہ سے بڑی سختی سے اپنی اور دوسروں کی تقلید سے منع فرماتے تھے، اور حدیث صحیح یا کوئی بھی دلیل صحیح مل جائے تو اس کی اتباع کی تاکید کرتے، اللہ کی مشیت سے دوسرے ائمہ کے اقوال کی حفاظت اس طرح نہ ہوسکی جس طرح ائمہ اربعہ ابو حنیفہ، مالک، شافعی، اور احمد بن حنبل کے اقوال محفوظ

(1) صحيح البخاري: 293/13.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَاَتْرُكُهُ غَدًا وَاَرَى الرَّاْيَ غَدًا وَاَتْرُكُهُ بَعْدَ غَدٍ.»

''یعقوب ابو یوسف! میری ہر بات کو سن کر نہ لکھا کرو، کیونکہ ایک رائے آج قائم کر کے کل اس سے رجوع کر سکتا ہوں، کل کی رائے سے پرسوں رجوع کر سکتا ہوں۔''

۵: «اِذَا قُلْتُ قَوْلًا يُخَالِفُ كِتَابَ اللّٰهِ وَخَبَرَ الرَّسُوْلِ ﷺ فَاتْرُكُوْا قَوْلِيْ.»

''میری کوئی بات کتاب اللہ اور حدیث رسول کے مخالف ہو تو میری بات کو چھوڑ دو!''①

## ② امام مالک بن انس رحمہ اللہ کے اقوال:

۱: «اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اُخْطِئُ وَاُصِيْبُ، فَانْظُرُوْا فِيْ رَاْيِيْ فَكُلُّ مَا وَافَقَ الْكِتَابَ وَالسُّنَّةَ فَخُذُوْهُ وَكُلُّ مَا لَمْ يُوَافِقْ فَاتْرُكُوْهُ.»

''میں بشر ہی ہوں غلطی کرتا ہوں اور درست بھی کرتا ہوں، لہٰذا تم میری جو رائے کتاب وسنت کے موافق ہو اسے لے لو، اور جو موافق نہ ہو اسے چھوڑ دو۔''②

۲: «لَيْسَ أَحَدٌ بَعْدَ النَّبِيِّ ﷺ إِلَّا وَ يُؤْخَذُ مِنْ قَوْلِهِ وَيُتْرَكُ إِلَّا النَّبِيَّ ﷺ.»

''نبی کریم ﷺ کے بعد ہر کسی کی بات کو لیا بھی جا سکتا ہے اور چھوڑا بھی جا سکتا ہے مگر نبی کریم ﷺ کی ہر بات لی جائے گی۔''③

۳: عبداللہ بن وہب کہتے ہیں کہ میں نے امام مالک سے سنا آپ سے وضو میں پیروں

---

① ایقاظ ھمم اولی الابصار، ص: 50۔ ونسبه الی محمد بن الحسن ایضا.

② جامع بیان العلم، 91/2۔ احکام الأحکام لابن حزم: 145/6.

③ جامع بیان العلم وفضله: 91/2۔ احکام الاحکام لابن حزم: 145/6-179.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَاتْرُكُهٗ غَدًا وَأَرَى الرَّأْيَ غَدًا وَاتْرُكُهٗ بَعْدَ غَدٍ۔»

”یعقوب ابو یوسف! میری ہر بات کو سن کر نہ لکھا کرو، کیونکہ ایک رائے آج قائم کر کے کل اس سے رجوع کر سکتا ہوں، کل کی رائے سے پرسوں رجوع کر سکتا ہوں۔“

۵: «اِذَا قُلْتُ قَوْلًا يُخَالِفُ كِتَابَ اللّٰهِ وَخَبَرَ الرَّسُوْلِ ﷺ فَاتْرُكُوْا قَوْلِيْ.»

”میری کوئی بات کتاب اللہ اور حدیث رسول کے مخالف ہو تو میری بات کو چھوڑ دو!“①

## ② امام مالک بن انس رحمہ اللہ کے اقوال:

۱: «اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اُخْطِئُ وَاُصِيْبُ، فَانْظُرُوْا فِيْ رَأْيِيْ فَكُلُّ مَا وَافَقَ الْكِتَابَ وَالسُّنَّةَ فَخُذُوْهُ وَكُلُّ مَا لَمْ يُوَافِقْ فَاتْرُكُوْهُ.»

”میں بشر ہی ہوں غلطی کرتا ہوں اور درست بھی کرتا ہوں، لہٰذا تم میری جو رائے کتاب وسنت کے موافق ہو اسے لے لو، اور جو موافق نہ ہو اسے چھوڑ دو۔“②

۲: «لَيْسَ أَحَدٌ بَعْدَ النَّبِيِّ ﷺ إِلَّا وَ يُؤْخَذُ مِنْ قَوْلِهٖ وَيُتْرَكُ اِلَّا النَّبِيَّ ﷺ.»

”نبی کریم ﷺ کے بعد ہر کسی کی بات کو لیا بھی جا سکتا ہے اور چھوڑا بھی جا سکتا ہے مگر نبی کریم ﷺ کی ہر بات لی جائے گی۔“③

۳: عبداللہ بن وہب کہتے ہیں کہ میں نے امام مالک سے سنا آپ سے وضو میں پیروں

① ایقاظ همم أولي الأبصار، ص: 50۔ ونسبه الى محمد بن الحسن ايضا۔

② جامع بيان العلم، 91/2۔ احكام الأحكام لابن حزم: 145/6۔

③ جامع بيان العلم وفضله: 91/2۔ احكام الاحكام لابن حزم: 145/6، 179۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی انگلیوں کے خلال کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے جواب دیا کہ یہ فعل لوگوں پر واجب نہیں، جب مجلس برخواست ہوئی تو میں نے ان سے کہا کہ ہمارے ہاں اس مسئلے میں ایک سنت پائی جاتی ہے، کہا: بیان کرو، میں نے کہا: کہ مستورد بن شداد القرشی کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا: کہ آپ اپنی خنصر کی انگلی (چھنگلی) سے پیروں کی انگلیوں کا خلال فرمارہے تھے، امام مالک نے کہا یہ اچھی حدیث ہے، اس سے پہلے میں نے اسے کبھی نہیں سنا تھا۔ ابن وہب کہتے ہیں کہ اس کے بعد امام مالک سے جب اس کے بارے میں پوچھا جاتا تو میں نے سنا کہ آپ خلال کرنے کا حکم دیتے تھے۔ ①

## ③ امام شافعی رحمہ اللہ کے اقوال:

امام شافعی سے کافی اچھے اقوال اس باب میں منقول ہیں، فرماتے ہیں:

ا: «مَا مِنْ اَحَدٍ إِلَّا وَتَذْهَبُ عَلَيْهِ سُنَّةٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَتَعْزُبُ عَنْهُ، فَمَهْمَا قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ اَوْ اَصَّلْتُ مِنْ اَصْلٍ فِيْهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ خِلَافُ مَا قُلْتُ فَالْقَوْلُ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ قَوْلِي.»

”ہر ایک سے نبی کریم ﷺ کی کوئی نہ کوئی سنت مخفی رہ سکتی ہے، تو میں جو قول کہوں یا جو قاعدہ بیان کروں اگر حدیث رسول اس کے خلاف ہے تو موافق حدیث ہی میرا قول ہوگا“ (مخالف حدیث میرا قول نہ سمجھا جائے) ②

① الجرح والتعديل لابن أبي حاتم: 32,31/1 .

② اعلام الموقعين: 363/2۔ ايقاظ همم اولى الابصار، ص: 100 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲: «أَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى اَنَّ مَنِ اسْتَبَانَتْ لَهُ سُنَّةٌ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَمْ يَحِلَّ لَهُ اَنْ يَدَعَهَا لِقَوْلِ أَحَدٍ.»

''تمام مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جس کے سامنے سنتِ رسول ﷺ ظاہر ہوگئی تو اسے کسی کے قول کی بنا پر چھوڑنا جائز نہیں۔''①

۳: «إِذَا وَجَدْتُمْ فِيْ كِتَابِيْ خِلَافَ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقُوْلُوْا بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَدَعُوْا مَا قُلْتُ، وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاتَّبِعُوْهَا وَلَا تَلْتَفِتُوْا اِلَى قَوْلِ أَحَدٍ.»

''میری کتاب میں تمہیں کوئی خلاف سنت بات ملے تو میری بات کو چھوڑ کر سنتِ رسول ﷺ کو لے لو، ایک روایت میں ہے کہ سنت ہی کی اتباع کرو میرے قول کی طرف توجہ نہ دو۔''②

۴: «إِذَا صَحَّ الْحَدِيْثُ فَهُوَ مَذْهَبِيْ.»

''جب صحیح حدیث مل جائے تو وہی میرا مذہب ہے۔''③

۵: «اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِالْحَدِيْثِ مِنِّيْ، فَإِذَا كَانَ الْحَدِيْثُ الصَّحِيْحُ فَأَعْلِمُوْنِيْ بِهِ أَيِّ شَيْءٍ يَكُوْنُ كُوْفِيًّا أَوْ بَصْرِيًّا أَوْ شَافِعِيًّا حَتَّى اَذْهَبَ اِلَيْهِ إِذَا كَانَ صَحِيْحًا.»

''امام احمد کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ تم حدیث کو مجھ سے زیادہ جانتے ہو صحیح حدیث ہو تو مجھے بتا دو! خواہ وہ کوفی ہو یا بصری یا شامی، تاکہ اسی کے مطابق فتویٰ دوں۔''④

۶: «كُلُّ مَسْأَلَةٍ صَحَّ فِيْهَا الْخَبَرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عِنْدَ اَهْلِ النَّقْلِ بِخِلَافِ مَا

① اعلام الموقعین: 361/2۔ ایقاظ همم اولی الابصار، ص:68۔
② ذم الکلام للهروی: 1/74/3۔ صحیح ابن حبان (الاحسان): 284/3۔
③ المجموع شرح المهذب للنووی: 63/1۔ المیزان للشعرانی: 57/1۔
④ آداب الشافعی، ص: 94، 95 وغیرہ۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قُلْتُ فَانَا رَاجِعٌ عَنْهَا فِیْ حَیَاتِیْ وَبَعْدَ مَوْتِیْ.»

''میرے قول کے خلاف کسی مسئلے میں بھی محدثین کے نزدیک صحیح حدیث مل جائے تو میں حدیث کی موافقت میں اپنے مسئلے سے زندگی میں اور موت کے بعد بھی رجوع کرتا ہوں۔''①

۷: «إِذَا رَأَیْتُمُوْنِی أَقُوْلُ قَوْلًا وَقَدْ صَحَّ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ خَلَافُهُ فَاعْلَمُوْا أَنَّ عَقْلِی قَدْ ذَهَبَ.»

''صحیح حدیث کے ہوتے ہوئے اگر میں اس کے خلاف کوئی بات کہوں تو جان لو کہ میری عقل اس وقت کھو چکی تھی۔''②

۸: «كُلُّ مَا قُلْتُ فَكَانَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ خِلَافَ قَوْلِیْ مِمَّا یُصِحُّ، فَحَدِیْثُ النَّبِیِّ أَوْلَی فَلَا تُقَلِّدُوْنِیْ.»

''میرے کسی بھی قول کے خلاف صحیح حدیث ہے تو حدیث نبی مقدم ہے میری تقلید نہ کرو۔''

۹: «كُلُّ حَدِیْثٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ فَهُوَ قَوْلِیْ وَإِنْ لَمْ تَسْمَعُوْهُ مِنِّیْ.»

''نبی ﷺ کی ہر حدیث میرا قول ہے اگرچہ تم اسے مجھ سے نہ سنے ہو۔''③

## ④ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے اقوال:

امام احمد بن حنبل بلا شبہ تمام ائمہ سے زیادہ حدیثوں کے جامع اور عالم تھے، آپ کا

① الحلیہ لابی نعیم: 9/7-1۔ اعلام الموقعین: 2/363۔

② آداب الشافعی، ص:93۔ حلیة الالیاء: 9/106۔

③ آداب الشافعی، ص:93۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حال یہ تھا کہ آپ ایسی کتابوں کی تالیف کو ناپسند فرماتے تھے جن میں مسائل کے تفریع اور رائے کو جمع کیا گیا ہو۔ ①

آپ نے فرمایا:

۱: «لَا تُقَلِّدْنِيْ، وَلَا تُقَلِّدْ مَالِكًا، وَلَا الشَّافِعِيَّ، وَلَا اْلَاوْزَاعِيَّ وَلَا الثَّوْرِيَّ، وَخُذْ مِنْ حَيْثُ أَخَذُوْا.»

''نہ میری تقلید نہ مالک، اوزاعی اور ثوری کی تقلید کرو، جہاں سے علم انہوں نے لیا ہے وہیں سے تم لو۔'' ②

۲: ایک روایت میں ہے:

«لَا تُقَلِّدْ دِيْنَكَ أَحَدًا مِنْ هٰؤُلَاءِ، مَا جَاءَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَأَصْحَابِهِ فَخُذْ بِهِ، ثُمَّ التَّابِعِيْنَ بَعْدُ الرَّجُلُ فِيْهِ مُخَيَّرٌ، اَلْاِتِّبَاعُ اَنْ يَّتَّبِعَ الرَّجُلُ مَا جَاءَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَأَصْحَابِهِ، ثُمَّ هُوَ مِنْ بَعْدَ التَّابِعِيْنَ مُخَيَّرٌ.»

''اپنے دین کو کسی کے تابع نہ کرو، نبی کریم ﷺ اور آپ کے اصحاب سے جو کچھ ملے اسے لے لو، تابعین کے آراء واقوال کے بارے میں آدمی کو اختیار ہے۔ اتباع یہ ہے کہ آدمی نبی کریم ﷺ اور صحابہ سے آئی ہوئی چیز کی پیروی کرے، تابعین کے بارے میں اسے اختیار ہے۔'' ③

۳: «رَأْيُ الْاَوْزَاعِيِّ وَمَالِكٍ وَأَبِيْ حَنِيْفَةَ رَأْيٌ وَهُوَ عِنْدِيْ سَوَاءٌ وَاِنَّمَا الْحُجَّةُ فِي الْآثَارِ.»

① مناقب ابن الجوزی، ص: 192۔ ② اعلام الموقعین: 302/2۔

③ مسائل ابی داؤد، ص: 276، 277۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اوزاعی، مالک، ابوحنیفہ سب کی رائے رائے ہی ہے سب یکساں ہے۔ حجت اور دلیل صرف آثار میں ہے۔''[1]

۴: «مَنْ رَدَّ حَدِيْثَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَهُوَ عَلَى شَفَا هَلَكَةٍ.»

''جس کسی نے حدیث رسول کو قبول نہ کیا وہ ہلاکت کے کنارے پر ہے۔''[2]

(ائمہ کے ان اقوال کو صفۃ صلاۃ النبی کے مقدمہ، ص: ۴۶۔۵۳ میں دیکھیں)

ہمارے ائمہ کرام کے ان اقوال میں خود انہیں کے متعصبین کے لیے عبرت ہے جو ائمہ کی تقلید پر اصرار کرتے ہیں حالانکہ ائمہ کے بعض اقوال غیر ارادی طور پر نصوص کے مخالف بھی ہوسکتے ہیں یا انہیں ان کی طرف غلط منسوب کر دیا گیا ہو۔ اور صحیح حدیث کی نسبت نبی ﷺ تک ثابت ہے، اور پھر رسول ﷺ رسول ہیں، اور ائمہ کرام رسول ﷺ کے امتی ہیں، اس لیے اصولی طور پر اور عقلی طور پر حدیث کو چھوڑ کر اقوال ائمہ کو لینا بہت بڑے گناہ کی بات ہوسکتی ہے۔ نیز شان رسول میں گستاخی بھی ہوسکتی ہے۔

---

① جامع بيان العلم وفضله: 149/2 .

② مناقب الامام احمد لابن الجوزی، ص: 82 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 3

## خیر القرون میں تقلید کا معدوم ہونا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یقین واطمینان سے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اصطلاحی تقلید کا وجود خیر القرون میں نہ تھا، عہد نبوی اور عہد صحابہ میں تقلید ثابت کرنے والوں کو مشورہ ہے وہ تمام خواہشات سے مجرد ہو کر حدیث رسول اور آثار صحابہ کا مطالعہ کریں، ہماری مصیبت یہ ہے کہ ہم نے قرآن میں تدبر کو صرف مجتہدین کے لیے خاص کر دیا ہے اور پھر ہم نے اجتہاد کا دروازہ بھی بند کر دیا۔

حدیث سے مجتہد ہی استفادہ کرے لیکن ائمہ اربعہ کے مقلدین کے ہاں جب سے اجتہاد کا دروازہ بند کیا گیا اور مجتہدین ناپید ہوئے تو قرآن وحدیث کو صرف تبرک کے لیے رکھ کر اس میں تدبر اور حدیث کو حدیث والوں کی طرح پڑھنا اور سمجھنا چھوڑ دیا گیا، اس لیے ان مسائل میں بھی وہی تقلیدی باتیں ہوتی ہیں جنہیں پہلے کے علماء نے کہہ دی ہوں، انہیں چبائے ہوئے لقموں کا اعادہ ہوتا ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۝ ﴾ (1)

"یہ لوگ قرآن میں تدبر کیوں نہیں کرتے کیا ان کے دلوں پر قفل لگ چکے ہیں۔"

کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ میں اصطلاحی معنی میں لفظ تقلید کا وجود بھی نہیں ملتا ہے۔ البتہ اس کا معنی آیات واحادیث میں مذمت کی صورت میں استعمال ضرور ہوا ہے، مدح اور

(1) محمد: 24.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تعریف کے معنی میں کہیں استعمال نہیں ہوا، اس معنی کا استعمال بعض صحابہ کے اقوال میں بھی آیا ہے۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

«أَلَا لَا يُقَلِّدَنَّ أَحَدُكُمْ دِيْنَهُ رَجُلًا إِنْ آمَنَ آمَنَ، وَ إِنْ كَفَرَ كَفَرَ، فَإِنَّهُ لَا أُسْوَةَ فِيْ الشَّرِّ.»

''خبردار کوئی شخص اپنے دین کو کسی کے تابع نہ کردے کہ اگر وہ ایمان لائے تو وہ بھی ایمان لائے اور اگر کفر کرے تو وہ بھی کفر کرے برے کام میں کسی کی پیروی جائز نہیں۔''[1]

دوسری جگہ آیا ہے کہ عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں: ''اگر تمہیں اقتدا کرنی ہے تو انتقال کر جانے والے کی اقتدا کرو! زندہ سے فتنہ کا خوف ہے۔''[2]

یہاں تک کہ عامی جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کے اوپر تقلید بہرحال واجب ہے، اس کے بارے میں بھی تقلید کے لفظ کا استعمال صحابہ کے دور میں نہ تھا، اتباع کا لفظ استعمال کیا جاتا تھا، کیونکہ عوام کسی خاص شخص کی تقلید کے پابند نہ تھے، صرف دلیل سے باتیں ہوتیں، اسی سے مسائل کا جواب دیا جاتا، ان کا طریقہ تعلّم اور تفقہ کتاب وسنت کی دلیلوں کی روشنی میں ہوا کرتا تھا، فقیہ بھی انہیں کتاب وسنت ہی کے مسائل بتاتے اور سکھاتے تھے۔

فقیہ زمان ومکان کسی ایک شخص کے فتوی کا متقید بھی نہ ہوتا، مذاہب کا وجود بھی نہ تھا، فقہاء کرام کو لوگ جانتے تھے لوگوں کے درمیان مشہور تھے، طلباء ان سے کتاب وسنت ہی

[1] جامع بيان العلم وفضله: 988/2 .

[2] المعجم الكبير للطبراني: 166/9 ـ السنن الكبرى للبيهقي، 10 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیکھتے، اسلامی شہروں میں صحابہ کرام اوران کے بعد فقہاء عظام پھیلے ہوئے تھے۔

ان میں سے ہر ایک علم و معرفت کا پہاڑ تھا،لوگ ان کے ماحول میں رہ کر اپنا دین سیکھتے،عوام صحابہ یا تابعین میں سے کوئی اگر مدینہ میں ہوتا اسے کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو فتوی اور تعلیم دینے والے کسی بھی صحابی سے مسئلہ پوچھ لیتا، وہی شخص کوفہ یا بصرہ چلا جاتا تو وہاں جس مشہور بالعلم صحابی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوتی ان سے فتویٰ پوچھ لیتا،اس طریقہ تعلم اوراس کے بموجب عمل کولوگ تقلید نہیں کہتے۔

بلکہ اسے اتباع اور اطاعت کہا جاتا ہے کسی کی رائے پر تعصب تھا نہ اصرار،اگر کسی سے تعصب اور کسی کی رائے پر ہٹ دھرمی کی بو آئی تو سب نے اس پر نکیر کیا اوراس سے منع کیا خصوصا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل وتقریر کے مقابلے میں اگرکوئی رائے پیش کرتا تو اس کو ملامت کا سامنا کرنا پڑتا۔ صحیح بخاری میں ہے:

«عَنْ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ اَلْحَيَاءُ لَا يَأْتِي إِلَّا بِخَيْرٍ، فَقَالَ بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ: مَكْتُوبٌ فِي الْحِكْمَةِ، إِنَّ مِنَ الْحَيَاءِ وَقَارًا، وَإِنَّ مِنَ الْحَيَاءِ سَكِينَةً، فَقَالَ لَهُ عِمْرَانُ: أُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ وَتُحَدِّثُنِي عَنْ صَحِيفَتِكَ.»

”عمران بن حصین کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیا خیر ہی لائے گا،بشیر بن کعب نے سن کر کہا: کہ حکمت کے باب میں لکھا ہے بعض حیا وقار اور سکینت ہے،عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے سن کر کہا کہ: میں تم سے حدیث رسول بیان کر رہا ہوں اورتم اس کے مقابلے میں اپنے صحیفے سے بیان کر رہے ہو۔“ (1)

(1) صحيح البخاري:638/1 ، كتاب الادب ، باب الجهاد .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کو امام مسلم نے بھی ان الفاظ میں روایت کیا ہے:

«عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ: کُنَّا عِنْدَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ فِی رَهْطٍ مِّنَّا وَفِینَا بَشِیْرُ بْنُ کَعْبٍ، فَحَدَّثَنَا عِمْرَانُ یَوْمَئِذٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: الْحَیَاءُ خَیْرٌ کُلُّهُ أَوْ قَالَ: الْحَیَاءُ کُلُّهُ خَیْرٌ، فَقَالَ بُشَیْرُ بْنُ کَعْبٍ: إِنَّا لَنَجِدُ فِی بَعْضِ الْکُتُبِ اَوِ الْحِکْمَةِ أَنَّ مِنْهُ سَکِینَةً وَّوَقَارًا لِلّٰهِ وَمِنْهُ ضُعْفٌ...... الخ.»

''ابوقتادہ کہتے ہیں کہ ہم اپنی قوم کے کچھ لوگوں کے ساتھ عمران بن حصین کے پاس تھے وہاں بشیر بن کعب بھی تھے، آپ نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے: حیا خیر ہی خیر ہے، بشیر بن کعب نے کہا کہ بعض کتابوں یا حکمتوں میں یہ بھی آیا ہے کہ حیا کبھی وقار کی شکل میں ہوتا ہے اور کبھی کمزوری کی شکل میں ہوتا ہے، عمران بن حصین سن کر ایسے غصہ ہوئے کہ آپ کی آنکھیں سرخ ہوگئیں اور کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کر رہا ہوں اور تم اس پر اعتراض کر رہے ہو۔'' [1]

عمران بن حصین نے حدیث رسول کا اعادہ کیا، بشیر بن کعب نے بھی اپنی بات کا اعادہ کیا، عمران غصہ ہوئے ہم عذر کرتے رہے کہ یہ ہم ہی لوگوں میں سے ہے اس میں عقیدے کی کوئی خرابی نہیں۔

یہی طریقہ سلف صالحین اور محدثین کرام کا تھا۔ چنانچہ سنن ترمذی میں ہے:

«عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَلَّدَ نَعْلَیْنِ، وَأَشْعَرَ الْهَدْیَ، ثُمَّ قَالَ

[1] صحیح مسلم: 64:1، حدیث نمبر: 37، کتاب الایمان، باب بیان عدد شعب الایمان۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سَمِعْتُ يُوسُفَ بْنَ عِيسَى يَقُولُ: سَمِعْتُ وَكِيعًا يَقُولُ حِينَ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ فَقَالَ: لَا تَنْظُرُوا إِلَى قَوْلِ أَهْلِ الرَّأْيِ فِي هَذَا، فَإِنَّ الْإِشْعَارَ سُنَّةٌ، وَقَوْلُهُمْ بِدْعَةٌ، وَقَالَ: سَمِعْتُ أَبَا السَّائِبِ يَقُولُ: كُنَّا عِنْدَ وَكِيعٍ فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهُ مِمَّنْ يَنْظُرُ فِي الرَّأْيِ: أَشْعَرَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ، وَيَقُولُ أَبُو حَنِيفَةَ: هُوَ مُثْلَةٌ قَالَ الرَّجُلُ: فَإِنَّهُ قَدْ رُوِيَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ أَنَّهُ قَالَ: الْإِشْعَارُ مُثْلَةٌ، قَالَ: فَرَأَيْتُ وَكِيعًا غَضِبَ غَضَبًا شَدِيدًا، وَقَالَ: أَقُولُ لَكَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ، وَتَقُولُ: قَالَ إِبْرَاهِيمُ، مَا أَحَقَّكَ بِأَنْ تُحْبَسَ ثُمَّ لَا تُخْرَجُ حَتَّى تَنْزِعَ عَنْ قَوْلِكَ هَذَا.»

”عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے ہدی کے جانور کا اشعار کیا، اوراس کی گردن میں کوئی چیز لٹکائی، امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں میں نے یوسف بن عیسیٰ سے سنا: وہ کہتے تھے کہ میں نے وکیع سے سنا: جب آپ نے اس کی روایت کی تو کہا کہ: اس مسئلے میں اہل رائی کی بات نہ سنو، اشعار سنت رسول ہے اوران کا قول بدعت ہے، ابوالسائب کہتے ہیں کہ ہم وکیع رحمہ اللہ کے پاس بیٹھے تھے ایک آدمی جو رائے اور قیاس کرتا تھا اس سے کہا: کہ رسول اللہ ﷺ نے اشعار کیا ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ اشعار مثلہ ہے، اس آدمی نے کہا کہ: ان کی دلیل یہ ہے کہ ابراہیم نخعی کہتے ہیں کہ اشعار مثلہ ہے، ابوالسائب کہتے کہ میں نے وکیع کو دیکھا کہ بہت سخت غصہ ہوئے اور کہا کہ میں تم سے کہہ رہا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے کہا، اور تم کہتے ہو کہ ابراہیم نے کہا، تم اس لائق ہو کہ تمہیں جیل میں بند کردیا جائے اور جب تک اس سے توبہ نہ کرلو تمہیں جیل

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے نہ نکالا جائے۔''[1]

«عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ أَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ طَالَمَا أَضْلَلْتَ النَّاسَ قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا عُرْوَةُ قَالَ: اَلرَّجُلُ يَخْرُجُ مُخْرِجًا بِحَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ فَإِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ زَعَمْتَ أَنَّهُ قَدْ حَلَّ؟فَقَدْ كَانَ أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ يَنْهِيَانِ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ أَهُمَا وَيْحَكَ آثِرٌ عِنْدَكَ اَمْ مَا فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنِّيْ وَمِنْكَ قَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ فَخَصَمَهُ عُرْوَةُ.»

''عروہ بن زبیر عبداللہ بن عباس کے پاس آئے اور کہا کہ ابن عباس آپ نے لوگوں کو بہت گمراہ کر رکھا ہے۔ ابن عباس نے کہا عروہ بات کیا ہے؟ عروہ نے کہا: آدمی حج یا عمرہ کے لیے نکلتا ہے جب طواف کر لے تو آپ کہتے ہیں کہ وہ احرام سے نکل گیا (اس کا مطلب قطعاً یہی ہے کہ طواف اور سعی کے بعد اگر حج وعمرہ کا احرام ہے تو بھی احرام سے نکل کر متمتع ہو گیا اور اگر صرف عمرہ کا احرام باندھا ہے تو بہرحال وہ احرام سے نکل ہی گیا۔ ابو بکر وعمر اس سے منع کرتے تھے، ابن عباس نے کہا کہ میرے اور تمہارے نزدیک ابو بکر وعمر افضل ہیں یا جو کتاب اللہ اور سنت رسول میں ہے، عروہ بن الزبیر نے بے حجت ہو کر بات [illegible]۔''[2]

سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج

① سنن الترمذی، 218، 219۔ الفقیہ و المتفقہ، ص: 148. (صحیح)

② المعجم الاوسط للطبرانی: 42/1، حدیث نمبر: 21، باسناد حسن.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تمتع کیا تھا، عروہ بن الزبیر نے سن کر کہا کہ: ابوبکر وعمر تمتع سے منع کرتے تھے، ابن عباس نے کہا مجھے لگتا ہے کہ لوگ ہلاک ہو جائیں گے! میں کہتا ہوں کہ نبی ﷺ نے کہا اور لوگ کہتے ہیں کہ ابوبکر وعمر نے منع کیا ہے۔ (1)

ابن القیم نے اس اثر کو نقل کر کے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ابن عباس پر رحم کرے اور ان سے راضی ہو، اگر اس زمانے کے لوگوں کو دیکھتے تو کیا کہتے؟ ان کے سامنے جب کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کہا تو وہ قول رسول ﷺ کا ایسے لوگوں کے اقوال سے معارضہ کرتے ہیں، جو صحابہ سے بہت ہی نیچے درجے کے لوگ ہوتے ہیں۔ (2)

امام دارمی نے صحیح سند سے ابن عباس سے روایت کیا ہے، کہتے ہیں:

«أَلَا تَخَافُوْنَ أَنْ تُعَذَّبُوْا أَوْ يُخْسَفَ بِكُمْ أَنْ تَقُوْلُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَقَالَ فُلَانٌ.»

**''کہ تم ڈرتے نہیں کہ تمہارے اوپر عذاب نازل ہو جائے یا دھنسا دیئے جاؤ! ایک طرف کہتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے کہا اور پھر اس کے مقابل کہتے ہو فلاں نے ایسا کہا۔''** (3)

«عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الشَّامِ وَهُوَ يَسْأَلُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: هِيَ حَلَالٌ، فَقَالَ الشَّامِيُّ: إِنَّ أَبَاكَ قَدْ نَهَى عَنْهَا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَبِي نَهَى عَنْهَا وَصَنَعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ.»

---

(1) مسند احمد: 337/1۔ وجامع بیان العلم وفضلہ۔ اس کی اسناد میں شریک ہیں، وہ حدیث میں ضعیف تھے۔

(2) اعلام الموقعین: 539/3. (3) سنن دارمی: 95/1.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''سالم بن عبداللہ بن عمر نے عبداللہ بن عمر سے ایک شامی کو حج تمتع کے بارے میں پوچھتے ہوئے سنا، عبداللہ بن عمر نے کہا کہ حلال ہے، شامی نے کہا کہ آپ کے والد نے اس سے منع کیا ہے، عبداللہ بن عمر نے کہا: بتاؤ اگر میرے والد نے منع کیا ہے اور خود رسول اللہ ﷺ نے کیا ہے، تو پھر بھی والد کی بات مانی جائے گی یا آپ ﷺ کا حکم مانا جائے گا؟ اس شخص نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کا حکم ہی مانا جائے گا، کہا: تو رسول اللہ ﷺ نے حج تمتع کیا ہے۔''(1)

امام احمد کی روایت، میں ہے کہ:

«كَانَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يُفْتِي بِالَّذِيْ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنَ الرُّخْصَةِ بِالتَّمَتُّعِ، وَسَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِيْهِ، فَيَقُوْلُ نَاسٌ لِابْنِ عُمَرَ: كَيْفَ تُخَالِفُ أَبَاكَ وَقَدْ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ؟ فَيَقُوْلُ لَهُمْ عَبْدُاللّٰهِ: وَيْلَكُمْ أَلَا تَتَّقُوْنَ اللّٰهَ ،اَنَّ عُمَرَ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ فَيَبْتَغِيْ فِيْهِ الْخَيْرَ يَلْتَمِسُ بِهٖ تَمَامَ الْعُمْرَةِ فَلِمَ تُحَرِّمُوْنَ ذٰلِكَ وَقَدْ اَحَلَّهُ اللّٰهُ وَعَمِلَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَفَرَسُوْلَ اللّٰهِ أَحَقُّ أَنْ تَتَّبِعُوْا سُنَّتَهٗ؟ إِنَّ عُمَرَ لَمْ يَقُلْ لَكُمْ: إِنَّ الْعُمْرَةَ فِيْ أَشْهُرِ الْحَجِّ حَرَامٌ وَلٰكِنَّهٗ قَالَ: اِنْ أَتم العمرة ان تفردوها من أشهر الحج.»

''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اللہ کی رخصت کے مطابق حج تمتع کا فتویٰ دیتے تھے، نبی کریم ﷺ نے بھی اس کو مسنون فرمایا ہے، ابن عمر سے کچھ لوگ کہتے کہ آپ اپنے والد کی مخالفت کیوں کر رہے ہیں؟ انہوں نے تو تمتع سے منع کیا ہے۔

(1) سنن الترمذی، ص:201 ، کتاب الحج ، حدیث نمبر: 824 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبداللہ بن عمر انہیں جواب دیتے تمہارے لیے خرابی ہو تم اللہ سے ڈرتے نہیں! بیشک عمر رضی اللہ عنہا نے خیر ہی کی نیت سے تمتع سے منع کیا تھا، چاہتے تھے کہ لوگ عمرہ مکمل الگ سے کریں، لیکن جب اللہ نے اسے حلال کیا ہے اور خود نبی کریم ﷺ نے کیا ہے تو پھر بتاؤ! کہ نبی کریم ﷺ کی سنت اتباع کی زیادہ حق دار ہے یا عمر کی سنت لائق اتباع ہے؟ عمر رضی اللہ عنہ نے یہ نہیں کہا کہ حج کے مہینوں میں عمرہ حرام ہے بلکہ یہ کہا ہے کہ مکمل عمرہ یہ ہے کہ اشہر حج کے علاوہ مہینوں میں عمرہ کیا جائے۔'' [1]

بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے کہ:

«عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا يَخْذِفُ فَقَالَ لَهُ: لَا تَخْذِفْ! كَانَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ نَهَى عَنِ الْخَذْفِ أَوْ كَانَ يَكْرَهُ الْخَذْفَ وَقَالَ: إِنَّهُ لَا يُصَادُ بِهِ صَيْدٌ، وَلَا يُنْكَى بِهِ عَدُوٌّ وَلٰكِنَّهَا قَدْ تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَأُ الْعَيْنَ، ثُمَّ رَآهُ بَعْدَ ذٰلِكَ يَخْذِفُ فَقَالَ: لَهُ أُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ أَنَّهُ نَهَى عَنِ الْخَذْفِ أَوْ كَرِهَ الْخَذْفَ وَأَنْتَ تَخْذِفُ؟ لَا أُكَلِّمُكَ أَبَدًا.»

''عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ انگلیوں کے درمیان کنکری رکھ کر پھینک رہا ہے، اس پر آپ نے کہا کہ اس طرح (خذف) کنکریوں کو پھینکنے سے نبی کریم ﷺ نے منع کیا ہے، یا اسے پسند نہ کرتے تھے اور آپ نے فرمایا: کہ اس سے نہ تو شکار کیا جا سکتا ہے اور نہ دشمن کو زخمی کیا جا سکتا ہے، البتہ اس سے دانت ٹوٹ سکتا ہے یا کسی کی آنکھ پھوٹ سکتی ہے، اس کے بعد بھی آپ نے دیکھا کہ وہ آدمی کنکری پھینک رہا تھا، تو آپ نے کہا کہ میں تم

[1] مسند احمد: 95/2.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے نبی کریم ﷺ کی حدیث بیان کر رہا ہوں کہ آپ نے خذف سے منع فرمایا ہے اور تم کنکریاں پھینکے جا رہے ہو، میں تم سے بات نہیں کروں گا۔ صحیح مسلم کی روایت میں ہے کہ تم سے کبھی بات نہ کروں گا۔"[1]

ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"اس حدیث میں سنت رسول ﷺ کی مخالفت کرنے والے سے قطع کلامی کا جواز ہے۔ اور جس حدیث میں تین دن سے زیادہ نہ بولنے کی ممانعت ہے وہ اس وجہ سے ہے کہ اپنی خواہش نفس کی بنا پر کسی کو چھوڑے، دین کی خاطر نہیں۔"[2]

مسلم کی روایت میں ہے، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے،

«لَا تَمْنَعُوا نِسَآئَكُمُ الْمَسَاجِدَ إِذَا اسْتَأْذَنَّكُمْ إِلَيْهَا قَالَ فَقَالَ بِلَالُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ وَاللّٰهِ لَنَمْنَعُهُنَّ، قَالَ: فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ عَبْدُاللّٰهِ فَسَبَّهُ سَبًّا سَيِّئًا مَا سَمِعْتُهُ سَبَّهُ مِثْلَهُ قَطُّ؛ وَقَالَ: أُخْبِرُكَ عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَتَقُولُ وَاللّٰهِ لَنَمْنَعُهُنَّ.»

"کہ اللہ کی بندیوں کو مسجدوں میں صلاۃ کے لیے جانے سے نہ روکو، اس پر ان کے بیٹے بلال نے کہا کہ ہم سختی سے انہیں روکیں گے، جب بلال آئے تو عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو بہت سخت سست کہا، اور گالیاں دیں کہ ایسا ان سے کبھی نہ سنا تھا، اور کہا کہ میں تمہیں نبی کریم ﷺ کی بات بتا رہا ہوں اور تم

---

[1] صحیح بخاری: 757/9، کتاب الذبائح والصید، باب الخذف، حدیث نمبر: 5479۔ صحیح مسلم، کتاب الصید، حدیث نمبر: 5164۔

[2] فتح الباری: 757/9۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہتے ہو کہ ہم انہیں سختی سے روکیں گے۔" ①

طبرانی اور الجامع لابن عبدالبر کی روایت میں ہے کہ کئی بار ان کو «لَعَنَكَ اللّٰهُ» کہا، رونے لگے اور غصے میں مجلس سے اٹھ پڑے۔ ②

ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں باب کا ذکر کیا ہے، «باب كراهية معارضة خبر النبی ﷺ بالقياس والراى والدليل على ان امر النبی ﷺ يجب قبوله اذا علم المرء به وإن لم يدرك ذلك عقله ورأيه.» یعنی "نبی ﷺ کی حدیث کا قیاس اور رائے سے معارضہ کی کراہیت کا بیان" اور اس بات کی دلیل کہ آپ ﷺ کے حکم کی خبر آدمی کو ہو جائے تو اس کا قبول کرنا واجب ہے، اگرچہ اس کی عقل اور رائے اس کو سمجھ نہ سکے اور قبول نہ کرے۔"

پھر اس کے بعد روایت کا ذکر کیا کہ:

«عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ ﷺ إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ فَلَا يُدْخِلْ يَدَهُ فِيْ الْإِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَا ثِ مَرَّاتٍ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِيْ أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ أَوْ أَيْنَ طَافَتْ يَدُهُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ حَوْضًا قَالَ: فَحَصَبَهُ ابْنُ عُمَرَ وَقَالَ: أُخْبِرُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَتَقُوْلُ أَرَأَيْتَ حَوْضًا.»

"سالم بن عبداللہ بن عمر اپنے والد عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم میں کوئی جب نیند سے اٹھے تو ہاتھ کو تین بار دھوئے

① صحیح مسلم: 327/1، حدیث نمبر: 442.

② معجم الطبرانی الکبیر: 326/12۔ جامع بیان العلم: 2/ 1208، 1209.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بغیر برتن میں نہ ڈالے، کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ نیند میں اس کا ہاتھ کہاں تھا، یا کہاں کہاں لگ رہا تھا، ایک شخص نے سن کر کہا: پانی کا حوض ہو تو کیا کرے؟ عبداللہ بن عمر نے اسے کنکری سے مارا، اور کہا: کہ میں تمہیں حدیث رسول سنا رہا ہوں اور تم معارضہ کر کے کہہ رہے ہو کہ حوض ہو تو کیا کرے؟"[1]

...بن ماجہ میں ہے:

«أَنَّ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ الْاَنْصَارِي النقيب صاحب رسول الله ﷺ غزا مع معاوية...... الخ.»

"کہ عبادۃ بن صامت بیعت عقبہ کے نقیب اور صحابی رسول نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ رومیوں سے جہاد کیا تو دیکھا کہ لوگ سونے کے ٹکڑوں کی دنانیر سے اور چاندی کے ٹکڑوں کی دراہم سے خرید و فروخت کر رہے ہیں، عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے کہا کہ لوگو! تم لوگ ربا (سود) کھا رہے ہو، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ لوگو سونے کو سونے سے برابر اور نقدی ہی بیچو، ان میں ایک دوسرے کی نہ زیادتی ہو اور نہ ادھار اور قرض ہو، معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابو الولید میری رائے ہے کہ "ربا" اس وقت ہوگا جب ادھار بیچا جائے، عبادہ بن صامت نے کہا کہ میں تم سے حدیث رسول بیان کر رہا ہوں اور اس کے مقابل میں تم اپنی رائے پیش کر رہے ہو۔ اللہ کی قسم: میں اس زمین میں رہ نہیں سکتا جہاں تک تمہاری امارت (گورنری) ہے، اور مدینہ منورہ جا پہنچے، عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ابو الولید کیسے آنا ہوا؟ آپ نے قصہ بیان کیا، تو عمر رضی اللہ عنہ

[1] صحیح ابن خزیمہ: 1/75.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے کہا جہاں تھے وہیں چلے جاؤ، اللہ اس زمین کو اچھا نہ رکھے جہاں آپ جیسے لوگ نہ ہوں۔ پھر معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا کہ عبادہ بن صامت کے اوپر آپ کا کوئی زور نہیں اور جو انہوں نے کہا ہے: لوگوں کو اسی کا مکلّف کرو!''[1]

ابو معاویہ الضریر کہتے ہیں کہ میں امیر المؤمنین ہارون الرشید کے سامنے اعمش عن أبي صالح کی حدیث پڑھ رہا تھا:

جب بھی میں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتا تو وہ قال صلی اللہ علیہ وسلم سیدی ومولای کہتے، یہاں تک کہ آدم وموسیٰ علیہما السلام کی ملاقات اور احتجاج آدم وموسیٰ کی حدیث کا ذکر آیا[1] تو ھارون رشید کے کسی چچا نے جس کا نام یاد نہ رہا، کہا: کہ أبو محمد آدم اور موسیٰ کی ملاقات کہاں ہوئی تھی؟ سن کر ھارون رشید کو غصہ آیا، اور پوچھا: کہ حدیث میں یہ شبہ کس نے تمہارے دل میں ڈالا ہے؟ اور حبس میں ڈالنے کا حکم دیا۔ اور مجھے تحقیق کے لیے حبس میں اپنے حشم وخدم کے ذریعہ پہنچایا۔ تو ان کے چچا نے ایمان مغلظہ (گاڑھی قسم) کھا کر کہا کہ کسی سے کچھ نہیں سنا ہوں، خود میرے دل میں یہ بات آئی، کسی سے اس سلسلے میں میری کوئی بات نہیں ہوئی۔

امیر المؤمنین ہارون رشید کے پاس میں لوٹ کر گیا تو انہوں نے کہا: کہ وہ ضرور بتائے کہ کس شخص نے اس کے دل میں شبہ ڈالا ہے؟ میں نے کہا: امیر المؤمنین مغلظ قسموں سے اس نے کہا ہے کہ کسی سے میری بات نہیں ہوئی میرے ہی دل میں یہ بات آ گئی تھی پھر اس کو حبس سے نکالنے کا حکم دے دیا اور مجھ سے کہا: محمد! مجھے شبہ ہوا ہے کہ بعض ملحدین نے اس کو اس شبہ کی تلقین کی ہے۔ اس وجہ سے میں نے جاننا چاہا تا کہ اس کو قتل کر دوں۔ ورنہ مجھے

---

① سنن ابن ماجه، مقدمه، باب اتباع النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ص: ١٨۔ سنن الدارمی: 97/1.

② صحیح بخاری: 618/11، کتاب القدر، باب تحاج آدم و موسیٰ۔ صحیح مسلم، القدر، باب احتجاج آدم و موسیٰ.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یقین ہے ایک قریشی نسب کا آدمی بے دین نہیں ہوسکتا۔ ①

امام الصابونی نے ابھی س واقعہ کا ذکر کیا ہے۔ جس میں ذکر ہے کہ عیسیٰ بن جعفر نے یہ بات کہی تھی۔ ہارون رشید چونک پڑے !اور کہا: کہ وہ حدیث رسول کی روایت کرر ہے ہیں اورتم ''کیسے'' کہہ کراس کا معارضہ کرر ہے ہو؟ کئی باراس بات کو دہرایا پھر چپ ہوئے۔

اس کے بعد الصابونی لکھتے ہیں کہ اسی طرح ایک مسلمان کو احادیث رسول کی تعظیم کرنی چاہئے کہ اسے قبول کر کے اس کی تصدیق کرے۔اور جو بھی اس کے علاوہ راستہ چلے جیسے ہارون رشید نے اس شخص کے ساتھ اختیار کیا تھا جس نے حدیث صحیح پر اعتراض کیا تھا۔کہ اس کا انکار کیا اور اسے بعید سمجھا تو ایسے شخص کے اوپر سخت نکیر کرے۔یعنی سننے والے کو چپ نہ رہنا چاہیے۔

اور جس طرح دیگر احادیث رسول ﷺ کو قبول کیا جاتا ہے اسی طرح اس قسم کی احادیث کو بھی قبول کرے۔ ②

علامہ ذہبی نے بھی سیر أعلام النبلاء میں یہ واقعہ نقل کیا ہے۔جس میں ذکر ہے کہ ہارون رشید نے جلاد کو بھی بلالیا، چمڑا اور تلوار طلب کیا،اور کہا کہ یہ بے دین حدیث میں طعن کرر ہا ہے!ابو معاویہ کے توسط اور عذر کرنے سے وہ چپ ہوگئے۔ ③

اس حادثے سے یہ پتہ بھی چلتا ہے کہ ہارون رشید کے دور خلافت میں الحاد اور زندقہ (بے دینی) کا فتنہ سر اٹھا رہا تھا۔نیز بحمد اللہ ھارون رشید فتنوں کے سلسلے میں بہت ہی حساس رہے اور ان کا تعاقب کرتے رہے۔

---

① تاريخ الفسوى: 2/181-182۔ تاريخ بغداد:5/ 243، 244.

② عقيدة السلف اصحاب الحديث، ص :71، 72.　③ سير أعلام النبلاء : 9/288.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رہا یہ اعتراض کہ آدم وموسیٰ علیہما السلام کی ملاقات کہاں اور کیسے ہوئی؟ تو اس قسم کے اخبار و احادیث میں ایک مسلم کا رویہ یہ ہو کہ جہاں اس طرح کے مشتبہات سمجھ میں نہ آئیں تو انہیں بہرحال تسلیم و رضا کے ساتھ قبول کرلے۔

ابن عبدالبر کہتے ہیں کہ اس قسم کی حدیثوں میں تسلیم و رضا واجب ہے۔ اس میں کرید کرنا اچھا نہیں! کیونکہ اس قسم کا علم اور اس کی تفصیل ہمیں نہیں بتائی گئی۔

ظاہری بات یہ ہے کہ یہ واقعہ قیامت کے دن واقع ہوگا۔ جس کی خبر وحی کے ذریعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دی گئی۔ کیونکہ صحیح مسلم کی روایت میں ہے:

«اِحْتَجَّ آدَمُ وَمُوْسیٰ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ عِنْدَ رَبِّهِمَا.»

''کہ آدم وموسیٰ کی حجت اور گفتگو اللہ رب العالمین کے پاس ہوئی یا ہوگی۔''[1]

اسی طرح سنن ابی داؤد میں عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے، موسیٰ علیہ السلام نے کہا:

«یَارَبِّ أَرِنَا آدَمَ الَّذِی أَخْرَجَنَا وَنَفْسَهُ مِنَ الْجَنَّةِ، فَأَرَاهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ آدَمَ.»

''اے رب ہمیں آدم علیہ السلام کو دکھادے جنہوں نے اپنے کو اور ہم سب کو جنت سے نکالا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو دکھایا۔''[2]

اس لیے راجح بات یہی معلوم ہوتی ہے کہ یہ واقعہ آخرت میں پیش آئے گا۔[3] واللہ اعلم

اس بات پر خیرالقرون ہی کا اجماع و اتفاق ہو چکا ہے۔ کہ نص کتاب و سنت کا لینا

---

① صحیح مسلم: 2043/4، کتاب القدر، باب احتجاج آدم وموسیٰ.

② سنن ابوداؤد، ص: 705، کتاب السنة حدیث نمبر: 4702.

③ مزید دیکھیں: فتح الباری: 11/ 619، 620.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واجب ہے کسی کا کتنا بڑا درجہ ہو اس کے قول کی بنا پر قرآن و سنت کے نصوص کو نہیں چھوڑا جا سکتا۔ اس اجماع کو امام شافعی (متوفی ۲۰۴ھ) نے نقل کیا ہے، کہتے ہیں:

«قَدْ أَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلَى أَنَّ مَنِ اسْتَبَانَتْ لَهُ سُنَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَمْ يَكُنْ لَهُ أَنْ يَدَعَهَا لِقَوْلِ أَحَدٍ.»

حتی کہ سلف صالحین تابعی کے قول کو صحابی خصوصاً خلفاء راشدین کے قول پر بھی مقدم کرنے کے لیے راضی نہ ہوتے۔ ①

''ابن القیم رحمہ اللہ نے ھیثم بن جمیل سے ذکر کیا ہے کہ میں نے امام مالک سے کہا ابو عبداللہ ہمارے ہاں کچھ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے کتابیں لکھی ہیں۔ اور فلاں نے فلاں سے اس نے ابراہیم نخعی سے ایسی بات کی روایت کی ہے، اور ابراہیم نخعی ہی کی بات کو لیتا ہے۔ امام مالک نے سوال کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ کا قول صحیح سند سے انہیں ملا ہے میں نے کہا۔ کہ ہاں جس طرح ابراہیم نخعی سے بھی صحیح سند سے ثابت ہے۔ امام مالک نے کہا ان سے توبہ کرائی جائے۔''

نیز ابوداؤد نے ذکر کیا ہے، انہوں نے امام احمد بن حنبل سے کہا کہ امام اوزاعی امام مالک سے اتباع سنت میں آگے ہیں۔ امام احمد نے کہا: کہ اپنے دین کو ان میں سے کسی کے تابع نہ کرو! نبی کریم ﷺ اور صحابہ سے جو ملے اسے لے لو! تابعین کے اقوال میں آدمی کو اختیار ہے۔ ②

سنن دارمی میں قتادہ سے روایت ہے کہ ابن سیرین نے کسی آدمی سے حدیث رسول

---

① ایقاظ همم أولی الأبصار، ص:58.

② اعلام الموقعین: 183/2.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بیان کی تو کسی شخص نے کہا: کہ فلاں نے ایسا ایسا کہا ہے۔ اس پر ابن سیرین نے غصہ ہو کر کہا: کہ میں تم سے حدیث رسول بیان کر رہا ہوں اور تم فلاں فلاں نے ایسا ایسا کہا، کہہ رہے ہو؟ تم سے کبھی بات نہ کروں گا۔ [1]

یہی سنت تابعین اور تمام ائمہ مہدیین کی تھی، سنت رسول ان کے دلوں میں لوگوں سے زیادہ معظم و مکرم تھی، اس کی مخالفت پر صبر نہ کرتے۔

www.KitaboSunnat.com

[1] سنن الدارمی: 97/1.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 4

## تقلید کس کے لیے جائز اور کس کے لیے ناجائز ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس مسئلے میں یہی کہنا ہے کہ اللہ رب العزت نے اپنے دین کو کتاب وسنت کی صورت میں مکمل کردیا ہے۔اور صحابہ رسول ﷺ دین پر سب سے اولین ایمان لانے والے اور اکمل طریقہ سے اسلام اور ایمان پر عمل کرنے والے تھے۔یہ مقدس ہستیاں امام الائمہ محمد رسول اللہ ﷺ کے علاوہ کسی کے مقلد اور متبع نہ تھے۔ان کے بعد تابعین عظام وتبع تابعین وغیرہ بھی کتاب وسنت اور آثار صحابہ کے مطابق فتاویٰ کی اتباع کرتے تھے۔اس مبارک زمانہ میں کسی خاص شخص کی تقلید کے وجوب کا سوال ہی نہ تھا۔

نیز تقلید کی تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ تقلید شخصی نے قرون خیر کے بعد ہی سر اٹھایا،اس سے پہلے اس کا وجود نہ تھا۔اس لیے اُدلہ صحیحہ کی روشنی میں معلوم ہوتا ہے کہ علم وفقہ کے باب میں لوگوں کی کئی قسمیں ہیں۔

1: بڑے علماء جو امت کے اندر مجتہد کے لقب سے جانے جاتے ہیں جنہیں عام علماء اور طلبۃ العلم ان کے علم وفضل کی بنا پر جانتے ہیں۔

2: متوسط طبقے کے علماء جنہوں نے تفسیر وحدیث اور عقیدہ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہو، انہیں صحیح وضعیف دلیلوں کی پہچان اور تمیز پر قدرت ہو۔

3: عامۃ الناس جو دلیلوں کو جان نہیں سکتے اور نہ ہی وسیع علم کا سیکھنا ان پر واجب ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جیسا کہ اپنی کتاب ''اتباع'' میں اس مسئلے کو میں نے تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

تو پہلی قسم کے علماء کے لیے کسی کی تقلید جائز نہیں۔ الاّ یہ کہ بعض مسائل میں تلاش بسیار واجتہاد کثیر کے باوجود مسئلہ کا حکم معلوم کرنے سے عاجز رہے، تو ایسی حالت میں جس عالم سے ان کا دل مطمئن ہو اس کی تقلید کر لیں۔

دوسری قسم کے علماء کے لیے بھی کسی کی تقلید جائز نہیں! ضروری ہے کہ وہ ادلہ کو سمجھیں نیز علماء کے فتاویٰ کو بالدلیل سمجھ کر راجح مسئلے پر عمل کریں۔ البتہ پہلی قسم کے علماء کی طرح اگر انہیں دلیل نہ مل سکی تو کسی بھی امام کی تقلید کر لیں۔

رہے تیسری قسم کے وہ عوام الناس جنہیں دلیلوں کا علم نہیں ان کے لیے جائز ہے کہ پہلی دونوں اقسام کے علماء سے جو علم و صلاح وتقویٰ میں معروف ہوں ان سے مسئلہ پوچھ لیں کسی خاص شخص یا خاص مذہب کی شرط نہ ہو اور اس عالم کی تقلید کریں۔

علامہ ابن تیمیہ علماء کے اُقوال کو نقل کرنے کے بعد اپنی درست رائے کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں: ''جمہور امت کا یہ قول ہے کہ فی الجملہ اجتہاد اور فی الجملہ تقلید جائز ہے۔ ہر ایک شخص پر فرداً فرداً اجتہاد کو واجب اور تقلید کو حرام نہیں کہتے اور نہ ہی ہر ایک پر تقلید کو واجب اور اجتہاد کو حرام کہتے ہیں۔

جمہور کا کہنا ہے: کہ اجتہاد کی قدرت رکھنے والے پر اجتہاد واجب ہے اور اجتہاد سے عاجز کے لیے تقلید جائز ہے۔

لیکن اجتہاد پر قدرت رکھنے والے کے لیے کیا تقلید جائز ہے؟ اس میں اختلاف تو ہے لیکن صحیح مسئلہ یہ ہے کہ اس کے لیے تقلید ایسی جگہ پر جائز ہے جہاں دلیلوں کی برابری یا وقت کی تنگی یا دلیل کے غموض کی صورت میں اجتہاد سے عاجز ہو، تو اجتہاد کا وجوب اس سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ساقط ہوگیا اور تقلید کرنا اس کے لیے جائز ہوگیا۔ جیسے کہ پانی نہ ملنے یا پانی کے استعمال کی طاقت نہ ہونے کی صورت میں پانی کے بدلے تیمّم سے طہارت حاصل کرنا جائز ہے۔''[1]

علامہ ابن تیمیہ کے قول میں یا تیسری قسم میں عوام کی تقلید کا جو ذکر آیا ہے۔

درحقیقت یہ اتباع ہے۔ کیونکہ عامی نے اس وقت:

﴿فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○﴾ [2]

یعنی ''جاننے والوں سے پوچھ لو اگر تمہیں علم نہیں۔''

کے حکم پر عمل کیا۔ لیکن اگر اصطلاحی طور پر اس کا نام تقلید ہی رکھا جائے تو کوئی حرج نہ ہونا چاہیے۔

ابن خویز منداد کا قول گزر چکا ہے۔ لگتا ہے انہوں نے اسی قسم کی تقلید کو اتباع کا نام دیا ہے، کہتے ہیں: ''جس کسی کے قول کی اتباع (جس کا قول بلا دلیل واجب القبول نہیں ہے) وہ اتباع نہیں تقلید ہے۔ اللہ کے دین میں تقلید حرام ہے اور جس کسی کے قول کی اتباع کے لیے دلیل ہو تو اس کی پیروی اتباع ہے۔ اور دین میں اتباع جائز اور تقلید ممنوع ہے۔''[3]

اس قسم کے لوگوں کے لیے بھی کسی حالت میں جائز نہیں کہ جن کے بارے میں علم ہے کہ ان سے علم اور فتویٰ نہیں لیا جائے گا ان کی تقلید کریں۔

اسی طرح دلیل ظاہر ہو جانے اور حجت قائم ہو جانے اور مفتی کے قول کے خلاف حق ظاہر ہو جانے کے بعد بھی تقلید جائز نہیں، ایسی جگہوں پر تقلید کی صورت میں مقلد آدمی اللہ

---

① مجموعه فتاوی ابن تیمیه: 204/2و 263/19و 388/28 .

② الانبیاء:7 .

③ جامع بیان العلم وفضله: 993/2 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور رسول کا نافرمان ہوگا۔ ①

ایسے مقلد کی اللہ رب العزت نے سخت مذمت فرمائی ہے۔ جو آباء واجداد کے فعل کے خلاف حجت قائم ہو جانے کے بعد بھی انہی کی تقلید کرتا ہے۔

علامہ ابن عبد البر کہتے ہیں۔ قرآن کریم میں کئی جگہوں پر اللہ تعالیٰ نے تقلید کی مذمت فرمائی ہے۔ ارشاد فرمایا:

﴿ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ﴾ ②

''ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے علماء اور راہبوں کو رب بنالیا''

پھر حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ وغیرہ کی روایت کا ذکر کیا، کہ انہوں نے اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہیں کی تھی، بلکہ انہوں نے حلال وحرام میں ان کی پیروی کی تھی۔ اسی طرح عدی بن حاتم کی روایت کا بھی ذکر کیا۔

عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس حالت میں حاضر ہوا کہ میری گردن میں صلیب لٹک رہی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عدی! «أَلْقِ هٰذَا الْوَثَنَ مِنْ عُنُقِكَ» ''اپنی گردن سے یہ بت نکال پھینکو!'' اور میں آپ تک پہنچا تو آپ سورۃ التوبۃ کی تلاوت فرما رہے تھے۔ جب اس آیت پر پہنچے:

﴿ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ﴾ ③

کہ ''ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے علماء اور راہبوں کو رب بنالیا''

تو میں نے کہا: اللہ کے رسول! ہم نے انہیں رب نہیں بنایا ہے، آپ نے فرمایا: کیوں

① اعلام الموقعین: 447/3، اور دیکھیں: مجموعہ فتاویٰ ابن تیمیہ: 20/ 15، 16۔
② التوبۃ: 31۔ ③ التوبۃ: 31۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں کیا یہ بات نہیں؟ کہ جس حرام چیز کو وہ حلال کر دیتے تم اسے حلال جانتے اور جس حلال چیز کو حرام کر دیتے تم اسے حرام جانتے ؟ تو میں نے کہا: ''ہاں'' یہ بات تو ہے تو آپ نے فرمایا: کہ یہی ان کی عبادت ہوئی۔ ①

اسی طرح تقلید کی مذمت میں کچھ اور آیتوں کا ذکر کر کے کہا کہ اس طرح کی آیتیں قرآن کریم میں بہت ہیں جن میں آباء اور بڑے لوگوں کی تقلید کی مذمت ہے۔

پھر کہا: کہ علماء کرام نے ان آیات سے تقلید کے ابطال پر احتجاج کیا ہے، وہ لوگ اگر چہ کافر تھے اور آیتیں انہی کے متعلق ہیں اس کے باوجود ان سے استدلال کیا ہے کیونکہ ان میں ایک کے کفر اور دوسرے کے ایمان کی حیثیت سے تشبیہ نہیں دی گئی ہے۔ بلکہ مقلد کی بغیر دلیل کے تقلید اور کفار کی تقلید میں تشبیہ ہے۔

جیسا کہ کوئی کسی کی تقلید کفر میں کرے دوسرا کسی کی تقلید میں گناہ کرے، کوئی دنیا کے کسی معاملے میں تقلید کر کے غلطی کرے ان میں سے ہر ایک بغیر دلیل کے تقلید کرنے میں مستحق ملامت وسرزنش ہوا، کیونکہ یہ سب تقلیدیں ایک دوسری جیسی ہیں اگر چہ گناہ کے درجات مختلف ہوں اور جب تقلید باطل ہوئی تو پھر اصول یعنی کتاب وسنت اور جو ان سے مستنبط مسائل ہیں، ان کی اتباع واجب ہوئی۔

اس کے بعد ابن عبدالبر نے مرفوع وغیر مرفوع ان بعض آثار کا ذکر کیا ہے جن میں عالم کی غلطی اور لغزش کے امکان کا ذکر ہے، اور کہا ہے کہ:

''جب یہ بات حق ہے کہ عالم غلطی کر سکتا ہے تو کسی کے لیے جائز ہی نہیں کہ کسی ایسے قول کے مطابق فتویٰ دے یا اس پر عمل کرے جب تک اس کی دلیل کا علم نہ ہو!

① سنن الترمذی، ص:694، حدیث نمبر: 3095۔ السنن الکبری للبیهقی: 116/1۔ الفقیه والمتفقه:66/2.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پھر ذم تقلید میں کچھ سلف کے اقوال نقل کیے اور کہا: کہ ہر فہم رکھنے والے اور ہدایت یاب شخص کے لیے ان سب ادلہ سے تقلید کی نفی اور اس کا ابطال ثابت ہوتا ہے۔

اس کے بعد کہا: تقلید کی نفی عوام کے حق میں نہیں، علماء کے حق میں ہے۔ عوام کے لیے مسائل میں اپنے علماء کی تقلید لابدی چیز ہے۔ کیونکہ عوام دلیل کو جان نہیں سکتے اور نہ ہی سمجھ سکتے ہیں۔ کیونکہ علم کے کئی مراتب و درجات ہیں، اعلیٰ مرتبے پر پہنچنے کے لیے اُدنیٰ درجات کا سیکھنا ضروری ہے اور عوام الناس قاصر ہیں۔ اور علماء کا اتفاق ہے کہ عوام پر اپنے علماء کی تقلید واجب ہے، یہی علماء اس آیت میں مراد ہیں:

﴿ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ ﴾ ①

''یعنی'' جاننے والوں سے پوچھ لو اگر تمہیں علم نہیں۔''

اسی طرح علماء کا اجماع ہے کہ اندھے کے اوپر اگر قبلہ مشتبہ ہو گیا ہو تو قبلہ کو جاننے کے لیے کسی ثقہ او اعتماد کے آدمی کی تقلید ضروری ہے۔ اسی طرح جس کو دین کا علم نہیں عالم کی تقلید اس پر ضروری ہے۔

نیز علماء کا اتفاق ہے کہ عوام کو فتویٰ دینا جائز نہیں کیونکہ جس سے حلال و حرام کو جانا جا سکتا ہے اس سے عوام کورے ہوتے ہیں۔'' ②

① الانبیاء:7.
② جامع بيان العلم وفضله: 975/2، 989- مزید دیکھیں: الفقيه والمتفقه: 68/2- اعلام الموقعين:447/3 وما بعدها.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 5

## کیا ایک مسلمان پر کسی خاص مذہب کی تقلید لازم ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کا جواب یہ ہے کہ عالم ہو یا عامی کسی مسلمان کے لیے جائز ہی نہیں کہ ہر مسئلے میں وہ کسی ایک امام کے تمام منقول اقوال کی اتباع کرے، چہ جائیکہ اسے واجب کہا جائے۔ وجوب کے قول کی کتاب وسنت سے کوئی دلیل نہیں بلکہ اس کے خلاف دلیل قائم و ثابت ہے۔

کیونکہ اسے واجب کہنے اور اس کو واجب سمجھ کر عمل کرنے میں بسا اوقات اللہ اور رسول کی مخالفت کا خطرہ ہے۔

پھر ائمہ کی طرف بہت سے اقوال کی نسبت صحیح نہیں معلوم ہوتی۔

اگر نسبت صحیح بھی ہو مگر نصوص کتاب وسنت کے خلاف ہوں تو ان کا ترک اور رجوع الی الکتاب والسنہ واجب ہوگا۔

یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کے لیے استدلال کی ضرورت یہاں نہیں ہے۔ میں نے اپنی کتاب ''الاتباع'' میں ان دلیلوں کا مبسوط ذکر کیا ہے۔

علامہ ابن تیمیہ سے پوچھا گیا! کیا فرماتے ہیں علماء کرام اور ائمہ دین رحمہم اللہ اس مسئلے میں کہ کسی آدمی سے سوال کیا گیا کہ تمہارا کیا مذہب ہے؟

تو اس نے جواب میں کہا: کہ میرا مذہب محمدی ہے، کتاب اللہ اور سنت رسول کی اتباع

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہوں، تو اس سے کہا جاتا ہے، کہ ہر مسلمان کو چاہئے کہ کسی مذہب کی پیروی کرے! اور جس کا کوئی مذہب نہیں وہ شیطان ہے۔

اس نے جواب میں کہا: تو بتاؤ کہ ابوبکر صدیق اور ان کے بعد کے خلفاء رضی اللہ عنہم کا کیا مذہب تھا؟ پھر بھی اس سے کہا گیا کہ ان مذاہب میں سے کسی نہ کسی مذہب کی اتباع ضروری ہے تو آپ فرمائیں! کہ ان دونوں میں سے کس کی بات صحیح ہے؟ فتویٰ دے کر اجر حاصل کریں!

شیخ الاسلام نے جواب دیا: بے شک لوگوں پر اللہ و رسول اور اولیاء اُمور (علماء اور حکام) کی اطاعت واجب ہے۔ فرمان الٰہی ہے:

﴿ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ ﴾ ①

''اللہ اور رسول اور اولیاء اُمور کی اطاعت کرو!'' اولیاء امور کی اطاعت مستقل نہیں بلکہ اللہ اور رسول کی اطاعت کے تابع ہے۔''

پھر فرمایا:

﴿ فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴾ ②

''اگر تم لوگ کسی چیز میں اختلاف کرو، تو تمہارے ایمان باللہ والیوم الآخر کا تقاضہ ہے کہ اسے اللہ اور رسول ﷺ کی طرف لوٹا دو۔ یہی تمہارے انجام و عاقبت کے لیے بہتر ہے۔''

① النساء:59.

② النساء: 59.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور مسلمان کو جب کوئی مسئلہ درپیش ہو جائے تو اسے اس عالم سے دریافت کرنا ہے جس کے بارے میں لوگوں کا اعتقاد ہے کہ وہ اللہ کی شریعت سے فتویٰ دیتا ہے، مفتی کسی بھی مذہب کا ہو اور کسی مسلمان پر کسی شخص معین کے مذھب کا التزام واجب نہیں۔

صرف رسول اللہ ﷺ ہی کے اوامر و اخبار کا التزام واجب ہے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ کے علاوہ ہر ایک کی بات کو لیا جا سکتا ہے اور چھوڑا بھی جا سکتا ہے۔

البتہ کسی بھی شخص کے لیے شریعت کے نا جاننے سے عاجز ہونے کی بنا پر کسی خاص شخص کے مذہب کی اتباع جائز ہے۔ پھر بھی اگر اس خاص مذہب کے علاوہ کسی اور ذریعہ سے شریعت کے جاننے کا امکان ہو تو پہلے شخص کی اتباع واجب نہیں۔ ہر ایک پر واجب ہے کہ حسب استطاعت اللہ سے ڈرے اور اللہ اور رسول کے احکام کو تلاش کرے، مامورات پر عمل کرے اور ممنوعات سے بچے۔ ①

امام ابن تیمیہ سے سوال کیا گیا کہ کسی حنفی آدمی نے صلاۃ پڑھی، نیت چپکے سے کی اور ہر تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھاتا رہا؟ تو حنفی فقیہ نے کہا: کہ تمہارے یہ سب اعمال جائز نہیں! تم نے بدعت کیا، تم مذبذب ہو، نہ اپنے امام کی اقتدا کی، نہ مذہب کی۔

سوال یہ ہے کہ اس کے اس فعل سے اس کی صلاۃ میں نقص ہوا؟ اور کیا سنت اور امام کی مخالفت ہوئی؟

شیخ الاسلام نے خاص اس مسئلے کا جواب دینے کے بعد کہا ہے کہ اگر کوئی مذاہب اربعہ میں سے کسی کا متبع ہے مگر بعض مسائل میں اس نے دیکھا کہ دوسرا مذہب زیادہ قوی ہے۔ اور اس کی اتباع کر لی تو اس نے اچھا کیا۔ یہ کام بلا نزاع اس کے دین اور دیانت میں

① فتاویٰ ابن تیمیہ:2/ 208، 209و 20/ 8، 9و 21/ 211و 16/ 69، 70۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قادح نہ ہوگا بلکہ وہی حق پر ہے ، اور اللہ اور اس کے رسول کے یہاں نبی کریم ﷺ کے تعصب کے علاوہ کسی ایک کے لیے تعصب کرنے والے سے زیادہ محبوب ہے۔ جیسے کوئی مالک، شافعی، احمد، ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب پر تعصب کرتا ہے اور اس کا عقیدہ ہے کہ اس خاص امام ہی کا قول درست ہے دوسرے امام کا قول صحیح نہیں۔ جو ایسا کرتا ہے وہ جاہل ،گمراہ ہے بلکہ کبھی کافر بھی ہوسکتا ہے۔ کیونکہ جب اس کا یہ عقیدہ ہے کہ سب لوگوں پر ائمہ میں سے صرف خاص ایک ہی امام کی اتباع واجب ہے دوسرے کسی کی نہیں تو اس سے توبہ طلب کی جائے۔ اگر توبہ نہیں کرتا ہے تو قتل کر دیا جائے۔

اس مسئلہ میں زیادہ سے زیادہ یہی کہا جائے گا۔ کہ جائز یا مناسب ہے کہ عامی کے اوپر کسی ایک کی تقلید واجب ہے لیکن بعینہٖ کسی ایک کی تقلید زید وعمرو جیسے کی واجب ہر گز نہیں۔ کوئی یہ کہے کہ عوام پر فلاں اور فلاں کی تقلید واجب ہے تو یہ بات ایک مسلمان کی بات نہیں۔ [1]

واضح ہو کہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے کفر اور توبہ طلب کرنے یا قتل کرنے کا جو فتویٰ دیا ہے، تو یہ فتویٰ اس شخص کے اوپر ہے جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ لوگوں پر کسی نہ کسی ایک ہی امام کے تمام اقوال کی اتباع واجب ہے۔ کیونکہ یہ منصب صرف رسول اللہ ﷺ کا ہے اور جس نے اس کے خلاف عقیدہ رکھا تو اس نے اپنے امام کو نبی کریم کا درجہ دے دیا۔

اسی وجہ سے امام رحمہ اللہ کو سخت غصہ آیا اور مذکورہ حکم شرعی صادر کیا۔ شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ نے بھی بعینہٖ اسی طرح کی بات کہی ہے۔

[1] مجموعہ فتاویٰ شیخ الاسلام: 20/ 208، 209، اسی طرح دیکھیں: 20/ 8، 9 و 21/ 211 و 16/ 69، 70.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



«وَأَشْهَدُ لِلّٰهِ وَبِاللّٰهِ أَنَّهُ كَفَرَ بِاللّٰهِ أَنْ يَّعْتَقِدَ فِيْ رَجُلٍ مِنَ الْأُمَّةِ مِمَّنْ يُخْطِئُ وَيُصِيْبُ أَنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيَّ اِتِّبَاعَهُ حَتْمًا ، وَأَنَّ الْوَاجِبَ عَلَيَّ هُوَالَّذِيْ يُوْجِبُ هٰذَا الرَّجُلُ عَلَيَّ ، وَلٰكِنَّ الشَّرِيْعَةَ الْحَقَّةَ قَدْ ثَبَتَتْ قَبْلَ هٰذَا الرَّجُلِ بِزَمَانٍ.»

''اللہ کے لیے اور اللہ کی گواہی دیتا ہوں کہ میں یہ عقیدہ رکھنا کفر سمجھتا ہوں کہ ایک ایسا آدمی جس سے خطا اور صواب دونوں سرزد ہوسکتے ہیں وہ جو مجھ پر واجب کرے وہ واقعی واجب ہوگا۔شریعت حقہ تو اس بزرگ سے بہت پہلے ثابت ہوچکی ہے۔''①

ابن تیمیہ رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کسی شخص نے مذاہب اربعہ میں سے کسی مذہب پر فقہ کی بصیرت حاصل کی ،اس کے بعد حدیث رسول ﷺ پڑھی تو اسے معلوم ہوا کہ وہ مذہب کئی صحیح احادیث جن کا کوئی ناسخ مخصص یا معارض نہیں ہے ان کے خلاف ہے۔تو کیا ایسی حالت میں اس کا مذہب پر عمل کرنا جائز ہے،یا مذہب سے اختلاف کرکے صحیح احادیث پر عمل کرنا اس کے لیے واجب ہے؟ آپ نے جواب دیا:

الحمد للہ! کتاب وسنت اور اجماع امت سے یہ چیز ثابت ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے مخلوق پر اپنی اطاعت اور اپنے رسول ﷺ کی اطاعت کو فرض کیا ہے۔رسول اللہ ﷺ کے علاوہ امت پر کسی خاص شخص کی ہر امر ونہی میں اتباع کو واجب نہیں کیا ہے۔

یہاں تک کہ اس امت کے صدیق (ابوبکر) نبی کریم ﷺ کے بعد سب سے افضل نے بھی کہہ دیا تھا:

① تفہیمات: 211/1 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



«أَطِيْعُوْنِي مَاأَطَعْتُ اللّٰهَ، فَإِذَا عَصَيْتُ اللّٰهَ فَلَا طَاعَةَ لِيْ عَلَيْكُمْ.»

''کہ جب تک میں اللہ کی اطاعت کروں اس وقت تک میری اطاعت کرو! اگر میں اللہ کی نافرمانی کروں تو تمہارے اوپر میری اطاعت نہ واجب ہے نہ جائز۔''

اس بات پر امت کا اتفاق ہے۔ کہ کوئی بھی نبی ﷺ کے علاوہ اپنے اَمر اور نہی میں معصوم اور بے خطا نہیں ہے۔

ہمارے ائمہ اربعہ رحمہم اللہ نے بھی اپنی ہر بات کی تقلید کرنے سے روکا ہے۔ اور یہی ان پر واجب بھی تھا۔

پھر امام رحمہ اللہ نے ائمہ اربعہ کے اقوال نقل کئے۔ اور دیگر بعض دلائل کا ذکر کر کے کہا: کہ جو کسی مذہب سے متعلق ہے اس کے لیے کسی خاص امام کی تقلید واجب نہیں! پھر کہا:

اگر یہ دروازہ کھول دیا جائے تو اللہ ورسول کے حکم کا چھوڑنا واجب ہو جائے گا۔ اور ہر امام اپنے مقلدین کے درمیان اس طرح ہو جائے گا جس طرح کسی نبی وعلیٰ نبینا ﷺ کا رتبہ اپنی امت کے درمیان ہوتا ہے۔

اس صورت میں دین کو بدلنا ہو جائے گا۔ اور اللہ رب العزت نے جس چیز کی بنا پر نصاریٰ کی مذمت کی ہے اس کے مشابہ ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝﴾ [1]

---

[1] سورۃ التوبہ:31۔ مجموعہ فتاویٰ ابن تیمیہ: 210/2، 211۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامہ ابن قیم نے ایک سوال کا ذکر کیا اور پھر اس کا جواب لکھا ہے۔ کہتے ہیں کہ کیا عام آدمی پر مذاہب معروفہ میں سے کسی مذہب کا اختیار والتزام لازم ہے؟

کہتے ہیں کہ اس مسئلے میں دو رائیں ہیں۔

ایک یہ کہ کسی کو کسی مذہب کا التزام لازم نہیں اور یہی رائے درست ہے۔ کیونکہ واجب وہی چیز ہوسکتی ہے جس کو اللہ ورسول نے واجب کیا ہو اور اللہ و رسول نے کسی پر کسی آدمی کے مذہب کے اختیار کرنے کو اور اس کی تقلید کو واجب نہیں کیا ہے۔ خیر القرون کے لوگ نسبت مذہب سے پاک اور بری تھے۔

بلکہ عامی کو حق نہیں کہ کسی مذہب کا اختیار کرے۔ اس کا کوئی مذہب نہیں، کیونکہ مذہب تو اس کا ہوتا ہے جسے مذہب کے بارے میں کچھ شد بود ہو۔ اور جس نے مذہب کی کتاب پڑھی ہو، اپنے امام کے فتاویٰ اور اقوال سے باخبر ہو، جو اس کی مطلق اہلیت نہ رکھتا ہو تو محض کہہ لینے سے وہ شافعی اور حنبلی نہیں ہوسکتا، جس طرح اپنے کو فقیہ یا نحوی یا کاتب کہہ لینے سے اس صفات سے متصف نہیں ہوسکتا۔

اس کی وضاحت یہ ہے کہ اپنے کو شافعی یا مالکی یا حنفی کہنے والے کا دعویٰ ہوتا ہے کہ وہ اس امام کے طریقے پر چلتا ہے، یہ دعویٰ اس وقت صحیح ہوتا جب وہ امام کے علم و فقہ اور اصول استدلال پر چلتا۔ مگر امام کے علم اور ان کی علمی سیرت اور طریقہ استدلال سے نابلد ہوتے ہوئے محض دعویٰ کر لینے سے یہ انتساب کیونکر صحیح ہوگا۔

اس لیے عامی کے لیے کسی مذہب کا تصور نہیں کیا جاسکتا اور اگر کوئی تصور بھی کر لے تو اسے یا کسی کو کسی ایک امام کے مذہب اور تمام اقوال کا لینا لازم نہیں۔

امت میں تقلید ایک بری بدعت ہے اس کے اختیار کرنے کا کسی امام نے حکم نہیں دیا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ وہ اللہ اور رسول کے بارے میں زیادہ جاننے والے تھے۔ ان کا مرتبہ اس سے بہت اونچا ہے کہ کسی کو کسی مذہب کا پابند کریں۔

اللہ اکبر! مقام تعجب ہے۔ کہ صحابہ رسول، تابعین، اتباع تابعین اور تمام ائمہ اسلام کے مذاہب مٹ گئے، اور پوری امت اور فقہاء امت کے درمیان صرف چار ہی ائمہ کے مذاہب رہ گئے؟ کیا یہ بات کسی امام نے کہی ہے؟ یا اس کی طرف دعوت دی ہے یا ان کے کلام کا ایک لفظ ہی اس پر دلالت کرتا ہے؟

جس چیز کو اللہ رب العزت نے صحابہ، تابعین اور اتباع تابعین پر واجب کیا تھا وہی چیز قیامت تک آنے والوں پر واجب کی ہے۔ واجب اور فرض کی کیفیت اس کی مقدار، قدرت یا عدم استطاعت کی بنا پر زمان و مکان یا خاص حالت کی بنا پر بھلے ہی بدل جائے، لیکن اصل واجب کسی طرح نہیں بدل سکتا۔

عامی کے لیے مذہب ثابت کرنے والے کہتے ہیں کہ اس کا عقیدہ ہوتا ہے کہ وہ جس مذہب کی طرف انتساب کر رہا ہے وہی حق ہے، اور اسی کے اوپر عمل واجب ہے۔

ان کا یہ کہنا اگر صحیح مان لیا جائے، تو اس سے یہ لازم آتا ہے کہ اس عامی کے لیے دوسرے مذہب کے لوگوں سے فتویٰ پوچھنا حرام ہوگا۔ دوسرے مذہب کو لینے کو حرام کرنا فاسد خیال ہے۔ بلکہ اس سے یہ بھی لازم آتا ہے کہ دوسرے امام کے ساتھ اگر سنت رسول یا خلفاء اربعہ کا قول ہو، انہیں بھی اپنے امام کے قول کے سامنے چھوڑ دے۔

اس وجہ سے عامی کے لیے ہر کسی مذہب کے مفتی سے فتویٰ لینا جائز ہے۔ اس پر یا خود مفتی پر فرض نہیں کہ ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک کے مذہب کا پابند رہے۔ اس بات پر امت کا اجماع ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسی طرح کسی عالم پر واجب نہیں کہ صرف اپنے شہر کے یا کسی اور شہر کے لوگوں ہی کی حدیث کا پابند رہے۔ جہاں سے بھی صحیح حدیث مل جائے یمن، حجاز، شام مصر یا عراق سے ہو! اس پر عمل واجب ہے۔ [1]

ابن ابی العز حنفیؒ کہتے ہیں:

جس مسئلے میں دلیل ظاہر نہ ہوئی اس میں کسی نے کسی خاص امام کی تقلید کی تو یہ جائز ہے بلکہ ضرورت کے وقت واجب ہوگی۔ جب مسئلہ سامنے ہو اور اللہ کا حکم نہ جان سکے اور کوئی اس امام کے قول کا مخالف بھی نہ ہو۔

اور امام کی تقلید دلیل ظاہر ہونے کے بعد کی تو یہ تقلید نہ ہوگی بلکہ دلیل کی اتباع ہوئی۔ ہاں اگر نیت امام ہی کی تقلید ہو دلیل کی اتباع کی نیت نہ ہو تو مقلد ہوگا کیونکہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

اور اگر امام کے قول کے خلاف دلیل ظاہر ہوتے ہوئے امام کی تقلید کی، یا خود دلیل کو دیکھ مسئلہ کو سمجھ سکتا ہے اس کے باوجود تقلید کی تو یہی مذموم تقلید ہے کیونکہ اس قسم کا مقلد ان لوگوں کے زمرہ میں داخل ہے جنہوں نے کہا تھا:

﴿ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓی اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓی اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴾ [2]

”کہ ہم نے اپنے آباء واجداد کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم تو انہیں کی اقتداء کریں گے۔“

نیز ان لوگوں میں سے ہوگا جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

---

(1) اعلام الموقعین: 6/203، 205۔

(2) الزخرف:23۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ وَ إِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَآ أَنزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَآءَنَا ط ﴾ ①

”کہ جب ان سے کہا جاتا ہے اللہ نے جو حکم نازل فرمایا ہے اس کی اتباع کرو تو کہتے ہیں کہ ہم تو اپنے آباء واجداد ہی کے طریقے کی اتباع کریں گے۔“②

مزید کہا ہے: کہ تعصب دو قسم کا ہے۔

ایک یہ کہ آدمی نبی ﷺ کے علاوہ مالک، ابوحنیفہ، شافعی اور احمد میں سے کسی ایک کے مسلک پر تعصب کرے اور یہ سمجھے کہ دوسرے ائمہ کے علاوہ انہی امام کا قول صواب اور لائق اتباع ہے، تو وہ جاہل اور گمراہ ہے۔

اور اگر یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ دوسرے ائمہ کے علاوہ صرف اسی امام کی تقلید تمام لوگوں پر واجب ہے تو اس کے لیے بڑے خطرے کا خوف ہے۔

کیونکہ اس بات پر امت کا اجماع ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے علاوہ کسی شخص کی ہر بات کی اطاعت فرض نہیں! بلکہ زیادہ سے زیادہ یہی کہا جا سکتا ہے کہ عامی کے لیے جائز ہے یا واجب ہے کہ ائمہ میں سے کسی مخصوص امام کی تعیین کے بغیر اس کی تقلید بوقت ضرورت کرلے۔ اگر کوئی کہے کہ امت مسلمہ پر فلاں اور فلاں کی تقلید واجب ہے تو یہ خوفناک بات ہے تو جو شخص ائمہ میں سے کسی ایک کے لیے تعصب برتتا ہے تو وہ اسی شخص کی طرح ہے جو کسی ایک صحابی رضی اللہ عنہ کے لیے تعصب کرتا ہے جس طرح ایک رافضی خلفاء میں سے صرف علی رضی اللہ عنہ کے لیے تعصب رکھتا ہے، یقیناً یہ ہویٰ اور خواہش پرستی کا طریقہ ہے۔ ③

① البقرۃ: 170۔ ② الاتباع: ص 23۔
③ الاتباع: ص 79، 80۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بدرالدین الزرکشی (794،745) کہتے ہیں: کہ سوال یہ ہے کہ کیا عامی کے اوپر ہر مسئلے میں کسی خاص مذہب کا تمسک لازم ہے؟

پھر انہوں نے وجوب اور عدم وجوب کے دونوں اقوال کو نقل کر کے کہا:

بعض خلفاء نے امام مالک کے زمانے میں اسلامی ملک میں لوگوں کو امام مالک کے مذہب پر مجبور کرنے کا عزم کرلیا تھا، لیکن امام مالک نے انہیں اس عزم کی تکمیل سے منع کر دیا تھا۔ اور دلیل میں کہا کہ اللہ رب العزت نے بلاد اسلامیہ میں علماء کو منتشر کر کے ان کے علم کو پھیلا دیا ہے۔

تو دیکھئے امام مالک لوگوں کو ایک مذہب کا مکلف کرنے پر راضی نہ ہوئے۔

حالانکہ ان کا رتبہ یہ تھا کہ لوگ کہتے تھے «لَا يُفْتِيْ وَمَالِكٌ بِالْمَدِيْنَةِ»

''کہ امام مالک کے ہوتے ہوئے مدینہ میں کوئی فتویٰ نہ دے۔''

بعض حنابلہ نے ذکر کیا ہے کہ یہی امام احمد کا بھی مذہب ہے آپ نے اپنے بعض تلامذہ سے کہا کہ اپنی رائے پر کسی کو مجبور نہ کرو! کہ وہ تنگی میں پڑ جائیں گے لوگوں کو چھوڑ دو! لوگوں کے مذاہب سے رخصت لیں۔

طلاق کا کوئی مسئلہ آپ سے پوچھا گیا، تو آپ نے کہا: کہ طلاق واقع ہو جاتا ہے۔ کسی نے کہا: اگر کسی نے فتویٰ دیا کہ نہیں واقع ہوتا، کہا: ہاں یہ بھی جائز ہے، اور رصافہ میں اہل مدینہ کے حلقے کو بتایا اور سائل نے کہا: کہ اگر وہ جائز ہونے کا فتویٰ دے تو جائز ہے۔ کہا: کہ ہاں۔ [1]

ائمہ کے اس طرح کے بہت سے اقوال ائمہ کی کتابوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ تفصیل

[1] البحر المحیط: 6:319۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے لیے ملاحظہ کریں ابن عبدالبر کی «جامع بیان العلم وفضلہ»، شاطبی کی «الاعتصام» اور «الموافقات»، العزابن السلام کی «قواعد الآحکام»، ابن أبي العز حنفی کی «الاتباع»، ابن القیم کی «اعلام الموقعین عن رب العالمین» ابوشامہ مقدسی کی «خطبہ الکتاب المؤمل للرد الی الامر الاول»، شوکانی کی «القول المفید»، شاہ ولی اللہ الدھلوی کی «الانصاف»، شنقیطی کی «اضواء البیان» میں «افلا یتدبرون القرآن» کی تفسیر کے تحت، علامہ البانی کی «کتاب صفة صلاة النبی ﷺ» کا مقدمہ، «بدعة التعصب المذهبی»، عید عباسی کی وغیرہ «رحم الله الجمیع احیائهم وأمواتهم»۔

اس کے بعد میرا یہ کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو دین کامل دے کر خاتم النبیین بنا کر بھیجا، اس دین کے ذریعہ لوگوں پر اپنی نعمت کا اتمام فرمایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ مجھ سے پہلے جتنے انبیاء تھے سب پر واجب تھا کہ اللہ نے جو بھی خیر کی بات انہیں بتائی ہے وہ اپنی امت کو بتادیں اور جو شر ان کو معلوم ہے اس سے امت کو ڈرادیں۔ اور تمہاری اس امت میں پہلے لوگوں کے ساتھ اللہ نے عافیت رکھی ہے۔ مگر آخر کے لوگوں کو شخصی مصائب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہیں ایسے امور سے دوچار ہونا پڑے گا جن کو تم ناپسند کرتے ہو۔ فتنوں کا سلسلہ ایسا ہوگا کہ دوسرا فتنہ پہلے فتنوں کو ہلکا کر دے گا۔

فتنہ آئے گا مومن کہے گا کہ یہ تو مجھے ہلاک کر کے چھوڑے گا۔ پھر دور ہو جائے گا اور دوسرا فتنہ آئے گا۔ پھر تیسرا ہر ایک کے بارے میں کہے گا کہ یہ ہلاک کرنے والا ہے۔[1]

اس لیے ہمیں معمولی بھی شک نہیں اور نہ ہی کسی مسلمان کو اس میں شک کرنا جائز ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو ہر خیر اور شر کی خبر دے دی ہے اور اور نبی کریم ﷺ

[1] صحیح مسلم، ص: 1742، 1743۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے اس کے متعلق امت کو ہدایت بھی دے دی ہے کہ ضرورت کے وقت انہیں کیا کرنا ہے۔

جب نبی کریم ﷺ نے اپنے بعد ہونے والے ان فتنوں کی خبر دی ہے جو سمندر کی موجوں کی طرح تھپیڑے لیں گے اور آدمی قبر سے گزرے گا تو مصیبت سے گھبرا کر تمنا کرے گا کہ کاش میں اس قبر میں ہوتا۔

نبی کریم ﷺ نے قیامت سے پہلے کی نشانیوں کی بھی نشاندہی فرمائی ہے کہ فرات دریا سے سونے کا پہاڑ ظاہر ہوگا، قسطنطنیہ کا شہر فتح ہوگا، دجال نکلے گا، عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے، رومی آگے بڑھ کر قتل و غارت گری کریں گے، مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ فتوحات سے نوازے گا، ارض حجاز سے آگ نکلے گی۔ لوگ آخری زمانے میں رسول ﷺ کے مدینہ کو چھوڑ جائیں گے، مدینہ خالی ہو جائے گا، بھیڑیے مسجد نبوی کے کھمبوں کے ساتھ بیٹھے ہوں گے، قبیلہ دوس کے لوگ ذوالخلصہ کی عبادت کرنے لگیں گے۔

ان کے علاوہ اور بہت سے فتنوں اور خطرات کی خبر دے دی ہے تاکہ امت ان فتنوں میں گمراہ نہ ہو۔ اور پہلے سے اس کی تیاری کر لے۔

اسی طرح نبی کریم ﷺ نے اویس قرنی کے بارے میں صحابہ کو بتایا۔

انہیں نہ صحابہ جانتے تھے نہ خود نبی کریم جانتے تھے۔ اللہ نے وحی کے ذریعہ اویس قرنی اور ان کی خاص صفات کے بارے میں آپ کو بتایا اور آپ نے صحابہ کو بتایا۔

صحیح مسلم میں ہے، اُسیر بن جابر کہتے ہیں کہ جب یمن کے وفود آتے تو عمر رضی اللہ عنہ ان سے پوچھتے، تم میں کوئی اویس نام کا ہے؟ یہاں تک کہ اویس سے ملاقات ہوئی، پوچھا تم ہی اویس بن عامر ہو؟ کہا: ”ہاں“ کہا: کہ قبیلہ مراد کی شاخ قرن سے ہو؟ جواب دیا: ”ہاں“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پوچھا تمہیں برص کی بیماری تھی اور تم اس سے شفایاب ہو گئے، سوائے ایک درہم کی مقدار کے جو باقی رہ گیا ہے؟ کہا: ہاں پوچھا: تمہاری والدہ ہیں؟ کہا: ہاں، پھر عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ یمن کے وفود کے ساتھ مراد اور قرن کے اویس بن عامر آئیں گے، ان کو برص کی بیماری تھی، ایک درھم کی مقدار کے علاوہ اس مرض سے شفایاب ہو گئے ہیں۔ وہ اپنی والدہ کے بڑے خدمت گزار ہیں، اگر کسی چیز کی خاطر اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم کو پوری کر دے گا۔

اے عمر! اگر تم ان سے مغفرت کی دعا لے سکو تو لے لینا! تو اے اویس! میرے لیے مغفرت کی دعا کرو میرے لیے مغفرت کی دعا کرو۔

اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کہاں جانے کا ارادہ ہے؟ کہا: کوفہ جانا چاہتا ہوں۔ کہا: کہ کوفہ کے گورنر کو لکھ دوں کہ تمہارا خیال رکھیں؟ اویس نے کہا: کہ عام لوگوں کی طرح رہنا مجھے زیادہ پسند ہے۔ ①

علامہ نووی کہتے ہیں کہ اس حدیث میں والدین کی خدمت اور اپنے کو چھپا کر عزلت میں رہنے کی فضیلت کا بیان ہے۔ ②

غرض یہ ہے کہ جب اللہ رب العزت نے ان حوادث جسیمہ کی وحی کی اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتن وغیرہ کی امت کو خبر دی، اویس کے بارے میں والدہ کی خدمت کی فضیلت اور ان کے صلاح وتقویٰ کو بیان کرنے کی غرض سے اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کی اور آپ نے اس کی خبر صحابہ اور امت کو دی، تاکہ امت ان کی طرح کے خیر کے

---

① صحیح مسلم: 4/1969، حدیث نمبر: 2542۔

② شرح مسلم للنووی: 16/970۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اعمال میں سبقت کرے۔

اویس ایک تابعی ہیں، انہوں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھ کر صحبت کی فضیلت بھی حاصل نہ کی، نہ نبی ﷺ نے انہیں دیکھا اور عمر رضی اللہ عنہ صحابی جلیل خلیفہ رسول کو حکم دیا گیا کہ ان سے دعائے مغفرت طلب کریں! اس میں کوئی شک نہیں کہ والدہ کی خدمت کی بنا پر اویس کو یہ بہت بڑی فضیلت ومنقبت ملی۔

جب اللہ رب العزت نے پھر نبی کریم ﷺ نے اویس قرنی کے بارے میں خبر دی، حالانکہ جن ائمہ رحمہم اللہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ دین کے تمام امور میں ان میں سے کسی کی تقلید امت پر واجب ہے قیامت تک انہی ائمہ کی تقلید پر دین کا مدار ہے۔ ان کی اہمیت یقیناً اویس قرنی کی اہمیت اور فضیلت سے ہزاروں درجہ بڑھ کر ہے، تو کیا کوئی عقلمند یہ بات قبول کرسکتا ہے کہ اس اہمیت کے باوجود بھی زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے علام الغیوب رب نے اور پھر نبی رحمۃ للعالمین ﷺ نے ائمہ کی تقلید کے وجوب اور فرضیت کا بیان کرنا چھوڑ دیا۔ کیا ایسا ممکن ہے؟

یہ ایسا سوال ہے جو عقل وفکر، علم و امانت، دین و ایمان، انصاف وحق پسندی، اللہ اور اس کے رسول کی محبت کو چیلنج کرتا ہے۔

اللہ رب العزت والجلال کی قسم! اگر ان کی تقلید امت پر واجب ہوتی تو اللہ و رسول ﷺ ضرور بیان کر دیتے۔ اس لیے جو لوگوں کو مختلف مذاہب میں تقسیم کر رہے ہیں اور تقلید مذاہب کو واجب کہتے ہیں، عدم تقلید اور اتباع کو لا مذہبیت کا نام دیتے، لا مذہبیت کو بدعت کہتے ہیں ہم ان لوگوں سے دین و ایمان اور حب اللہ والرسول اور قیامت میں اللہ جبار و قہار کے سامنے کھڑے ہو کر جواب دینے کا حوالہ دے کر پوچھتے ہیں، کہ تم کس دلیل سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایسی چیز کو واجب کہتے ہو جسے اللہ اور رسول نے واجب نہیں کیا ؟ اور جس کی بنا پر دوستی اور دشمنی کی جاتی ہے، کیا یہ دین میں نئی چیز کی ایجاد نہیں؟

کیا یہ بدعت نہیں؟ اگر نہیں ہے تو پھر بدعت کس چیز کو کہا جائے گا؟ آپ نے دیکھا کہ ائمہ عظام نے اسے بدعت کا نام دیا ہے۔

پھر یہ سوال بھی سر اٹھا رہا ہے کہ کیا ائمہ کرام رحمہم اللہ تقلید کے وجوب سے جاہل تھے؟ کہ اللہ کے واجب کرنے کے باوجود انہوں نے اپنے تلامذہ کو تقلید سے سختی سے منع کیا؟ اگر جانتے ہوئے بھی لوگوں کو اس واجب چیز سے انہوں نے منع کیا تھا تو ان پر (نعوذ باللہ) امت کی خیانت کا الزام عائد ہوتا ہے۔ یقیناً تقلید کو واجب کہنے کا یہی نتیجہ ظاہر ہوتا ہے۔ اللہ کے وہ مبارک بندے اس گناہ سے پاک تھے، ہزار بار پاک تھے۔

کوئی یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ اجماع امت بھی شرعی دلیل ہے، اور امت نے ائمہ کے مذاہب کے تقلید پر اجماع کیا ہے، اس لیے ایک امام کی تقلید واجب ہوئی۔

تو اس سلسلے میں مدلل بات یہ کہنی ہے کہ آپ نے تاریخ اسلام کی کتابوں، فقہاء عظام کی مؤلفات سے منقول عبارتوں کو دیکھا، اقوال فقہاء کو پڑھا جس سے واضح ہوتا ہے کہ کسی امام کی تقلید خاص پر کسی زمانے میں اجماع نہ ہوا، اور نہ تقلید شخصی کے دعویدار نے کبھی تقلید کی، عقیدے میں کسی کی تقلید کو اختیار کیا۔ فروعی مسائل میں کسی اور کی تقلید کی، سلوک اور تزکیہ نفس کے مسائل میں کسی اور سے بیعت ہوئے تو پھر دین کے معاملے میں ایک کی تقلید کہاں ہوئی؟

ایک طالب علم باادب دریافت کر رہا ہے کہ تقلید پر اجماع کب ہوا کس نے کیا؟

کہاں کیا؟ اور کیوں کیا؟ کس کے لیے کیا؟ کس کے لیے نہیں کیا؟ یا تمام امت کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیے کیا؟ کیا کیا؟ یہ ایسے سوالات ہیں کہ جن کا جواب تقلید کے سہارے کے بغیر نہیں دیا جا سکتا۔ دلائل کتاب وسنت کی روشنی میں ان کا جواب محال ہے۔

اللہ رب العزت امت کو اپنے نبی کی عظمت اور امام الانبیاء والرسل کے حقوق کو پہچاننے کی توفیق دے اور نبی ﷺ کی سچی محبت جس کا مظہر آپ ہی کی اتباع خالص ہے اس سے نوازے۔ آمین۔

تو اس مسئلے کا خلاصہ یہ ہوا کہ عالم ہو یا عامی کسی شخص پر کسی مذہب کی تقلید واجب نہیں۔ بلکہ واجب یہ ہے کہ ہر ایک حتی الامکان اپنے دین کو سلف کے طریقے پر کتاب و سنت کی دلیلوں کی روشنی میں سیکھے۔ اور جب بھی کسی عام آدمی کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو کتاب وسنت کے معروف علماء میں سے کسی سے بھی مسئلہ پوچھ کر اس کی اتباع کرے!

جیسا کہ اللہ کا حکم ہے:

﴿فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝﴾ [1]

''کتاب وسنت کے اہل علم سے پوچھ لو اگر تم نہیں جانتے۔''

[1] الانبیاء:7.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 6

## مذہبی تعصب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تعصب: عصبیت سے ماخوذ ہے، اور عصبیت یہ ہے کہ آدمی اپنے اقارب وقبیلہ کے ساتھ مل کر حق وناحق ان کی مدد اور دفاع کرے۔

ابن منظور کہتے ہیں: ''حدیث میں ہے کہ ''عصبی'' اسے کہتے ہیں جو ظلم میں بھی اپنی قوم کی مدد کرے یا جو اپنی قوم کے لیے غصہ ہوتا اور ان سے دفاع کرتا ہے۔''①

مذاہب اسلامیہ کی اصطلاح میں تعصب کی تعریف یہ ہوگی کہ'' اسلام میں مختلف عقائدی اور فقہی مذاہب کا التزام کرنا اور حق و باطل ہر حالت میں اس سے دفاع کرنا''

حق کو چھوڑ کر باطل کی حمایت کرنا شرعاً مذموم ہے۔اور کسی ایک امام کی تقلید میں تعصب برتنا بلا شبہ امت کو مختلف فرقوں میں بانٹنا ہے۔

یہ تعصب یقیناً

﴿إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ﴾②

''جنہوں نے اپنے دین کو فرقوں میں بانٹ دیا اور ایک دوسرے سے الگ الگ ہو گئے آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔''

① سنن ابن ماجه، ص: 651، ضعيف۔ لسان العرب: 606/1.
② الانعام:159.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں داخل ہے۔اسی وجہ سے محقق علماء نے اس مذموم تعصب کی مذمت کی ہے۔ کیونکہ اس کا انجام اللہ و رسول ﷺ کی مخالفت ہے۔ کتنے تقلید کے متعصبین ہیں جو مذہب کی مخالف حدیث صحیح کو بھی رد کردیتے ہیں۔ (1)

ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: ''کسی کے لیے جائز نہیں کہ نبی ﷺ کے علاوہ امت کے لیے کسی شخص کو مقرر کر کے اس کے طریقے کی طرف دعوت دے۔ اور اسی پر دوستی اور دشمنی کی بنیاد رکھے۔

اسی طرح جائز نہیں کہ اللہ ورسول اور اجماع امت کے علاوہ امت کے لیے کسی کے قول کو مقرر کردے کہ اس پر دوستی اور دشمنی کرے۔ بلکہ یہ بدعتی لوگوں کا کام ہے کہ اپنے لیے کسی خاص شخص اور خاص قول کو اختیار کر کے امت کے درمیان تفریق کرتے اور اسی پر دوستی اور دشمنی کی بنیاد رکھتے ہیں۔'' (2)

مزید کہا ہے: کہ تمام ائمہ دین صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے منہج پر تھے۔ اور صحابہ کرام آپس میں محبت اور اتفاق سے رہ کر گئے! انہوں نے اگرچہ طہارۃ، صلاۃ، حج، طلاق، فرائض وغیرہ کے بعض شرعی مسائل میں اختلاف کیا تھا لیکن ان کا اجماع قطعی حجت شرعی ہے۔

جو کسی ایک امام کے لیے تعصب رکھے تو وہ رافضی کی طرح ہے جو خلفاء ثلاثہ اور دیگر تمام صحابہ کو چھوڑ کر صرف علی رضی اللہ عنہ کے لیے تعصب رکھتا ہے۔ یا خارجی کی طرح ہے جو عثمان و علی رضی اللہ عنہما سے عداوت رکھتا ہے۔

تو یہ طریقہ اہل بدعت کا ہے جن کی مذمت کتاب وسنت اور اجماع سے ثابت ہے۔ وہ

---

(1) آگے فصل مساوی التعصب کو دیکھیں۔

(2) مجموعہ فتاویٰ ابن تیمیہ: 164/20۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شریعت اور منہج رسول ﷺ سے خارج ہے۔

تو جس شخص نے ائمہ اربعہ وغیرہ میں سے کسی ایک کے ساتھ تعصب برتا تو وہ روافض اور خوارج کے ساتھ ایک گونہ مشابہت رکھتا ہے۔

صرف ایک کے ساتھ تعصب رکھنے والے کا انجام کار یہ ہے کہ وہ اس امام کے مرتبہ علم و دین اور دوسرے ائمہ کے مرتبہ کے بارے میں جاہل ہے۔ جاہل ہونے کے ساتھ ساتھ ظالم بھی ہے۔ اللہ رب العزت فرماتے ہیں:

﴿ وَ حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۝ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ ﴾ [1]

''امانت کو ظالم اور جاہل انسان نے اٹھالیا تا کہ اللہ تعالیٰ منافق مردوں اور عورتوں کو عذاب دے۔''

ابو یوسف اور محمد کو دیکھیں: وہ امام ابوحنیفہ کے اقوال کے سب سے زیادہ جاننے والے اور ان کی اتباع کرنے والے تھے اس کے باوجود انہوں نے امام رحمہ اللہ کے بے شمار مسائل میں اختلاف کیا۔

جب سنت اور حجت واضح طور پر انہیں مل گئی۔ اور ان دونوں ہی کی اتباع ان پر واجب تھی اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنے امام کی غایت درجہ تعظیم بھی کرتے تھے۔ ان کو مذبذب نہیں کہا جائے گا بلکہ ابوحنیفہ وغیرہ تمام دوسرے ائمہ کو جب واضح دلیل مل جاتی تو اسی کے مطابق فتویٰ دیتے تھے۔ تو خود انہیں مذبذب نہ کہا جائے گا۔ کیونکہ انسان ہمیشہ علم کی تلاش

[1] الاحزاب: 72، 73۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں رہتا ہے۔جس کا علم اس سے مخفی ہو علم ظاہر ہو جانے کے بعد اسی کی پیروی کرنی ہے اس کو مذبذب نہیں کہا جائے گا بلکہ وہ ہدایت یاب ہے اللہ نے اس کو علم کی مزید ہدایت دی ہے۔اللہ کا حکم ہے کہو!

﴿رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝﴾ ①

''اے میرے رب علم میں زیادتی فرما!''②

① طٰهٰ: 114 ۔

② مجموعه فتاویٰ ابن تیمیه-22:253 ۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ بات ذہن نشین رہنی چاہئے کہ اللہ رب العزت نے سلف صالحین صحابہ، ائمہ وغیرھم کے لیے دعاو استغفار کرنا مومنوں پر واجب کیا ہے۔ وہ اپنے دلوں میں ان کی کراہت یا ان کے خلاف کینہ اور بغض کو جگہ نہ دیں۔ مہاجرین وانصار کا ذکر کرنے کے بعد اللہ تعالی نے فرمایا:

﴿وَالَّذِيْنَ جَاءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝﴾ [1]

”جو ان لوگوں کے بعد آئے ان کا شیوہ یہ ہے کہ وہ دعا کرتے ہیں، اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو بخش دے، جو ہم سے پہلے مسلمان رہ کر آگے جاچکے ہیں، ہمارے دلوں میں مومنوں کے خلاف بغض اور کینہ نہ ڈال! ہمارے رب تو بڑا مہربان، بہت ہی رحم کرنے والا ہے۔“

اس لیے ہر مومن پر ان کا احترام بجالانا ان کے لیے دعا کرنا اور ان کے علم وفقہ سے

[1] الحشر: 10.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ بات ذہن نشین رہنی چاہئے کہ اللہ رب العزت نے سلف صالحین صحابہ، ائمہ وغیرھم کے لیے دعاو استغفار کرنا مومنوں پر واجب کیا ہے۔ وہ اپنے دلوں میں ان کی کراہت یا ان کے خلاف کینہ اور بغض کو جگہ نہ دیں۔ مہاجرین وانصار کا ذکر کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝﴾ (1)

”جو ان لوگوں کے بعد آئے ان کا شیوہ یہ ہے کہ وہ دعا کرتے ہیں، اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو بخش دے، جو ہم سے پہلے مسلمان رہ کر آگے جاچکے ہیں، ہمارے دلوں میں مومنوں کے خلاف بغض اور کینہ نہ ڈال! ہمارے رب تو بڑا مہربان، بہت ہی رحم کرنے والا ہے۔“

اس لیے ہر مومن پر ان کا احترام بجالانا ان کے لیے دعا کرنا اور ان کے علم وفقہ سے

(1) الحشر: 10 ۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



استفادہ کرنا لازمی ہے۔ لیکن کسی فرد کے لیے جائز نہیں کہ ایمان و دین کے مسائل میں ائمہ کے اقوال کو لے کر اللہ کی وحی کتاب و سنت سے بے نیاز ہو جائے۔

علامہ شنقیطی رحمہ اللہ کہتے ہیں: جان لو کہ ائمہ اربعہ وغیرہم کے ساتھ ہمارا موقف وہی ہے جو تمام انصاف پسند مسلمانوں کا ہے۔ وہ یہ ہے کہ ان کے علم، تقویٰ، اتباع کتاب و سنت، اور اپنی رائے پر کتاب و سنت کو مقدم کرنے کی بنا پر ہم ان سے محبت کرتے، ان کی تعریف و تعظیم کرتے، ان کے اقوال سے استفادہ کرتے ہیں اور کتاب و سنت کے خلاف ان کے اقوال کو چھوڑ دیتے ہیں۔

ان کے اجتہادات میں جن میں کوئی نص نہیں۔ درست رائے یہ ہے کہ ان میں دیکھا جائے۔ ان کے اجتہادات کی اتباع خود ہمارے اپنے اجتہاد سے زیادہ افضل ہوگا کیونکہ وہ بزرگ علم اور تقویٰ میں ہم سب سے بڑھ کر تھے۔

لیکن ہم سب پر لازم ہے کہ اقوال مختلفہ میں سے اللہ کی رضامندی سے زیادہ قریب احتیاط سے زیادہ قریب اور شبہ سے زیادہ دور قول کو اختیار کریں۔ نبی ﷺ کا فرمان ہے:

«دَعْ مَا يُرِيْبُكَ اِلَى مَا لَا يُرِيْبُكَ.»

''شبہ کی چیز کو چھوڑ کر جس میں شبہ نہ ہو اسے اختیار کرو۔''[1]

نیز فرمایا:

«مَنِ اتَّقَى الشُّبَهَاتِ فَقَدِ اسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهِ وَعِرْضِهِ.»

''جو شبہ کی چیزوں سے بچا، اس نے اپنے دین اور آبرو کو بری کر لیا۔''[2]

---

[1] صحيح الترغيب والترهيب، حديث نمبر: 1737.

[2] صحيح الترغيب والترهيب، حديث نمبر: 1731 - صحيح الجامع الصغير، حديث نمبر: 3193.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ائمہ کے بارے میں فیصلہ کی بات یہ ہے کہ وہ بزرگ علماء مسلمین میں سب سے اچھے لوگوں میں سے تھے، مگر غلطی سے معصوم نہ تھے، جس مسئلے میں ان کا اجتہاد صحیح رہا اس میں انہیں دو اجر ملیں گے۔ اجتہاد کا اجر اور صحت وصواب تک پہنچنے کا۔ اور جہاں ان کے اجتہاد میں غلطی ہوئی وہاں ایک اجر یعنی اجتہاد کا اجر ملے گا، غلطی میں وہ معذور ہیں لیکن ہر حالت میں انہیں اجر ملے گا۔

نہ وہ مذمت کیے جائیں گے اور نہ کوئی عیب اور نقص ان میں آئے گا۔ کتاب اللہ وسنت رسول ان پر اور ان کے اقوال پر بہر حال مقدم اور حاکم ہوں گے۔

تو تمہیں چاہیے کہ ان کی مذمت اور تنقیص ہرگز نہ کرو! اور نہ ہی یہ عقیدہ رکھو کہ کتاب و سنت کو چھوڑ کر صرف ان کے اقوال کافی ہیں یا کتاب وسنت پر مقدم ہیں۔'' [1]

[1] أضواء البیان:7/556، 557.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 8

# مذہبی تعصب کا آخری صدیوں میں انتشار

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شاہ ولی اللہ الدھلوی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ''جان لو کہ لوگ چوتھی صدی سے قبل کسی ایک ہی مذہب کی تقلید پر اجماع نہ کئے تھے۔

ابو طالب مکی قوت القلوب میں کہتے ہیں کہ یہ کتابیں اور اقوال کے مجامیع نئی ایجاد ہیں لوگوں کے اقوال کی روشنی میں کہنا، اور کسی ایک کے مذہب پر فتویٰ دینا اور ہر مسئلے میں اسی ایک کے قول کو نقل و بیان کرنا، اسی کے مذہب سے فقہ دین حاصل کرنا قدیم زمانے یعنی پہلی دوسری صدی میں لوگ اس طریقہ پر نہ تھے۔

میں کہتا ہوں کہ دو صدیوں کے بعد لوگوں میں خاص علماء کے اقوال کی بنا پر کچھ تخریج واستنباط ظاہر ہوا پھر بھی جیسا کہ تتبع اور تلاش سے پتہ چلتا ہے چوتھی صدی کے لوگ بھی کسی ایک کے مذہب کی تقلید اور اسی پر تفقہ اور اسی سے استدلال پر اکٹھا نہ ہوئے تھے۔'' (1)

میری گذارش یہ ہے کہ شاہ رحمہ اللہ کے قول سے اشارہ ملتا ہے کہ چوتھی صدی تک ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک کی تقلید خالص پر اجماع نہ ہوا، لیکن اس کے بعد لوگوں نے تقلید پر اجماع کرلیا۔

میری نظر میں معاملہ اس طرح ہرگز نہیں ہوا بلکہ کسی ایک امام کی تقلید محض پر گزشتہ کسی

(1) حجة الله البالغه: 152/1.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صدی میں اجماع و اتفاق نہیں ہوا۔ کیونکہ جن علماء کے ذریعہ اجماع و اتفاق کا تصور ہوسکتا ہے وہ ہمیشہ ہر زمانے میں اصطلاحی تقلید کے مخالف رہے حالانکہ ان میں سے اکثر کسی نہ کسی مذہب کی طرف منسوب بھی رہے۔ اس وجہ سے گزشتہ کسی زمانے میں تقلید پر اجماع ہرگز نہیں ہوا۔ اور نہ ہی مستقبل میں اس پر اجماع کا امکان ہے۔ جو چیز مسلمانوں کو مختلف فرقوں اور ٹولیوں میں بانٹ دے کہ ایک دوسرے کو گمراہ کہے، ایک دوسرے سے دشمنی رکھے، ایک دوسرے کے خلاف ریشہ دوانیاں کرے، اعتصام بالکتاب والسنۃ کے مخالف ہو، اس پر اجماع امت کا ہونا غیر معقول، غیر ممکن اور غیر شرعی بات ہے۔

نبی کریم ﷺ کا فرمان مبارک ہے:

«إِنَّ اللّٰهَ لَايُجْمِعُ أُمَّتِيْ أَوْ قَالَ: أُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلٰى ضَلَالَةٍ.»

''کہ اللہ تعالیٰ میری امت یا (یہ کہا) امت محمد ﷺ کو گمراہی پر اکٹھا نہیں کرے گا۔''[1]

رہے صحابہ رسول ﷺ، تو ان مبارک ہستیوں کے بارے میں تقلید کی تہمت کو سن کر ہمیں شرم آتی ہے۔ چہ جائیکہ یہ نامناسب بات ان کی طرف ہم منسوب کریں اور ان میں سے کسی ایک کو مقلد کہیں۔

رب ذوالجلال کی قسم! جو لوگ صحابہ اور تابعین کو تقلید سے متصف کہتے ہیں وہ اس قول سے صحابہ و تابعین کی خدمت میں گالی کا تحفہ پیش کررہے ہیں۔

وہ تو اللہ کے اتارے ہوئے احکام کے خالص متبع اور اللہ و رسول کے مطیع کامل تھے۔ مقلد ہرگز نہ تھے۔ خیر القرون بھی اگر علم و دانش سے خالی رہا تو دنیا میں کبھی علم کا وجود

[1] سنن ترمذی، ص: 490، حدیث نمبر: 2127، لیکن اس کے آخر میں ایک شاذ لفظ ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہی نہ رہا۔ خیر القرون ہی اگر اتباع اور طاعۃ اللہ والرسول سے محروم رہا تو پھر اتباع اور اطاعت کا وجود کہاں اور کس کے پاس ہوگا اور کب ہوگا؟ تقلید تو علم ہے ہی نہیں۔ اتباع اور تقلید کا فرق واضح ہے۔

ابن القیم کہتے ہیں: ''کہ کیا تقلید سے فتویٰ دینا جائز ہے؟

جواب: اس مسئلے میں امام احمد کے اصحاب کے تین اقوال ہیں۔

ایک قول یہ ہے: ''کہ تقلید سے فتویٰ دینا جائز نہیں کیونکہ تقلید علم نہیں ہے۔ اور بغیر علم کے فتویٰ دینا حرام ہے۔ علماء کے درمیان اس میں اختلاف نہیں کہ تقلید علم نہیں اور مقلد کو عالم نہیں کہا جا سکتا۔'' ①

اسی طرح ائمہ اربعہ اور ان کے تلامذہ کو مقلد کہہ کر انہیں گالی دینا جائز نہیں۔ روز روشن کی طرح یہ بات واضح ہے کہ ان کے تلامذہ اپنے شیوخ سے بہت سے اور بڑے بڑے مسائل میں اختلاف کرتے تھے۔

آگے بڑھ کر ائمہ کی طرف نسبت رکھنے والے عام علماء کو دیکھیں! ان کی تالیفات میں تأمل کرنے سے یہ بات واضح طور پر نظر آتی ہے کہ اپنے ائمہ کے خلاف مسائل کی تحقیق ایسی دلیلوں سے کرتے ہیں کہ شاید امام کو بھی وہ دلیلیں نہ پہنچی ہوں۔

طحاوی کی «مختصر الطحاوی» اور «شرح معانی الآثار» کو دیکھیں، مرغینانی کی «الهدایه»، کاسانی کی «بدائع الصنائع»، کمال ابن الہمام کی «فتح القدیر»، سرخسی، قاضی خان، نسفی، ان سب حنفی علماء کی تالیفات کو دیکھیں، آپ کو ایسے بہت سے مسائل نظر آئیں گے جن میں انہوں نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے خلاف دوسرے قول کو اختیار کیا ہے۔ اور ان

① اعلام الموقعین: 86/2.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں سے بہت سے لوگوں نے کئی مسائل میں تصریح کی ہے۔ کہ اس مسئلے میں فتویٰ ابو یوسف یا محمد کے قول پر ہے۔

حنابلہ میں سے ابن قدامہ، ابن تیمیہ، ابن القیم، ابن رجب، ابن مفلح وغیرہ کو دیکھیں اگر انہیں حنبلی کہنا صحیح ہے تو انہوں نے بھی امام احمد کے قول کو چھوڑ کر دلیل کی روشنی میں دوسرے قول کو راجح بتایا ہے۔

شافعیہ میں سے ابواسحاق شیرازی، ابراہیم بن علی صاحب «مھذب»، نووی صاحب «شرح المھذب» و «روضۃ الطالبین» وغیرہ کی کتابوں میں امام شافعی کے قول کے خلاف ترجیح واضح طور پر نظر آتی ہے۔

مالکیہ میں سے ابن عبدالبر، ابن رشد، الباجی، الشاطبی وغیرہ کے اقوال کو پڑھیں، ان کی روشنی میں ان کو تقلید اصطلاحی میں مقلد کہنا غلط ہے۔

کیونکہ مقلد کے لیے حجت صرف قول امام ہوتا ہے۔ مقلد کے لیے جائز ہی نہیں وہ کسی دلیل کو دیکھے اور امام کے قول سے خارج ہو یہاں تک کہ تلفیق اور جمع اقوال کو بھی اکثر نے حرام کہا ہے۔

دوسرے متاخرین کو بھی ہم اسی طرح پاتے ہیں کسی خاص مذہب سے انتساب کے باوجود امام کی مخالفت کرتے اور دلیل کا ذکر کرتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ تقلید مصطلح پر اجماع کسی زمانے میں نہیں ہوا، اور نہ ہوسکتا ہے۔

یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ ہر زمانے کے بہت سے متعصب مذہب کی طرف منتسب علماء کو دیکھیں کہ وہ مقلد کے لقب کو اپنے لیے باعث فخر سمجھتے رہے لیکن جب اقوال ائمہ کی تائید میں ان کی تحقیقات کو دیکھا جائے تو اس اجتہاد اور سعی پر تعجب ہوتا ہے۔ کہ مذہب کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تائید کے لیے ادلہ کبھی کبھی ایسی جگہوں سے نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جہاں اس کا وجود بھی نہیں ہوتا۔

اس حقیقت سے پتہ چلتا ہے کہ اگر یہ لوگ ائمہ کے اقوال میں سے حق اور راجح بالدلیل مسئلے کو ثابت کرنے کی کوشش کریں تو یقیناً اللہ رب العزت انہیں اس کی توفیق دے گا۔ اور انشراح صدر کے ساتھ امت ان کی تحقیقات کو قبول کرے گی لیکن اللہ کی حکمت اور ابتلا ہے کہ یہ لوگ تقلید یعنی لاعلمی ہی کو اپنے لیے فخر سمجھ کر اسی پر مطمئن ہیں۔

یقیناً ادلہ شرعیہ کا تقاضا ہے کہ علماء کسی خاص مذہب کی تقلید اور تقید سے آزاد رہیں۔ تقلید کو ان عوام کے لیے چھوڑ دیں جن کی وہ قیادت کرتے ہیں یہ عوام ان علماء کی تقلید کریں اور علماء راجح بالدلیل کا فتویٰ دیں، کسی بھی امام کے موافق ہو۔

کیونکہ علماء اور ائمہ تمام امت کے ائمہ ہیں ہر ایک نے حق تک پہنچنے کے لیے حتی الامکان کوشش کی ہے، ان میں سے کسی کو متہم کرنا اثم عظیم ہوگا۔ جو علماء کرام تقلید میں تعصب برتتے اور اس کی بنا پر امت میں اختلاف پیدا کرتے ہیں انہیں چاہیے کہ خود ائمہ کرام کی نصیحت پر عمل کریں، اگر وہ امام کی محبت اور اتباع میں مخلص ہیں کیونکہ تمام ائمہ نے اپنی اور دوسروں کی تقلید سے روکا ہے اور دلیل ہی سے مسئلہ لینے کی تاکید کی ہے۔

دلیل شرعی کتاب وسنت، آثار صحابہ اور اجماع امت ہی میں ملے گی یا پھر ان مذکورہ ادلہ پر صحیح قیاس کیا جائے۔ (دیکھیں، ص: 11-14)

علامہ ابن حزم نے صراحت کی ہے۔ کہ صحابہ تابعین اور ان کے بعد کے لوگ مقلد نہ تھے بلکہ انہوں نے تقلید سے منع کیا ہے۔ تقلید چوتھی صدی میں پیدا ہوئی۔ ①

① کتاب ابطال التقلید نقلا عن الرد علی من أخلد الی الارض للسیوطی، ص: 133، 138۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 9

## تعصب مذہبی کے اسباب اور اس کے ختم کرنے کے ذرائع

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علماء نے مذہبی تعصب کے انتشار کے کئی اسباب بیان کیے ہیں۔ میری نظر میں اہم سبب یہ ہے کہ بعض مذاہب کی طرف انتساب یا اس سے تعصب رکھنے والے علماء کا حکومت میں داخل ہو کر مذاہب کے نشر کی کوشش کرنا ہے۔

یہ بات واضح ہے کہ مشورہ لینے یا دینے میں آدمی کی توجہات اور خواہشات کا اثر پڑتا ہے۔

ابن خلکان نے یحییٰ بن یحییٰ اللیثی المصمودی کی سوانح میں ذکر کیا ہے۔

کہ یحییٰ اندلس واپس گئے اور انہیں وہاں علماء کی ریاست و قیادت ملی اور انہی کے ذریعہ امام مالک کا مذہب ان شہروں میں پھیلا۔ (1)

انہوں نے ابن حزمؒ کا یہ قول بھی نقل کیا ہے۔ کہ دو مذہب اپنے ابتدائی زمانے میں حکومت اور اقتدار کے زور سے پھیلے۔

(1) ...... امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب۔ کیونکہ ابو یوسف رحمہ اللہ امام صاحب کے تلمیذ خاص جب قاضی مقرر ہوئے تو ان کے بعد قضاۃ کی تعیین انہی کے ذریعہ ہوتی تھی۔ مشرق کے آخر حصہ سے لے کر افریقہ کی آخری حدود تک اپنے تلامذہ واصحاب اور امام صاحب کے مذہب سے منسلک ہی لوگوں کو شہروں میں قاضی مقرر کرتے تھے۔

---

(1) وفیات الاعیان: 144/6.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(2)......امام مالک رحمہ اللہ کا مذہب۔اندلس، اسپین میں پھیلا کیونکہ یحییٰ بن یحییٰ حاکم وقت کے خاص مقرب تھے، قضاۃ میں ان کی ہی بات قبول کی جاتی۔

اس لیے پورے اندلس میں کوئی قاضی ان کے مشورے اور انتخاب واختیار کے بغیر مقرر نہ کیا جاتا اور وہ قضاۃ کی تولیت میں صرف اپنے تلامذہ واصحاب مذہب کو مقرر کرنے کا مشورہ دیتے۔لوگ دنیا کمانے کے لیے دوڑتے ہیں اپنی مصلحت کے لیے وہ مالکی مذہب کی طرح متوجہ ہوئے۔

البتہ خود یحییٰ بن یحییٰ اللیثی نے کبھی قضا کا منصب قبول نہ کیا۔اس وجہ سے وہ ارباب حکومت کے ہاں مزید باعزت اور مقبول القول رہے۔[1]

اس قسم کی بات ابن حزم نے «احکام الاحکام: 1/575، 576» میں بڑے وثوق سے کہی ہے۔

گزارش ہے کہ انتشار مذہب کا جو سبب ابن حزم اور ابن خلکان نے بیان کیا ہے وہ بعید نہیں ہے۔اس سبب کی تصدیق وتائید ہمارے زمانے کے حالات سے بھی ہورہی ہے جس میں الحمدللہ ہم سانس لے رہے ہیں۔

سعودیہ عربیہ اللہ اس کو قائم دائم رکھے، جب شاہ عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل فیصل رحمہ اللہ نے اس کی باگ ڈور سنبھالی اور اسکی بنیاد کتاب وسنت پر رکھی تو دنیا جانتی ہے کہ یہاں کا کیا حال تھا، جہالت عام تھی، مسلمانوں میں اختلاف وافتراق تھا، بدعتیں عام تھیں، سنت رسول رسول اللہ ہی کے شہر میں بیگانہ تھی، سنت رسول اور کتب حدیث صرف تبرک کے لیے پڑھی جاتی تھیں۔

---

[1] وفیات الاعیان: 6/144۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عمل مذاہب پر ہوتا تھا اور مذاہب اربعہ کے مقلدین کی یہ حالت تھی کہ ایک امام کا مقلد دوسرے امام کے مقلد کے پیچھے صلاۃ پڑھنے کو جائز نہ سمجھتا تھا، اس وجہ سے المسجد الحرام جہاں سے توحید واعتصام بحبل اللہ کی آواز اٹھی تھی وہیں پر امت ائمہ اربعہ کے نام سے چار محراب بنا کر اپنے اپنے اماموں کو مقرر کر کے الگ الگ صلاۃ پڑھنے لگی تھی۔ صدیوں تک یہ بدعت سیئہ جاری رہی۔

شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ایک موحد متبع سنت بادشاہ تھے۔ انہوں نے تمام مخالف چیزوں کو مٹا کر سنت کا احیا کیا۔ کتاب وسنت کا علم رائج ہوا، گویا وہ اللہ رب العزت کے قول مبارک کے ترجمان ثابت ہوئے۔

﴿ اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّکٰوةَ وَ اَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ ؕ وَ لِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝ ﴾[1]

"اللہ کی مدد حاصل کرنے والے وہ بندے ہیں جن کو ہم جب زمین میں طاقت دیتے ہیں تو وہ صلاۃ کو قائم کرتے ہیں، زکاۃ دینے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے ہیں۔"

اس حکومت مبارکہ کے علماء میں سے کوئی کسی بھی مذہب کا متعصب نہیں، الا یہ کہ وہ جزیرہ عرب کے باہر سے آیا ہو۔ اور اس کے آباء واجداد اپنا مذہب اور تعصب ساتھ لے کر آئے ہوں اور یہاں کے عقیدہ اور عمل سے تاثر نہ لے کر اپنے ہی عقیدہ وعمل کو سینے سے لگائے ہوں یا وہ جو دوسروں کے عقائد واعمال سے متاثر ہو گئے ہوں۔

---

[1] الحج: 41.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ بات اس وجہ سے کہہ رہا ہوں کہ اللہ رب العزت کی قسم کہ دیار مقدسہ میں رہنے والے ایک شخص نے اپنے لڑکے کے بارے میں مجھے بتایا کہ وہ مجھ سے کہتا ہے کہ جو شخص فلاں مذہب پر نہیں ہے تو اس کا ایمان کامل نہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ امام محمد بن عبد الوہاب کی دعوت اور کوشش سے پہلے نجد میں بدعات اور عقائد باطلہ کا انتشار تھا لیکن اس مبارک ہستی کی کوششوں سے لوگ کتاب وسنت اور سلفیت سے آشنا ہوئے اسے سیکھا، اور جب اللہ نے انہیں طاقت دی اور پورے جزیرہ عرب کی پیشانی ان کے قبضے میں آئی تو اس کے پہاڑوں، غاروں، وادیوں اور بستیوں میں انہوں نے صحیح عقیدہ اور عمل کو پہنچایا۔ اور پوری حکومت سے غلط عقائد اور اعمال کا خاتمہ کیا۔

کسی مذہب کی پابندی نہ کرتے ہوئے یہ لوگ تمام ائمہ کا احترام بھی کرتے ہیں اور ان ائمہ کی فقہ سے استفادہ بھی کرتے ہیں۔

سلفی شاہ عبد العزیز بن عبد الرحمٰن آل فیصل رحمہ اللہ ایام حج میں حجاج کرام اور تمام لوگوں کو مخاطب کر کے کہتے ہیں!

«يُسَمُّوْنَنَا بِالْوَهَابِيَّةِ وَيُسَمُّوْنَهُ مَذْهَبَنَا بِالْوَهَابِي بِاِعْتِبَارِ أَنَّهُ مَذْهَبٌ خَاصٌ، وَهٰذَا خَطَأٌ فَاحِشٌ نَشَأَ عَنْهُ الدُّعَايَاتُ الْكَاذِبَةُ الَّتِيْ كَانَ يَبِيْتُهَا أَهْلُ الْاَعْرَاضِ۔ نَحْنُ لَسْنَا أَصْحَابُ مَذْهَبٍ جَدِيْدٍ فَعَقِيْدَتُنَا هِيَ عَقِيْدَةُ السَّلَفِ الصَّالِحِ الَّتِيْ جَاءَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهِ ﷺ وَمَا كَانَ عَلَيْهِ السَّلَفُ الصَّالِحُ نَحْنُ نَحْتَرِمُ اَلْاَئِمَّةَ الْاَرْبَعَةَ وَلَافَرْقَ عِنْدَنَا بَيْنَ مَالِكٍ وَالشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ وَأَبِيْ حَنِيْفَةَ ،كُلُّهُمْ مُحْتَرَمُوْنَ فِيْ نَظْرِنَا، اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ خَيْرٍ مَا دَامُوْا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَلٰی کِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهِ ﷺ وَمَاهُمْ بِبَالِغِيْنَ سَعَادَةَ الدَّارَيْنِ إِلَّا بِكَلِمَةِ التَّوْحِيْدِ.»

کہتے ہیں کہ ''لوگ ہمارا نام وہابی رکھتے ہیں اور ہمارے مذہب کا نام وہابی رکھتے ہیں اس اعتبار سے کہ ان کی نظر میں یہ ایک خاص مذہب ہے، یہ بہت بڑی غلطی ہے۔ جس کا سبب مصلحت پرستوں کا جھوٹا پروپیگنڈا ہے۔ ہم نئے مذہب یا نئے عقیدہ کے لوگ نہیں۔ اور نہ ہی محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ کوئی نیا عقیدہ یا مذہب لے کر آئے تھے۔ ہمارا عقیدہ کتاب وسنت کا عقیدہ ہے جو سلف صالحین کا عقیدہ تھا۔ ہم ائمہ اربعہ کا احترام کرتے ہیں ہماری نظر میں مالک، شافعی، احمد اور ابوحنیفہ میں کوئی فرق نہیں۔ مسلمان جب تک کتاب و سنت کے عامل رہیں گے خیر اور بھلائی میں رہیں گے، دنیا و آخرت کی سعادت وہ حاصل ہی نہیں کر سکتے جب تک کلمہ توحید کے عامل نہ ہو جائیں۔''[1]

اسی طرح آپ نے دوسرے موقع پر فرمایا:

«أَنَا مُبَشِّرٌ أَدْعُوْ لِدِيْنِ الْإِسْلَامِ وَنَشْرِهِ بَيْنَ الْأَقْوَامِ أَنَا دَاعِيَةٌ لِعَقِيْدَةِ السَّلَفِ الصَّالِحِ ، وَعَقِيْدَةُ السَّلَفِ الصَّالِحِ هِيَ التَّمَسُّكُ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهِ ﷺ وَمَا جَاءَ عَنِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ.»

''میں دین کا داعی ہوں، دین اسلام کی طرف اور تمام اقوام عالم میں اسے پھیلانے کی دعوت دیتا ہوں، میں سلف صالحین کے عقیدے کا داعی ہوں اور وہ عقیدہ کتاب وسنت اور خلفاء راشدین کی سنت پر تمسک کرنا ہے۔''

[1] المصحف والسیف، ص: 52، 53۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مکہ مکرمہ کے ایک اور خطاب میں فرمایا:

«أَنَا بِذِمَّتِكُمْ وَأَنْتُمْ بِذِمَّتِي ، إِنَّ الدِّيْنَ النَّصِيْحَةَ أَنَا مِنْكُمْ وَأَنْتُمْ مِنِّيْ ، هٰذِهِ عَقِيْدَتُنَا فِي الْكُتُبِ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ فَإِنْ كَانَ فِيْهَا مَا يُخَالِفُ كِتَابَ اللّٰهِ فَرُدُّوْنَا عَنْهُ وَاسْأَلُوْنَا عَمَّا يُشْكِلُ عَلَيْكُمْ فِيْهَا ، وَالْحُكْمُ بَيْنَنَا كِتَابُ اللّٰهِ وَمَا جَاءَ فِيْ كُتُبِ الْحَدِيْثِ وَالسُّنَّةِ.»

''ہم میں سے ہر ایک دوسرے کے ذمہ میں ہے۔ دین خیر خواہی کا نام ہے۔ ہم سب ایک ہی ہیں، ہمارا عقیدہ کتابوں میں دیکھ سکتے ہیں۔ اس میں جو بھی جزء اللہ سبحانہٗ کی کتاب کے خلاف ہو تو ہمیں اس سے روکیں! اور جہاں شبہ ہو ہم سے پوچھیں! ہمارے اور آپ کے درمیان فیصل اللہ کی کتاب اور حدیث و سنت کی کتابوں میں جو کچھ آیا ہے وہ ہے۔''[1]

حکومت سعودیہ کے علماء کے عمل بالکتاب والسنۃ اور عدم تعصب کی واضح دلیل یہ ہے، کہ انہوں نے اپنی جامعات میں فقہ مقارن کے مادے کی تدریس کو مقرر کر رکھا ہے۔

ابن رشد مالکی کی «بداية المجتهد»، ابن کثیر شافعی کی «تفسير القرآن العظيم»، امام طحاوی حنفی رحمہ اللہ کی کتاب «العقيدة الطحاويه» اور ابن ابی العز حنفی کی «شرح العقيدة الطحاويه» کو داخل درس و تدریس کر رکھا ہے۔

ائمہ الدعوۃ و دیگر علماء مملکت کی کتابیں پوری دنیا میں پھیلی ہیں۔ نئے آلات کے ذریعہ ان کی آواز ان کے فتاویٰ اور دروس سنے اور پڑھے جاتے ہیں۔ ان سب میں صراحۃً کسی خاص مذہب کے علاوہ کتاب و سنت اور خالص سلفی عقیدہ کی طرف دعوت ہے۔

1 شبه الجزيره :3/790، 791.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ کا فضل و احسان ہے کہ اس حکومت کے حکام اللہ کے دین کے عامل ہیں۔

کس قدر خوشی ہوتی ہے جب ہم یہاں کے ذمہ داران اُمراء و وزراء اور حکام سے علی الاعلان یہ بات سنتے ہیں کہ ہمارا عقیدہ "کتاب وسنت" ہے اور اسی پر عمل ہے۔ اللہ ان کی مدد فرمائے۔ آمین۔

یہی وجہ ہے کہ بلادِ مقدسہ میں مختلف جماعتوں اور پارٹیوں کا وجود نہیں، اور نہ ہی آپس میں ان کی سیاسی اور دینی رسہ کشی ہے۔

عقیدہ اور مذہب کا تعصب وہاں ہوتا ہے، یا مختلف پارٹیاں وہاں ہوتی ہیں اور وہ ایک دوسرے کو دانت وہاں دکھاتی ہیں، جہاں اللہ کی شریعت کی حکومت نہ ہو، یا پھر کفر محض کی حکومتوں میں جہاں مسلمان اُقلیت میں ہوں۔ وہاں باطل عقیدہ پر اور کتاب وسنت سے منحرف طریقۂ فکر پر تحزب اور تعصب کو پوری آزادی دی جاتی ہے۔

کافر حکومتیں اپنی مصلحتوں کی خاطر غلط عقائد اور مکاتب فکر اور دنیا سے بھاگے ہوئے مفسدین کو پناہ دے کر ان کی تائید کرتی اور انہیں کتاب وسنت سے روکنے میں مدد کرتی ہیں یا پھر اسلامی حکومتوں میں ان کے ذریعے فساد مچاتی ہیں۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہر جگہ اور ہر زمانے میں بہت سے مخالف اسلام دین خالص کو بہت سے مسلمانوں سے زیادہ جانتے رہے ہیں۔

بعینہٖ اسی طرح جس طرح عہد نبوی میں کفار لاالٰہ الا اللہ کا معنی پورے طور پر جانتے سمجھتے تھے۔ تبھی تو چیخ پڑے تھے۔

﴿ أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝ ﴾ [1]

[1] ص: 5۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"کیا محمد (ﷺ) نے تمام الٰہ کو چھوڑ کر ایک الٰہ کو قبول کرلیا ہے، بڑی عجیب بات ہے؟"

حکومتوں کے ذریعہ کسی بھی مذہب اور فکر کا پھیلنا اور پھیلانا اس سے بھی سمجھ میں آتا ہے کہ ابھی ماضی قریب میں ایک شخصیت تھی جن کا نام نواب صدیق حسن خان تھا رحمہ اللہ جب آپ کے ہاتھ میں بھوپال کی ولایت کی باگ ڈور آئی تو آپ نے ولایت کو خالص سلفی حکومت بنا دیا۔

مولانا بشیر سوانی جیسے بڑے بڑے علماء اہل حدیث کو جمع کر کے مجلس علمی بنائی خود انہوں نے احیاء سنت کے لیے مختلف تالیفات لکھیں، علماء کی تالیفات سلفیہ منظر عام پر آئیں۔ حدیث اور عقیدہ سلفیہ سے متعلق کتابوں کو چھاپ کر لوگوں میں مفت تقسیم کیا، کتب تفسیر و شروح حدیث کو چھاپا اور اس کی اشاعت عام کی۔

«فتح الباری»، «تفسیر ابن کثیر» اور «نیل الاوطار» جیسی عظیم الشان کتابوں کو نشر کیا۔ اور پوری دنیا میں اسے اپنی جیب خاص سے تقسیم کیا۔ ہاں ہندوستان جیسے ملک میں یہ واقعہ بھی پیش آیا کہ متعصب علماء فتح الباری کا نسخہ ان کی طرف سے ہدیہ بھی قبول نہ کرتے تھے۔ کیونکہ یہ کتاب ان کے مذہب کے خلاف ہے۔

اپنی تالیفات اور مطبوعات کو پہنچانے کے لیے مختلف ممالک میں انہوں نے معتمدین رکھے ہوئے تھے۔ قلمی کتابوں کے خریدنے اور بھوپال بھیجنے کے لیے بھی مصر، شام اور مراکش وغیرہ میں ان کے معتمد لوگ تھے۔

یقیناً ان کے عہد ولایت میں پوری دنیا میں سلفیت اور مسلک اہل حدیث کا بہت زیادہ تعارف ہوا اور بہت سے لوگ ہدایت یاب ہوئے۔ مخالفین کی ریشہ دوانیوں کے شکار بھی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوئے۔ رحمہ اللہ۔ (دیکھیں: ڈاکٹر اختر جمال لقمان سلفی سلمہ اللہ کی کتاب ''السید صدیق حسن خان القنوجی'')

یہ حادثہ بھی اس بات کے سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ «اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ وَکُبَرَائِھِمْ» کا مقولہ صحیح ہے کہ مسلمانوں کو اللہ نے اپنے دین خالص ہی کی اقامت واحیاء کا حکم دیا ہے کسی کے مذہب کے احیاء یا اس کی دعوت وتبلیغ کا حکم نہیں دیا۔ ہماری دعا ہے کہ کسی زمانے میں کوئی بھی دین اسلام کو عہد نبوی کی شکل وصورت میں واپس لانے کی کوشش کرے اللہ اس کو قائم ودائم رکھے اور اپنی مدد سے نوازے۔ آمین۔

مذاہب اربعہ کے پھیلنے کے اسباب میں سے ایک اہم سبب یہ بھی ہے کہ لوگوں نے اوقاف، رہائش گاہیں، رباطوں اور مدارس ومکتبات تک کو خاص مذاہب کے ساتھ خاص کیا۔ ①

ان اوقاف اور مدارس نے بھی لوگوں کو اپنی طرف کھینچنے میں بڑا پارٹ ادا کیا ہے۔

اب حقیقت واقعہ یہ ہے جس کا انکار ممکن نہیں کہ مختلف عقائدی اور فقہی مذاہب دنیا بھر میں پھیل گئے۔ اصل اور خالص اسلام اجنبی ہوتا جارہا ہے۔ جو عمل بالکتاب والسنہ کی دعوت دیتا ہے۔ اپنے کو کسی مذہب کی طرف منسوب نہ کرکے محمدی، سلفی اثری وغیرہ کی طرف منسوب کرتا ہے تو اسے نکّو کہا جاتا ہے۔ بلکہ ہر آنے والا دن اس سے پہلے والے دن سے برا ہی ہوتا جارہا ہے۔ جیسا کہ انس رضی اللہ عنہ وغیرہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ:

«لَا یَأْتِی یَوْمٌ اِلَّا وَبَعْدَہٗ شَرٌّ مِنْہُ.» ②

عامل بالکتاب والسنہ کو لامذہب، بے دین، غیر مقلد جمہور امت کا مخالف کہا جانے لگا۔

① دیکھیں: الدارس فی تاریخ المدارس ۔ العقد الثمین ۔ ② مسند أحمد: ۳/ ۱۷۹ .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہر ایک کی طرف سے حدت و شدت نے ایسے واقعات کی شکل اختیار کر لی کہ عقل حیران ہے۔ یہ بھی کہا کہ یہ لوگ اعداء دین کے ایجنٹ ہیں وہی در پردہ انہیں حرکت دیتے ہیں۔

جب بعض حکومتوں نے بعض مذاہب کو اختیار کیا تو یقیناً اسی مذہب کے مطابق چھوٹے بڑے طلباء کو تعلیم دی جانے لگی۔ غیر معقول بات ہے کہ کوئی اگر شافعی یا حنفی، حنبلی یا مالکی مذہب کا ہے تو وہ دوسرے مذہب کی کتاب تعلیمی منہج اور درس نظامی میں مقرر کرے، اور پڑھائے۔

ہاں اگر دوسرے مذاہب کا ذکر کیا جاتا تو تردید اور بشدت تردید کرنے کے لیے، یہاں تک کہ بعض حالات میں خود ائمہ ہی کے اوپر تشدد کی مار پڑتی۔

ابن العربی کو دیکھیں مالکی مذہب کی طرف ان کا انتساب ہے۔ لیکن «أحكام القرآن» میں امام شافعی کا ذکر بڑی حقارت سے فرماتے ہیں۔ [1]

بعض فقہ و اصول کی کتابوں میں امام شافعی اور داؤد ظاہری کو جہالت کی طرف منسوب کرنے میں بھی تامل نہیں کیا گیا۔ [2]

تردید میں مناظرہ کا انداز اختیار کر کے مخالف کے لیے خصوم کا لفظ استعمال کیا گیا۔

حکومت کے ذمہ داران کا تدریس و افتاء، قضاء اور وزارت میں اپنے مذہب کے علماء کی تعیین کرنا یہ ایک فطری بات ہے۔

اس ماحول میں جو طالب علم آنکھ کھولتا ہے دین کو اسی شکل میں سیکھتا ہے جس کی تلقین کی

---

[1] دیکھیں! احکام القرآن: 53/1، تفسیر «واتبعوا ما تتلوا الشیاطین» 155/1۔ مسئلہ میعاد لزوم الصوم: 360/1.

[2] دیکھیں: نور الانوار، ص: 208۔ مسئلہ ایلاء الکافر: 334/2، تحت قولہ تعالیٰ: ﴿فابعثوا حكما من أهله﴾ وغیرہ)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاتی ہے۔خصوصاً عقیدہ اور فقہ کے دروس میں مذہب مخالف کے مسائل کی سختی یا نرمی سے تردید کی جاتی ہے تو اس کے ذہن میں یہی بات جاگزین ہوجاتی ہے کہ ہمارے مذہب کے علاوہ تمام مذاہب باطل یا غلط ہیں۔

طالب علم دیکھتا ہے کہ اکثر لوگ اس شہر میں اسی خاص مذہب پر ہیں۔ایسی حالت میں ہی پلتا، بڑھتا، جوان ہوتا ہے فارغ التحصیل ہوکر تدریس وافتاء اور قضا کے منصب پر پہنچ جاتا ہے۔مذہب ہی کی روشنی میں اس کی تمام خدمات ہوتی ہیں۔مسجد حرام میں پانچ یا چار مصلوں کو دیکھتا ہے بعض حالات میں وہ خود امام حرم ہوتا ہے۔مذاہب کی مخصوص مساجد کی امامت کرتا اور ہمیشہ یہی ورد زبان رہتا ہے کہ ہم شافعیہ کے مذہب میں یہ ہے، حنفی عالم کہتا ہے کہ حنفیہ کے مذہب میں ایسا ہے، مالکیہ، حنبلیہ بھی اسی طرح کہتے اور کرتے ہیں۔رات دن کان میں یہی آواز پڑتی، یہی کچھ ہوتا رہتا ہے۔

دم گھٹا دینے والے ایسے ہولناک ماحول میں دین خالص کو ڈھونڈنے اور تلاش کرنے والا حیران ہوجاتا ہے کہ کیا یہی وہ دین ہے جسے اللہ نے اپنے نبی محمد ﷺ پر نازل فرمایا تھا جس کے کئی بازو ہیں۔اور ہر ایک بازو دوسرے سے برسر پیکار ہے۔ہم خود یہ سوال کرسکتے ہیں کہ جب فقہاء مذاہب ایک دوسرے کو غلطی پر بتاتے ہیں تو اللہ کے یہاں سے نازل شدہ وہ احکام جس کے قریب باطل پھٹک بھی نہیں سکتا کس کے پاس ملیں گے؟

﴿ لَّا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ۝ ﴾ [1]

''یعنی جس کے پاس باطل پھٹک بھی نہیں سکتا نہ اس کے آگے سے نہ پیچھے سے

[1] حم السجدہ : 42 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ حکمتوں اور خوبیوں والے رب کی طرف سے نازل کردہ ہے۔"

ایک حیران و پریشان طالب علم و دین کو کیا جواب دیا جائے۔ مذاہب کے متعصب اور متشدد علماء کرام اس طالب علم کو کس طرح تسلی بخش جواب دیں گے؟

یہ بھی امر واقعی ہے کہ ایک نو مسلم جب دیکھتا ہے کہ ہر مذہب کے لوگ اسے اپنی طرف کھینچنے لگتے ہیں تو حیران ہو جاتا ہے کہ کون سا مذہب اختیار کرے؟

آگے چل کر قادیانی، رافضی، بابی، بہائی وغیرہ فرقے کے لوگ بھی اسے ملتے ہیں ان میں سے ہر ایک اسلام کے نام سے اسے اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ بیچارا ان حالات میں کیا کرے؟ نتیجتاً حیرانی ہی حیرانی ہوتی ہے۔

شیخ محمد سلطان معصومی نے اپنی کتاب «هدیه السلطان» میں ذکر کیا ہے کہ جاپان کے شہر ٹوکیو کے مسلمانوں کے یہاں سے میرے پاس سوالنامہ آیا۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ: دین اسلام کی حقیقت کیا ہے؟ مذہب کا معنی کیا ہے؟ کیا جو شخص دین اسلام کو قبول کرنے کا شرف حاصل کرتا ہے اسے مذاہب اربعہ مالکی، حنفی، شافعی یا حنبلی وغیرہ میں سے کسی نہ کسی مذہب پر رہنا لازم ہے یا نہیں؟

کیونکہ ہمارے ہاں اس پر بڑا اختلاف ہوا، اس وقت جبکہ جاپان کے کچھ روشن فکر لوگوں نے دین اسلام میں داخل ہونے اور ایمان کے شرف سے مشرف ہونے کا ارادہ ظاہر کیا۔

انہوں نے ٹوکیو میں واقع جمعیۃ المسلمین کے سامنے اپنا مسئلہ پیش کیا، تو ہندوستان کی ایک جماعت نے ان سے کہا کہ انہیں امام ابوحنیفہ کا مذہب اختیار کرنا چاہئے۔

کیونکہ آپ امت کے چراغ ہیں [1] انڈونیشیا "جاوا" کے لوگوں نے کہا: انہیں شافعی

[1] یہ جملہ «ابو حنیفه سراج أمتی» ایک موضوع اور جھوٹی حدیث کا ترجمہ ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رہنا ضروری ہے۔ جاپانیوں نے ان کی باتوں کو سن کر بڑا تعجب کیا اور اسلام کو قبول کرنے میں انہیں حیرانی ہوئی نتیجہ یہ ہوا کہ مذاہب کا یہ اختلاف ان کے اسلام لانے کے راستے میں حائل ہوگیا۔

استاذ محترم! ہمیں معلوم ہے کہ آپ کے علم کے ذریعہ ان شاء اللہ اس مرض سے شفاء مل جائے گی۔ آپ سے ہمیں امید ہے کہ آپ اپنے بحر کرم کے فیض سے اس حقیقت کی وضاحت فرمائیں گے! تاکہ ہمارے دل جہالت کی مرض سے شفا پاکر مطمئن ہو جائیں۔ (1)

تو شیخ نے اس کا جواب کتاب وسنت کے تمسک کی تاکید میں لکھا۔

شیخ محمد الغزالی نے بھی اپنی کتاب " ظلام من الغرب "میں ذکر کیا ہے۔ کہ امریکہ کی پرنسٹن یونیورسٹی کی کانفرنس میں کسی مقرر نے یہ سوال اٹھایا جسے اکثر مستشرقین اور اسلام سے دلچسپی رکھنے والے اٹھایا کرتے ہیں کہ مسلمان دنیا کے لوگوں کے سامنے کس اسلام کو پیش کریں گے؟ اس کا تعین کریں۔ کیا سنی اسلام کو یا شیعہ امامیہ، زیدیہ، کے اسلام کو؟ ان میں سے ہر ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ ایک گروہ کسی مسئلے میں خاص انداز سے سوچتا ہے اور دوسرا فریق دوسرے انداز سے سوچتا ہے؟

خلاصہ یہ ہے کہ اسلام کے دعاۃ لوگوں کو حیرت میں ڈال دیتے ہیں۔ کیونکہ وہ بذات خود حیران و پریشان ہیں۔ (2)

اس میں شک نہیں کہ یہ حالات تربیت و تعلیم کی بنا پر بنے ہیں، انسانی کوششوں کو ایک سبب کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ نے مؤثر بنایا ہے۔ اللہ کی مشیت سے کوئی بھی سبب اثر انداز

---

(1) هديه السلطان الى مسلمى بلاد اليابان ، المقدمه .

(2) نقلاً عن مقدمة صفة صلاة النبي: 67/1 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ اِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَ يُنَصِّرَانِهِ، كَمَا تُنْتِجُوْنَ الْبَهِيْمَةَ، هَلْ تَجِدُوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ حَتّٰى تَكُوْنُوْا أَنْتُمْ تَجْدَعُوْنَهَا.» (1)

''ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ لیکن اس کے ماں باپ اور مربی اسے یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں جس طرح جانور کا بچہ پیدا ہوتا ہے۔ اس میں کوئی کان ناک کٹا نہیں ہوتا۔ تم خود اس کے ناک کان کاٹتے ہو۔''

اس کے بعد اپنے ہمایوں علماء سے سوال ہے کہ آپ ہی عوام کو اپنی تقلید کی رسی میں باندھ کر ان کی قیادت کرتے ہیں۔ آپ سے بھی قیامت میں اللہ رب العزت کے سامنے پوچھا جائے گا۔ کیا اللہ رب العزت کا یہی حکم ہے کہ مسلمان آپس میں متفرق ہوں؟ اپنی توانائی اور کوشش کو ایک دوسرے کے خلاف استعمال کریں۔

ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ اس توانائی کو تحقیق مسائل اور مصالح امت میں خرچ کیا جائے۔ اللہ نے ایک میزان اتارا ہے! اس میزان کی روشنی میں امت کے مسائل کو حل کیا جائے۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴾ (2)

---

(1) صحیح البخاری: 603/11، حدیث نمبر: 6599۔
(2) الحدید: 25۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"یقیناً ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی دلیلیں دے کر بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کیا تا کہ لوگ عدل پر قائم رہیں اور ہم نے لوہے کو اتارا جس میں سخت ہیبت اور قوت ہے اور لوگوں کے لیے اور بھی بہت سے فائدے ہیں اور اس لیے بھی کہ اللہ جان لے کہ اس کی اور اس کے رسولوں کی مدد بے دیکھے کون کرتا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ قوت والا اور زبردست ہے۔"

اس میں کوئی شک نہیں کہ تعلیم و تربیت اکثر حالات میں لوگوں کے عقیدے اور سلوک بدلتی ہے۔اس لیے جب تک ہماری تعلیم و تربیت کی یہی خطرناک حالت رہی جس کا ذکر کیا گیا ہے تو اس وقت تک امت کی اصلاح اور ان کا اتحاد و اتفاق ممکن نہیں۔اس لیے صنف علماء کو چاہیئے کہ درس نظامی کے نصاب کو کتاب وسنت کی روشنی میں تیار کریں، نہ کہ مختلف مذاہب کی بنا پر، کیونکہ تجربہ شاہد ہے کہ مذاہب پر تعصب نے ہمیشہ امت کی وحدت کو پارہ پارہ کیا ہے۔

مذاہب سے منتسب بہت سے علماء کی کتابوں میں ہم صلح پسندی کے جذبات پاتے ہیں کہ وہ اعتدال کی دعوت دیتے ہیں، لیکن شاید کھل کر وہ باتیں عوام میں کہنے سے ڈرتے ہیں۔درس و تدریس میں بھی طلباء کو اعتدال پسندی کی تلقین ہونی چاہیئے۔

ان خیالات کا تذکرہ مجالس وعظ و ارشاد، خطبات جمعہ اور عمومی خطابات میں بھی ہونا چاہیئے۔تا کہ عوامی ذہن صاف ہوں! اور اگر کوئی مذہب سے نکل کر کتاب وسنت کی روشنی میں عمل کو قبول کر لے، تو اسے مستحق تعزیر و تعذیب نہ سمجھا جائے، نہ اس سے نفرت کی جائے! وہ کافر نہ ہوا، اسے ایک مسلمان کا حق دیا جائے، تا کہ حالات میں سدھار ہو اور جد... وشدت کا خاتمہ ہو سکے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 10

# تقلید اور تعصب کی خرابیاں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عقل سے کام نہ لینا:

تقلید کی صورت میں انسان اپنی عقل سے کام نہیں لیتا! نہ ہی اپنے عقیدہ وعمل کے نتائج کے بارے میں سوچتا ہے! اس لیے تقلید سے ایسے اعمال کر گزرتا ہے کہ اگر اپنی عقل سے کرتا تو شاید ان اعمال کا ارتکاب نہ کرتا۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول اس حقیقت کا ترجمان ہے:

«أَلَا لَا يُقَلِّدَنَّ أَحَدُكُمْ دِيْنَهُ رَجُلًا إِنْ آمَنَ آمَنَ، وَإِنْ كَفَرَ كَفَرَ فَإِنَّهُ لَا أُسْوَةَ فِيْ الشَّرِّ.»

''خبردار! کوئی اپنے دین میں کسی کی تقلید نہ کرے! کہ وہ ایمان لائے تو مقلد بھی لائے۔ اور اگر وہ کفر کرے تو مقلد بھی کفر کر جائے۔ یاد رہے کہ برائی میں کسی کو نمونہ نہیں بنانا چاہیے۔''[1]

عبداللہ بن المعتز کا کہنا ہے:

«لَا فَرْقَ بَيْنَ بَهِيْمَةٍ تُقَادُ وَإِنْسَانٍ يُقَلِّدُ.»

[1] جامع بيان العلم وفضله: 2/988، 989.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"چوپایہ جس کی گردن میں رسی ڈال کر کھینچا جاتا ہے اور مقلد انسان میں کوئی فرق نہیں۔"①

رسول اللہ ﷺ کے چچا ابو طالب کی موت عبدالمطلب کی ملت پر ان لوگوں کی تقلید و تضلیل کی بنا پر ہوئی جو موت کے وقت وہاں حاضر تھے، حالانکہ وہ عرب کے مانے ہوئے عقلمند شخص تھے۔ پیارے رسول ﷺ سے انتہائی محبت رکھتے اور رسول ﷺ بھی ان سے حد درجہ محبت فرماتے تھے۔ ابو طالب آپ کی دعوت کی تصدیق بھی کرتے تھے لیکن شہادتین کے بولنے کی توفیق تقلید کی بنا پر نہ ہوسکی۔

مسیّب بن حزن کہتے ہیں: کہ جب ابو طالب کی وفات کا وقت آیا نبی کریم ﷺ ان کے پاس آئے، وہاں ابو جہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بھی تھے، آپ نے کہا: چچا «لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ» کہہ دیں! اس کلمہ کی بنا پر میں اللہ کی جناب میں آپ کے ایمان کی گواہی دوں گا۔ ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ نے کہا: ابو طالب! کیا عبدالمطلب کی ملت کو چھوڑ دو گے؟ نبی کریم ﷺ بار بار انہیں «لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ» کی تلقین کرتے رہے، پھر بھی ابو طالب کی آخری بات یہی رہی کہ وہ عبدالمطلب کی ملت پر ہیں۔ «لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ» کہنے سے انکار کر دیا۔②

گزشتہ انبیاء کرام کی اقوام کی گمراہی کا سبب تقلید آباء ہی رہا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے:

﴿قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۗ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ۝﴾③

① جامع بیان العلم وفضله: 2/988، 989.

② صحیح مسلم: 1/54، کتاب الایمان.

③ البقرة: 170.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''انہوں نے کہا کہ ہم اپنے آباء واجداد کے طریقے کی اتباع کریں گے، کیا یہ لوگ ان کے اپنے آباء جو عقل اور ہدایت نہیں رکھتے تھے ان ہی کی اتباع کریں گے؟''

﴿وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ مَا أَنزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ قَالُوا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ○﴾ ①

''جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کی اتاری ہوئی شریعت اور رسول ﷺ کی طرف آؤ تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہمیں وہی کافی ہے جس پر ہم اپنے آباء واجداد کو پاتے ہیں۔ کیا وہ انہی کی اتباع کریں گے اگرچہ ان کے آباء واجداد نہ کچھ جانتے تھے اور نہ ہی ہدایت پر تھے۔''

﴿قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا وَتَكُونَ لَكُمَا الْكِبْرِيَاءُ فِي الْأَرْضِ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِينَ ○﴾ ②

''وہ لوگ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہم کو اس طریقہ سے ہٹا دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے اور تم دونوں کو دنیا میں بڑائی مل جائے ہم تم دونوں کو کبھی نہ مانیں گے۔''

ان کے علاوہ اور دوسری آیات بھی اسی معنی کی ہیں۔ دیکھیں! سورۃ لقمان: 22، سورۃ الزخرف: 21، آل عمران: 103۔

① المائدہ: 104۔ ② یونس: 78۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



امت میں افتراق اندھی تقلید پر تعصب سے بڑی خرابیاں آئیں۔ قدریہ، شیعہ، خوارج اسی تقلید ہی کی بنا پر ابھرے! اسی طرح عقیدے سے متعلق اعتزال، اشعریت، ماتریدیت وغیرہ دوسرے مذاہب اسی تقلید ہی کی پیداوار ہیں۔ اللہ کے احکام کی مخالفت اسی تقلید ہی کی بنا پر ہوئی۔ مسلمانوں میں فرقوں اور مختلف جماعتوں کا وجود بعض ائمہ کی تقلید ہی کی بنا پر ظاہر ہوا۔ اور ہر ایک فرقہ دوسرے کو ستانے اور زیر کرنے کی کوشش اسی کی بنا پر کر رہا ہے۔

اس لیے تعصب مذہبی کی بنا پر امت میں دوسری خرابیوں کی طرح جو خرابی وجود میں آئی وہ فرقوں میں بٹنے کی ہے۔ کہ اس کی بنا پر دوستی یا دشمنی کی جانے لگی۔ حالانکہ اللہ رب العزت نے اتحاد و محبت اور عدم تفرق کا حکم دیا ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا﴾ ①

"اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑلو اور فرقوں میں نہ بنو۔"

اس مذہبی تعصب سے افتراق و عداوت ہی کی وجہ سے بعض اصحاب مذہب نے مخالف مذہب کی لڑکی یا اس کے عکس سے نکاح کو ناجائز کہا ہے۔ بعض نے مخالف مذہب کی لڑکی کو یہودی یا نصرانی عورت کی طرح سمجھ کر نکاح کو جائز کہا۔

اسی طرح مخالف مذہب کے امام کے پیچھے صلاۃ کو بھی ناجائز کہا ہے۔

کمال ابن الھمامؒ لکھتے ہیں:

کہ ابوالیسر نے کہا ہے: کہ حنفی آدمی کی صلاۃ شافعی کے پیچھے جائز نہیں! اس کی وجہ یہ ہے کہ مکحول نسفی نے اپنی کتاب "الشعاع" میں لکھا ہے۔ کہ رکوع کو جاتے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے ہاتھ اٹھانے سے صلاۃ فاسد ہو جاتی ہے کیونکہ یہ عمل کثیر ہے۔ قاضی خاں نے

① آل عمران: 103۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جواز کے لیے یہ شرط لگائی ہے کہ شافعی اگر متعصب نہیں اور ایمان میں شک نہیں رکھتا۔ ①
اور اختلاف کی جگہوں میں احتیاط سے کام لے۔ ②

ابن القیم رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اسی حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا.»

''کہ جو میرے بعد زندہ رہے گا تو امت میں بہت کچھ اختلاف دیکھے گا۔''

اس میں دین میں اختلاف کرنے والوں کی مذمت، اور ان کے طریقے سے تحذیر ہے۔ مسلمانوں میں شدت اختلاف تقلید اور مقلدین کے سبب سے ہوا، جنہوں نے دین کو مختلف ٹولیوں میں بانٹ دیا۔ ہر فرقہ اپنے امام کی تائید کرتا، اور اسی کی طرف لوگوں کو بلاتا ہے اور مخالف کی مذمت کرتا ہے۔ مخالف کے قول پر عمل جائز نہیں سمجھتا، ایسا معلوم ہوتا ہے جیسا کہ وہ دوسرے دین کا متبع ہے۔ یہ لوگ مخالف کی تردید میں جان توڑ کوشش کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں ان کی کتاب اور ہماری کتاب، ان کے ائمہ اور ہمارے ائمہ، ان کا مذہب اور ہمارا مذہب، یہ سب کچھ تفرق و تفریق مسلمانوں میں ہو رہا ہے۔

حالانکہ سب کے نبی ایک، سب کا قرآن ایک، سب کا دین ایک، سب کا رب ایک ہی ہے۔ ان حالات میں ایک ہی کلمہ ہے جس پر سب کا اتفاق ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کی مطلق اطاعت نہ کریں، کسی اور کے قول کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نصوص کا درجہ

① فتح القدير: 31/1.

② شاید یہ کہنا چاہتے ہوں کہ ''وہ ان شاء اللہ مومن ہے'' کہنے کو جائز نہ سمجھتا ہو کیونکہ اشعری عقیدے میں ''ان شاء اللہ میں مومن ہوں'' کہنا ایمان میں شک کرنا ہوا۔ (دیکھیں! شرح العقیدہ الطحاویہ، ص: 395 تا 398) لیکن سلف صالحین ''ان شاء اللہ میں مومن ہوں'' اس معنی میں کہنا جائز سمجھتے ہیں۔ کہ آئندہ بھی اللہ مقلب القلوب ہمیں ایمان پر ثابت رکھے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہ دیں! اللہ کے علاوہ کسی کو رب نہ بنائیں، سب کا فرض ہے کہ اسی کلمہ کے تابع ہو جائیں۔

اگر تمام مذاہب کے لوگ اسی کلمہ پر متفق ہو جائیں! اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ نے جس کی طرف دعوت دی ہے اسی کے تابع ہو جائیں، سنت رسول ﷺ اور آثار صحابہ سے اپنے فیصلے لیں، تو اختلاف اگر مکمل طور پر ختم نہیں ہوسکتا مگر کم ضرور ہو جائے گا۔

شیخ محمد حیات سندھی حنفی نے کہا ہے:

> ”ہمارے اہل زمانہ نے جو خاص مذہب کے التزام کی بدعت ایجاد کی ہے کہ ہر ایک کسی ایک مذہب سے منتقل ہو کر دوسرے مذہب میں جانے کو ناجائز کہتا ہے۔ تو یہ جہالت، بدعت اور ظلم ہے۔ ہم نے ایسے لوگوں کو دیکھا ہے جو صحیح غیر منسوخ احادیث کو چھوڑ کر جن مذاہب کی کوئی سند نہیں انہی سے تمسک کرتے ہیں۔“ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ [1]

جیسا کہ پہلے میں نے ذکر کیا ہے۔ کہ انہی اختلافات ہی کی بنا پر بعض صدیوں میں کتابوں اور فقہی مباحث میں ہمیں مناظرہ کا انداز نظر آتا ہے۔

اس کی واضح مثال آپ زیلعیؒ کی «نصب الرایه فی تخریج احادیث الهدایه» میں دیکھ سکتے ہیں کہ اس میں مخالف دلیلوں کو حدیث الخصوم کے نام سے ذکر کرتے ہیں۔

اسی طرح امام الحرمین شافعی نے کئی اشیاء میں امام ابوحنیفہ پر طعن و تشنیع کی ہے، اس کے بعد کہا ہے: کہ جس صلاۃ کو امام ابوحنیفہ جائز کہتے ہیں اگر کسی عام آدمی کے سامنے پیش کی جائے تو وہ قبول نہ کرے۔ اور نماز دین کا کھمبا ہے۔

صلاۃ کے متعلق ان کے عقیدہ کے فاسد ہونے سے ان کے مذہب کے بطلان کی

[1] نقلا عن ایقاظ همم اولی الابصار، ص: 70۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وضاحت ہوتی ہے۔ ①

مذاہب کی اس رسہ کشی کی مثالیں کتابوں میں بہت ملتی ہیں ،انہی تعصب اور اختلاف کے نتیجے میں ہی لوگوں نے مسجد الحرام کو چار مصلوں میں بانٹ رکھا تھا، بلکہ بعض سالوں میں زیدیہ کا پانچواں محراب بھی تھا۔جیسا کہ ابن جبیر اندلسی نے 578ھ کے سفرنامہ حج میں ذکر کیا ہے۔سبحان اللہ۔اختلاف کا کس قدر بدنما منظر تھا جسے دیکھ کر دشمن کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔

علامہ ابن ابی العز حنفیؒ (المتوفی 792ھ) نے بھی مقامات اور مصلوں کا ذکر کیا ہے، کہتے ہیں: ''اختلاف اور تفرق کی تقویت کا ایک سبب مسجد حرام اور جامع اُموی دمشق میں ہر مذہب کے الگ الگ امام کی تقرری بھی ہے۔ ہر امام خاص طرح سے اپنی صلاۃ پڑھتا ہے۔

صلاۃ الخوف میں اگرچہ صلاۃ کے منافی اعمال ہوتے ہیں۔پھر بھی جماعت کی وحدت کی خاطر اسے مشروع کیا گیا ہے۔

صلاۃ الخوف کی مشروعیت ہی دلیل ہے کہ مسجد حرام اور عام مساجد میں بیک وقت صلاۃ کے لیے مختلف امام کی تعیین غیر شرعی ہے۔'' ②

صنعانی کہتے ہیں: ''کہ اللہ کا یہ حرم جس کے بارے میں دنیا کے افضل مقام ہونے پر علماء امت کا اجماع ہے اس میں بھی چرکسی ، جاہل ،گمراہ اور برے بادشاہوں میں سے برے بادشاہ نے ان مصلوں کو ایجاد کیا۔جس کی بناپر اللہ کے بندوں کی عبادت کو بھی متفرق کر کے کتنے مفاسد کا ظہور ہوا، اللہ ہی جانتا ہے۔

مسلمانوں کی عبادت کو مختلف ادیان کی طرح متفرق کر رکھا ہے۔ یہ ایسی بدعت ہے

① مغیث الخلق ، ص: 59 . ② الاتباع ، ص :92 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جس سے ابلیس لعین کی آنکھ ٹھنڈی ہوئی اور جس نے مسلمانوں کو شیطان کے لیے مسخرہ بنا رکھا ہے۔''(1)

شوکانی رحمہ اللہ نے کہا ہے: ''مکہ مکرمہ میں مختلف مصلوں کی تعمیر کے بدعت ہونے پر اجماع ہے۔ جسے فرج بن برقوق چرکسی ملوک میں سے برے بادشاہ نے نویں صدی ہجری کے اوائل میں ایجاد کیا۔ اس زمانے کے اہل علم نے اس پر نکیر کیا۔ اور اس کے خلاف تالیفات بھی لکھیں۔ اللہ اکبر۔

تعجب کا مقام ہے کہ اللہ کی زمین میں سب سے افضل جگہ میں مسلمانوں کے برے بادشاہ نے جس بدعت کا ایجاد کیا بعد کے آنے والے اہل خیر بادشاہ اس پر ناراض کیوں اور کیسے نہ ہوئے۔ خصوصاً جبکہ ان مصلوں نے مسلمانوں کی جماعت صلاۃ کو کئی ٹکڑوں میں بانٹ دیا ہے۔

صادق ومصدوق اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اختلاف اور تفرق سے منع کرتے اور اتحاد واتفاق کا حکم دیتے تھے۔ بلکہ آپ نے صلاۃ کی مختلف جماعتوں سے منع کیا ہے۔

سب سے خطرناک اور اسلام اور مسلمانوں پر بہت شدید بات ہے کہ حرم شریف میں ہر صلاۃ میں ہر امام کی الگ الگ جماعتیں ہوتی ہیں، ہر فرقہ کے لوگ اپنے ہی مصلے پر اپنے امام کے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں جیسے کہ یہ لوگ مختلف شرائع اور ادیان کے تابع ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔(2)

میں نے اپنی کتاب ''المسجد الحرام تاريخه وأحكامه'' میں اس مسئلے کو

(1) تطہیر الاعتقاد عن ادران الالحاد، ص: 34۔

(2) ارشاد السائل إلی دلائل المسائل، ص: 95۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تاریخی طور پر ذکر کیا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ مجھے تتبع کے بعد ائمہ اربعہ کے مصلوں اور محاریب کا پہلا ذکر 488ھ میں ملا۔ اس کا معنی یہ ہے کہ یہ مصلے نویں صدی سے بہت پہلے ہی ایجاد ہو چکے تھے۔ [1]

اللہ کے فضل وکرم سے یہ بدعت حرم پاک سے ختم ہوگئی۔ جب اسلام کے عبقری اللہ کے دین کے مجدد شاہ عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل فیصل رحمہ اللہ جزیرہ عرب پر حاکم ہوئے اور اپنی حکومت کی بنیاد کتاب وسنت پر رکھی جس نے دین حنیف کی خدمت کا حق الامکان حق ادا کیا، کتاب وسنت کی تعلیم کو عام کیا۔ عقیدہ سلف کی ایسی خدمت کی جس کی مثال بہت صدیوں کے پہلے قرون خیر ہی میں مل سکتی ہے۔ اللہ ان کو اپنی رحمت میں رکھے۔ آمین۔

البتہ اموی مسجد دمشق میں جیسا کہ وہاں کے لوگوں نے بتایا ہے کہ چار محراب اب بھی باقی ہیں۔ اللہ انہیں بھی زائل کر کے مسلمانوں کو ایک امام پر اکٹھا کر دے۔

## علماء کے قول پر حلال وحرام کی بنیاد رکھنا:

تعصب مذہبی کے بڑے نقصانات میں سے یہ بھی ہے کہ: اس پر اللہ رب العزت کا یہ قول ﴿اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ [2] صادق آتا ہے۔

جیسا کہ اس کی تفسیر میں آیا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ کسی کی حلال وحرام کی ہوئی اشیاء کو حلال وحرام سمجھے! حالانکہ اللہ نے اسے حلال یا حرام نہیں بتایا۔ [3]

---

① المسجد الحرام تاریخه وأحكامه، ص: 163، 169 .

② التوبة :31 .

③ سنن الترمذی، ص: 265- ارواء الغلیل: 207/6 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہمارے اس زمانہ میں اس کی سب سے واضح مثال ''حلالہ'' کی ہے، حلالہ اسے کہا جاتا ہے کہ کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاق دے دے۔تین طلاق کے بعد چونکہ بیوی سے رجوع کرنا حرام ہے۔اب اس سے دوسرا نکاح کرنا ہوتو اس کے لیے شرط ہے کہ اس نے کسی دوسرے آدمی سے نکاح کرلیا ہواور وہاں بھی عورت کا نباہ نہیں ہوا، اور دوسرے شوہر نے بھی طلاق دے دی تو پھر ایسی صورت میں پہلا شوہر نئے نکاح سے اسے اپنی بیوی بنا سکتا ہے۔اس کے علاوہ اورکوئی دوسری صورت جائز نہیں۔

لیکن حلالہ میں یہ کیا جاتا ہے کہ کسی آدمی سے اتفاق کرلیا جاتا ہے کہ ایک رات کے لیے تم اس عورت سے نکاح کر کے اس کے ساتھ لطف اٹھالو! دوسرے دن طلاق دے دو۔ اس طلاق اور عدت کے بعد پہلا شوہر اس سے نکاح کرلیتا ہے۔یہ ہے حلالہ۔

اس حلالہ کو حرامہ کہنا صحیح ہوگا۔کیونکہ نبی کریم ﷺ نے اس حرام کام کے کرنے کرانے والے پرلعنت کی بددعا کی ہے، یا اللہ کی لعنت کی خبر دی ہے۔

«لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ.»

''لعنت ہو اللہ کی یا اللہ نے لعنت کی اس پر جو حلالہ کرتا اور جو حلالہ کراتا ہے۔''[1]

سبحان اللہ! ایک مسلمان کیسے راضی ہو پاتا ہے کہ اللہ کا قول:

﴿ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ﴾[2]

سن رہا ہو، پڑھ رہا ہو! پھر بھی شرعی اُمور کے حلال وحرام ہونے میں کسی معین شخص کی تقلید سے خوف نہیں کھاتا، اور اپنے مقلد و متبع امام کے قول کی بنا پر حرام کو حلال یا حلال کو

① سنن الترمذی، ص: 65، سنن نسائی و مسند احمد وغیرہ۔

② التوبة: 31۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حرام کر ڈالتا ہے۔

مقام تعجب تو یہ ہے کہ علماء شریعت ہی اس حرام کام کی نگرانی کرتے ہیں، بلکہ بعض اسلامی مراکز و مدارس میں اس کے لیے خاص دفاتر ہیں۔

کسی فاضل نے ''حلالہ کی چھری'' کے نام سے ایک کتاب تالیف کی ہے۔ اس میں ذکر کیا ہے کہ کئی ایسی شریف لڑکیاں ہیں جو اس چھری سے ذبح ہو چکی ہیں۔ اور وہ تمنا کرتی ہیں کہ کاش! اس برے دن کے دیکھنے اور اس جہنم میں داخل ہونے سے پہلے ہی وہ مر گئی ہوتیں۔ اللہ اپنے بندوں اور بندیوں پر رحم فرمائے!

صحیح احادیث میں ہے۔

«مَا أَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ.»

''یعنی جس چیز کی زیادہ مقدار سے مستی اور نشہ آئے تو اس کی تھوڑی مقدار کا استعمال بھی حرام ہے۔''[1]

بہت ہی صریح حدیث ہے ''ما'' لفظ عموم کے لیے بھی ہے یہاں تک کہ اگر برتن میں یقینی طور پر عام پانی رکھا گیا بعد میں کسی وجہ سے اس میں نشہ پیدا ہو گیا۔ تو اس کا پینا حرام ہوگا۔ لیکن بعض مذاہب میں انگوری شراب کے علاوہ دوسرے شراب کی تھوڑی مقدار میں جس سے نشہ نہ آتا ہو اس کا پینا حلال کیا گیا ہے۔ ان کے ہاں تقلید کے علاوہ اس کے لیے اور کوئی دلیل نہیں۔ اس قسم کی شراب کو حلال کہنے کے نصوص ہدایہ، درمختار، طحاوی، شامی وغیرہ میں دیکھے جا سکتے ہیں۔

علامہ کاسانی المتوفی 587ھ بڑی صراحت سے لکھتے ہیں:

[1] سنن ابوداؤد، حدیث نمبر: 3128.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



«وَأَمَّا الْأَشْرِبَةُ الَّتِیْ یُتَّخَذُ مِنَ الْأَطْعِمَةِ کَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِیْرِ وَالدُّخْنِ وَالذُّرَّةِ وَالْعَسْلِ وَالتِّیْنِ وَالسُّکْرِ وَنَحْوِهَا فَلَا یَجِبُ الْحَدُّ بِشُرْبِهَا لِأَنَّ شُرْبَهَا حَلَالٌ عِنْدَهُمَا وَعِنْدَ مُحَمَّدٍ وَإِنْ کَانَ حَرَامًا لٰکِنْ هِیَ حُرْمَةٌ مَحَلِّ الْإِجْتِهَادِ فَلَمْ یَکُنْ شُرْبُهَا جِنَایَةً مَحْضَةً، فَلَا تَتَعَلَّقُ بِهَا عُقُوْبَةٌ مَحْضَةٌ وَلَا بِالسُّکْرِ مِنْهَا، وَهُوَ الصَّحِیْحُ لِأَنَّ الشُّرْبَ إِذَا لَمْ یَکُنْ حَرَامًا أَصْلًا فَلَا عِبْرَةَ بِنَفْسِ السُّکْرِ کَشَرَابِ الْبَنْجِ وَغَیْرِهٖ.»

جو شراب گندم، جو، باجرا، شہد، انجیر، چینی وغیرہ سے بنتی ہے۔ اس کے پینے پر کوئی حد نہیں۔ اس لیے کہ اس کا پینا شیخین کے نزدیک حلال ہے، امام محمد اسے حرام فرماتے ہیں لیکن یہ ایک اجتہادی مسئلہ ہے۔ اس لیے اس کا پینا قطعی جنایت نہیں اس کے پینے والے پر سزا بھی نہ ہوگی۔ بلکہ اگر نشہ اور مستی بھی آجائے پھر بھی سزا نہیں! یہی مذہب صحیح ہے کیونکہ جب حرام نہ ہو تو پھر نشہ کا کوئی اعتبار نہیں۔ جس طرح بھنگ وغیرہ کے استعمال پر کوئی سزا نہیں!''[1]

دیکھیے [illegible] صراحت سے کہہ گئے کہ اس کا پینا حلال ہے حرام نہیں! اور نشے کا کوئی اعتبار نہیں۔ حالانکہ حدیث «مَا أَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ» میں سکر یعنی نشے ہی کا اعتبار کیا گیا ہے۔ یہ بات صرف تقلید کا بندہ ہی کہہ سکتا ہے۔ حدیث شریف پر عمل کرنے والے اس بات کو سن کر کانپ جائیں گے۔

[1] بدائع الصنائع للکاسانی: 40/7.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مذہب کی خاطر صحیح احادیث کو ترک کرنا:

اسی طرح مذہبی تعصب کی رسوائیوں میں سے یہ بھی ہے: کہ متعصب مقلد اپنے مذہب کی بنا پر صحیح احادیث رسول ﷺ کی پرواہ نہیں کرتا۔ ①

اس کی مثال گھوڑے کے گوشت کو حرام کہنا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ صحیح بخاری میں صحیح اور صریح فی اللفظ والمعنی احادیث میں گھوڑے کے گوشت کی حلت ثابت ہے۔

نیز امت کا اجماع واتفاق ہے۔ کہ سوائے چند احادیث کے صحیح بخاری کی تمام احادیث صحیح ہیں۔ اجماع کی مخالفت جائز نہیں! اور جن چند احادیث پر کسی نے اعتراض کیا ہے اگرچہ وہ اجماع سے خارج ہیں لیکن وہ اکثر علماء حدیث کے یہاں صحیح ہیں۔ اس کے باوجود پرانے زمانے کے ایک بڑے حنفی عالم ابو یوسف بن موسی بن محمد بن ابی تکین الملطی ثم الحلبی نے یہاں تک کہہ دیا:

«مَنْ نَظَرَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي تَزَنْدَقَ.»

''جو صحیح بخاری کو دیکھے اور پڑھے گا وہ بے دین ہو جائے گا۔'' ②

اسی طرح بہت سی چڑیوں اور درندوں کی حدیث سے حرمت ثابت ہے لیکن بعض مذاہب میں ان کی حلت میں کافی توسع اور لچک ہے۔ اسی طرح بعض مذاہب میں عورتوں کا مسجد میں کوئی صلاۃ پڑھنی جائز نہیں ہے۔ اسی طرح عیدین کی صلاۃ کے لیے بھی ان کا نکلنا جائز نہیں! اسی طرح بعض مذاہب میں قیام صلاۃ میں ہاتھ کو سینے پر نہ رکھنے کی بجائے

① دیکھیں قواعد الاحکام لعز بن عبد السلام: 136/2.

② إنباء الغمر بأبناء العمر: 448/4.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیدھا لٹکائے رکھنا، صراحتاً صحیح حدیث کی مخالفت ہے۔

تعصب مذاہب کی بنا پر احادیث کے رد کرنے، نیز دور از کار تاویلات کرنے یا ضعیف احادیث سے مذہب کے لیے استدلال کرنے سے متعلق مزید مثالیں دیکھنا چاہیں تو «اعلام الموقعین» کا مطالعہ کریں۔

## مذہب کے مطابق صحیح احادیث کی غلط تاویلات:

مذہبی تعصب کے برے اثرات میں سے یہ بھی ہے کہ متعصب علماء تک صحیح احادیث کو ترک کرنے کے لیے حدیث کی دور از کار تاویلات اور حیلے بہانے کرتے ہیں، تا کہ حدیث کو نہ لیا جائے اور مذہب کی بات باقی رہ جائے۔ یہ علماء تاویل جب کریں گے تو نصوصِ سنت کی اور مذہب کا قول اپنے ظاہر ہی پر محمول کریں گے۔ لیکن تاویل کا خنجر نصوص ہی پر چلائیں گے۔

## علماء امت کے بعض اقوال بطور شہادت ملاحظہ کیے جائیں:

عز الدین بن عبد السلام (ت 660ھ) کہتے ہیں:

''عجیب بات ہے کہ فقہاء مقلدین میں سے کوئی اپنے امام کی دلیل کو ضعیف پاتا ہے اس کے باوجود کتاب و سنت اور قیاسات صحیحہ کو چھوڑ کر اپنے امام کی تقلید پر جمود اختیار کرتا ہے اپنے امام کے دفاع کے لیے، فاسد اور دور از کار تاویلات کے ذریعہ کتاب و سنت کے ظاہری معانی کو دفع کر دیتا ہے۔

ہم نے بذات خود دیکھا ہے کہ وہ مجالس میں اکٹھے ہوتے ہیں اگر ان کے سامنے ان کی عادت کے خلاف کسی مسئلے کا ذکر کیا جائے تو اس پر انتہائی تعجب کا اظہار کرتے اور دلیل کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرف توجہ نہ کر کے اپنے امام ہی کی تقلید پر عمل کرتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اسی امام کے مذہب ہی میں حق منحصر ہے۔

ایسے لوگوں کے ساتھ بحث و مباحثہ میں وقت کا ضیاع ہی ہے اور کوئی فائدہ نہیں! بلکہ آپس میں ناچاقی ہی ہوگی۔

میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ اس نے امام کے مذہب کے خلاف حق ظاہر ہو جانے کے باوجود بھی اپنے مذہب سے رجوع کیا ہو۔ بلکہ مذہب کو ضعیف جانتے ہوئے بھی اسی پر عمل کرتا ہے۔

افضل یہی ہے کہ ایسے لوگوں کے ساتھ بحث ہی نہ کی جائے کہ ان کا کوئی جب اپنے امام کے مذہب کی کوئی دلیل نہیں پاتا تو یہ کہہ کر گزر جاتا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ ہمارے امام کے پاس کوئی دلیل رہی ہو، ہماری رسائی وہاں تک نہیں ہوسکی۔ سبحان اللہ! کتنے لوگوں کو اللہ نے بصیرت سے محروم کر رکھا ہے کہ اس قسم کی باتیں کرتے رہتے ہیں۔''[1]

ابوشامہ مقدسی (599۔656ھ) شافعی نے صحابہ کرام کے فقہ بالکتاب والسنہ اور فقہ الائمہ کا ذکر کرنے کے بعد کہا ہے:

''فقہ و تفقہ کی یہی حالت رہی، بالآخر وہ زمانہ آیا کہ مذاہب کی ہیئت کا مستقل وجود ہو گیا پھر ان میں سے صرف چار مذاہب مشہور ہو گئے باقی مہجور ہو گئے۔

اس کے بعد اتباع مذاہب میں سے اکثر کی ہمتیں کمزور ہو گئیں تو تقلید کرنا شروع کر دیا۔ ائمہ متقدمین کے طریقے کے خلاف کتاب و سنت سے استنباط نہ کیا، بلکہ اپنے ائمہ کے اقوال کو کتاب و سنت کی جگہ دے دی۔ اور انہی اقوال ائمہ کو لے کر انہی پر تفریع اور

① قواعد الاحکام: 135/2، 136۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



استنباط کرنا شروع کر دیا۔

یہی ان کا آخری مجال نظر و استدلال بن گیا، نتیجہ یہ ہوا کہ مجتہدین کا وجود نہ رہا۔ مقلدین کا غلبہ ہوا یہاں تک کہ اجتہاد کرنے والے سے تعجب اور اس کی تحقیر کرنے لگے۔ مذاہب پر تعصب بڑھتا گیا، انصاف دلوں میں نہ رہا، ایک دوسرے کی برائیاں کی جانے لگیں، عداوت کے بچھو آپس میں دوڑنے لگے اور بڑے بڑے عجیب واقعات کا ظہور ہوا۔

تعصب مذہبی اس حد تک بڑھا کہ جب کسی کے سامنے اللہ کی کتاب اور صحیح سنت رسول کی کوئی دلیل مذہب کے خلاف پیش کی جاتی، تو وہ اسے ہر حیلے بہانے سے تاویل کر کے دفع کرنے کی کوشش کرتا اور جس کا لینا اس پر واجب تھا اس سے اعراض کر جاتا۔

یہ دلیل اگر اس کے امام کو مل جاتی تو امام اس کی تعظیم واجلال کر کے اسے قبول کرتے، اور اگر اس کے معارض کوئی دلیل نہ ہوتی تو اسی کے مطابق فتوی دیتے اور عمل کرتے۔

پھر حالت مزید بدتر ہوئی کہ ان میں سے اکثر قرآن و حدیث سے اشتغال کو جائز نہ کہتے اور جو ان سے اشتغال کرتا اسے ہی معیوب سمجھتے، کہتے کہ جس طریقے پر ہم ہیں اسی پر مداومت کرنی چاہیے۔ اور مذہب کے ہی طریقہ پر استدلال ہونا چاہیے۔ چنانچہ ان کی مجلسوں پر مجلسیں برخواست ہوتیں۔ مگر مجلس میں ایک آیت یا ایک حدیث سننے میں نہ آتی اور اگر کسی حدیث کا ذکر بھی آتا تو پھر مجلس میں کوئی صحیح اور ضعیف کی تمیز کرنے والا نہ ہوتا۔" [1]

مزید کہا ہے: "کہ جب یہ بات واضح ہوگئی کہ امام کے مذہب پر تعصب اس کے تمام اقوال کے لینے میں نہیں ہے۔ بلکہ صحیح احادیث اور قول امام کے درمیان جمع کر کے عمل کرنے میں امام کی اتباع ہے۔ تو ہونا یہ چاہیے کہ حدیث اور خبر کو اصل بنا کر اسی کی اتباع

[1] خطبة الكتاب المؤمل، ص: 96

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی جائے۔ اور امام کے قول کی تاویل کی جائے۔ لیکن مقلدین کے ہاں معاملہ اس کے برعکس ہے، وہ خبر و حدیث کی تاویل کر کے اسے اپنے امام کے قول کے مطابق کرنا چاہتے ہیں۔'' ①

نیز لکھا ہے کہ: ''ہمیشہ عہد صدیقی کے بعد کے صحابہ پر بھی بہت سی سنتیں مخفی رہیں۔ اور اگر بعض متاخرین کے بارے میں کہہ دیا جائے کہ ان پر بعض سنتیں مخفی رہیں تو متعصب مقلد قبول نہیں کرتا۔ بلکہ کہنے والے کو ڈراتا دھمکاتا، اپنی ہی گمراہی میں ڈوبا رہتا ہے۔ تعجب کی بات ہے !!! کہ ان میں سے بہت سے لوگوں کے سامنے اگر مذہب کے خلاف آثار صحابہ کا ذکر کیا جائے تو فوراً شرم وحیاء کے بغیر جواب دیتا ہے کہ شافعی کے قول جدید میں صحابی کا قول حجت نہیں ہے۔

وہ ایسا بھی کرسکتا تھا کہ اس غیر مہذب ناپسندیدہ تعبیر کی بجائے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے قول کو دفع کرنے کے لیے کوئی اچھی تاویل اور عذر ڈھونڈتا۔

حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

«اِنْ تُطِیْعُوْا اَبَابَکْرٍ وَعُمَرَ تَرْشُدُوْا.»

''اگر تم ابوبکر وعمر کی اطاعت کرو تو ہدایت پاؤ گے۔'' ②

نیز ارشاد فرمایا:

«وَاقْتَدُوْا بِالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِیْ أَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ.»

''میرے بعد ابوبکر وعمر کی اقتدا کرو۔'' ③

① خطبة الكتاب المؤمل، ص: 127.

② صحیح مسلم: 1/ 472، حدیث نمبر: 311، من حدیث قتادة.

③ سنن الترمذی، ص: 859، حدیث نمبر: 3805، باب مناقب عبد الله بن مسعود.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اگر اس کم شرم متعصب کے سامنے شیخین ابو اسحاق اور غزالی کے مدونات کے خلاف صحیح حدیث پیش کی جائے تو بھی اس کی اتباع کو جائز نہیں سمجھتا۔ حالانکہ امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ صحیح حدیث کے ہوتے ہوئے ان کے قول کو چھوڑ کر حدیث کو لیا جائے۔ لیکن یہ متعصب اپنے امام کے قول کے مقابلے میں صحابی کے قول کو بھی چھوڑ دینا جائز سمجھتا ہے۔

اسی طرح متاخرین علماء مذاہب کے اقوال کو حدیث نبوی کے مقابلے میں چھوڑنے کو جائز نہیں سمجھتا۔ حالانکہ شافعی نے اس کی اجازت دی ہے اور حکم دیا ہے کہ حدیث مل جائے تو میرے نص کو چھوڑ دو! تو پھر ان مقلدین متاخرین کے قول کی کیا حیثیت ہے؟''[1]

اسی جیسا بلکہ اس سے واضح شیخ محمد حیات سندھی اور شاہ ولی اللہ دھلوی کا بھی کلام ہے۔[2]

شیخ الاسلام ابن تیمیہ کہتے ہیں:

''اسی طرح امام ابوحنیفہ، مالک اور شافعی وغیرہ کے اتباع میں سے جس نے رائے اور قیاس کی تصنیف وتدوین کی ہے۔ تو اپنے متبوع اور ان کے اصحاب کی رائے ہی کو ذکر کیا ہے، کتاب وسنت سے اعراض کیا ہے، کتاب وسنت کی دلیلوں کو اپنے متبوع کی رائے سے وزن کیا ہے۔

اسی طرح جس نے تصوف اور زہد میں تصنیف کی ہے تو اس نے صحابہ وتابعین کے طریقے کو چھوڑ کر متاخرین زہاد کی باتوں ہی کو اصل بنایا ہے۔''[3]

مزید فرمایا: ''امام ابوحنیفہ وغیرہ کے مقلدین میں سے اکثر جو صحیح حدیث کی مخالفت

---

[1] خطبة الکتاب المؤمل، ص: 142، 143۔

[2] دیکھیں: ایقاظ ھمم اولی الابصار لکلام الشیخ محمد حیاۃ، ص: 71۔ حجة اللہ البالغة: 155/1۔

[3] مجموعہ فتاوی شیخ الاسلام: 376/10۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتے ہیں تو دلیل ناسخ کے جانے بغیر کہتے ہیں کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔ ناسخ کا علم نہیں ہوتا لیکن ان کا کہنا ہے کہ حدیث کے خلاف اہل مدینہ کے عمل کا ہونا ہی اس کے منسوخ ہونے کی دلیل ہے۔ اس طرح کی مثالیں بہت ہیں۔"①

امام ابن تیمیہ نے بڑی سچی بات کہی ہے: دیکھیں ابوالحسن الکرخی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب اصول الکرخی میں کہا ہے:

> "اصل یہ ہے کہ جو آیت بھی ہمارے اصحاب مذہب کے قول کے خلاف ہے تو وہ یا تو منسوخ ہے یا مرجوح۔ افضل یہ ہے کہ قول اور آیت پر اکٹھا عمل کرنے کے لیے تاویل کی جائے۔"

مزید کہا: "اصل یہ ہے کہ جو حدیث ہمارے اصحاب مذہب کے قول کے خلاف ہے تو وہ یا تو منسوخ ہے یا اس جیسی دوسری حدیث کے معارض ہے۔ اسے چھوڑ کر کوئی دوسری دلیل دیکھی جائے یا ہمارے مذہب کے اصحاب نے جو وجوہ ترجیح اختیار کیے ہیں ان وجوہ کے ذریعہ مذہب کے موافق حدیث کو ترجیح دی جائے یا پھر دونوں پر عمل کیا جائے۔ جیسی دلیل ملے اسی طرح کیا جائے۔ اگر منسوخ ہونے کی دلیلیں ملیں تو اسی پر محمول کیا جائے۔"

اور کہا ہے "کہ اصل یہ ہے کہ اگر کوئی مسئلہ سامنے آیا جواب دینے والے کو اپنے اصحاب مذہب کی کتابوں میں سے کوئی جواب یا اس جیسا مسئلہ نہ ملا، جس کو نظیر بنایا جا سکے تو جواب دینے والے کو چاہیے کہ کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ یا اور کہیں سے اقویٰ جواب کا استنباط کرے!"②

① مجموعہ فتاویٰ شیخ الاسلام: 150/21، 151۔

② اصول الکرخی، ص: 373، 375۔ المطبوع مع اصول البزدوی، طبع کتب خانہ آرام باغ۔ کراچی۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس بزرگ نے مسئلے کے حل کے لیے پہلے اپنے مذہب کی کتابوں میں دیکھنے کی نصیحت فرمائی ہے۔ اگر مذہب کی کتابوں میں نہ ملا تو اس کے بعد کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ سے حل ڈھونڈنے کا حق دیا۔ اللہ اکبر، استغفر اللہ۔

بڑی عجیب بات ہے! درحقیقت جامد تقلید اور تعصب نے مقلد اور متعصب کے لیے ہر زمانے میں کتاب و سنت کی طرف سے بے اعتنائی کو آسان کر دیا ہے۔ بے خوف و خطر سنت کو چھوڑ دینا اس کے لیے بہت معمولی کام ہے۔

ابن القیمؒ نے ذکر کیا ہے: ''کہ ابو حاتم رازی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ ہم لوگوں کے نزدیک علم وہ ہے جو اللہ کی کتاب میں ناسخ ہو منسوخ نہ ہو اور رسول اللہ ﷺ سے صحیح احادیث جن کا کوئی معارض و مخالف نہ ہو۔ یا پھر وہ چیز جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بالاتفاق ثابت ہو ان کے اختلاف کی صورت میں ان کے اقوال سے نہ نکالا جائے۔

ان سب مصادر میں اگر علم نہ ملے تو تابعین سے جو علم ہو، یا پھر اتباع تابعین سے، اس کے بعد اتباع اور ان کے شاگردوں میں سے کئی کا نام لے کر ذکر کیا۔

اور کہا کہ یہی اہل علم اور ائمہ دین کا طریقہ ہے کہ تابعین و اتباع تابعین کے اقوال کو کتاب و سنت اور اقوال صحابہ کے نہ ہوتے ہوئے تیمّم کے درجے میں کیا ہے۔ اور تیمّم اس وقت جائز ہے جب پانی معدوم ہو۔

لیکن متاخرین مقلدین نے تیمّم کو پانی پر مقدم کیا، حالانکہ ان کو پانی تیمّم سے زیادہ آسانی سے مل سکتا ہے۔

اس کے بعد دشمنان علم و اہل علم کا ایک فرقہ ایسا نکلا۔ جس کا یہ کہنا ہے کہ مفتی کے سامنے کوئی مسئلہ آئے تو اس کے لیے اپنے امام اور متبوع یا جن کے قول کو اصل معیار سمجھ رکھا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ان کے قول کے علاوہ کتاب وسنت اور اقوال صحابہ کو دیکھنا جائز نہیں! اگر کتاب وسنت امام کے قول کے موافق ہوں تو اس کا فتویٰ دے۔

مگر کتاب وسنت اگر امام کے قول کے خلاف ہیں تو ان سے فتویٰ دینا یا فیصلہ کرنا جائز نہیں۔اور اگر اس نے کتاب وسنت سے فتویٰ دینے اور فیصلہ کرنے کی جسارت کی تو فتویٰ اور قضاء کے منصب سے معزول کردیا جاتا۔ اور اس کے بارے میں علماء سے فتویٰ پوچھا جاتا کہ کیا فرماتے ہیں فقہاء کرام اس شخص کے متعلق جو کسی خاص امام کے مذہب کی طرف منسوب ہے ان کے علاوہ کسی کی تقلید نہیں کرتا پھر مذہب کے خلاف فتویٰ دیتا یا فیصلہ کرتا ہے کیا اس کا ایسا کرنا جائز ہے؟ کیا یہ عمل اس کی ذات میں قدح اور عیب کی بات نہیں؟

تو مقلدین سر کو ہلا کر کہتے ہیں کہ اس کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں! وہ مجروح العدالۃ ہوگا۔

ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ اس مفتی اور قاضی نے ابوبکر، عمر، ابن مسعود، ابی بن کعب اور معاذ بن جبل ان جیسے صحابہ عظام رضی اللہ عنہم کے قول کو اختیار کیا ہو۔اس کے باوجود جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دستخط کرنے کی ذمہ داری لی ہے۔ یہ کہنے میں دریغ نہیں کرتے کہ اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں زیادہ جاننے والوں کے ساتھ کتاب وسنت کی بھی دلیل ہو پھر بھی اسے اپنے امام کے قول کی مخالفت جائز نہیں۔

مقلدین کا یہ عمل دین میں بڑا جرم ہے۔اگر یہ لوگ اپنی حد پر قائم رہ کر لوگوں کو محض ان لوگوں کے اقوال کو بتاتے جن کے قول کے صحیح یا غلط ہونے کا علم نہیں ہے تو ان کے لیے اللہ کے یہاں کوئی عذر ہوسکتا تھا لیکن ان کا مبلغ علم یہی ہے اور ان کی عداوت اہل علم سے اسی طرح کی ہے۔توفیق اللہ سے ملتی ہے۔''[1]

[1] اعلام الموقعین : 3/560، 561۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مزید کہا ہے: ''اللہ ان پر گواہ ہے! فرشتے بھی گواہ ہیں! اور وہ خود بھی اپنے اوپر گواہ ہیں کہ وہ صرف مسئلے کا حکم اپنے امام ہی سے لیتے ہیں خواہ کتاب وسنت اور آثار صحابہ واضح طور پر ان کے سامنے ہوں تو بھی وہ ان کی طرف مڑ کر دیکھتے بھی نہیں! ہاں ان میں سے صرف وہی لیتے ہیں جو ان کے امام کے قول کے موافق ہو۔''①

اس باب میں ائمہ محققین کے اقوال بڑی کثرت سے پائے جاتے ہیں۔حق یہ ہے کہ کسی خاص مذہب پر تعصب اور تشدد کے بڑے نقصانات ہیں۔اسی وجہ سے علماء نے متعصبین کے خلاف سختی کا رویہ اختیار کیا ہے۔

ابن عبد العز حنفی کہتے ہیں: رافضہ کی طرح کسی ایک امام کے لیے تعصب مذموم صفت اور جاہلیت کا عمل ہے۔جیسا کہ صحیح مسلم اور سنن النسائی میں جندب بن عبد اللہ بجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِيَّةٍ يَدْعُوْ عَصَبِيَّةً أَوْ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً فَقِتْلَتُهُ جَاهِلِيَّةٌ.»

''جو نامعلوم جھنڈے کے نیچے قتل کیا گیا جو حق و ناحق کی تمیز کے بغیر اپنے قوم اور موافق لوگوں کی مدد کرتا ہے تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہے۔''②

اور ابوداؤد نے جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلَى عَصَبِيَّةٍ، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَالَ بِعَصَبِيَّةٍ، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلَى عَصَبِيَّةٍ.»

---

① اعلام الموقعين : 557/3 .

② صحیح مسلم: 4898 ، كتاب الامارة ، باب : 13 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''جو اپنے ہم خیال لوگوں کے ساتھ حق و ناحق کی ہر حالت میں دعوت دیتا اور اسی کی بات کہتا اور اسی پر مرتا ہے تو ہم میں سے نہیں۔''①

متاخرین میں سے علامہ ملا علی قاری حنفی کہتے ہیں کہ ''کیدانی'' نے بڑی عجیب وغریب بات کہی ہے کہ:

صلاۃ میں دسواں حرام فعل یہ ہے کہ اہل الحدیث کی طرح سبابہ انگلی سے اشارہ کیا جائے۔ یعنی ان لوگوں کی طرح جو حدیث رسول ﷺ کے عالم ہیں۔

''کیدانی'' کا یہ کہنا بڑے جرم اور بڑی غلطی کی بات ہے اس کا سبب اصول اور فروع کے مراتب سے جہالت ہے۔ اگر حسن ظن آڑے نہ آتا اور اس کی بنا پر ان کے کلام کی تاویل کا امکان نہ ہوتا، تو ان کے صریح کفر اور ارتداد کا حکم لگایا جاتا۔

کیا کسی ایمان والے کے لیے جائز ہے؟ کہ ایسا فعل جس کا ثبوت تواتر کے قریب نبی ﷺ سے ثابت ہے اسے حرام کہے۔ اور جس فعل کو عام علماء ہمیشہ نسلا بعد نسل کرتے چلے آئے ہوں اس سے منع کرے؟ حالانکہ عالی مقام، امام اعظم نے کہا ہے: کہ کسی کے لیے جائز نہیں کہ جب تک کتاب وسنت سے ہمارے قول کی دلیل کسی کو نہ معلوم ہو جائے اس وقت تک میرے قول کو لے۔ اس قول کو سید رشید رضا نے المغنی لابن قدامہ کے مقدمہ میں ذکر کیا ہے۔②

علامہ عبدالحی لکھنوی کہتے ہیں کہ: ''اس باب میں لوگ زمانۂ قدیم سے ابتک دو فرقوں میں تقسیم ہیں۔ ایک گروہ حنفیت کے لیے تعصب برتتا ہے حدیث صحیح اور اثر صحیح کے ہوتے

① سنن ابو داؤد، ص: 767، حدیث نمبر: 5121- اس کی سند میں ضعف ہے، لیکن صحیح حدیث کے موافق ہے۔
② مقدمہ المغنی: 20/1.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوئے بھی جو کچھ فتاوی میں ہے اسی پر سخت تمسک کرتا ہے، ان کا گمان ہے کہ اگر حدیث صحیح ہوتی تو امام مذہب اسے ضرور لیتے اس کے خلاف فتویٰ نہ دیتے۔

یہ ابو حنیفہ سے صحیح سند سے منقول قول سے جہالت کا نتیجہ ہے۔ کہ ان کے اقوال پر احادیث و آثار کو مقدم کیا جائے۔ ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے ان اقوال کو چھوڑ دینا جو صحیح حدیث کے خلاف ہیں یہی صواب اور درست ہے۔ اور اس صورت میں امام کی تقلید کو ترک کرنا نہ ہوگا بلکہ امام کی عین تقلید ہوگی۔'' (1)

## تعصب مذہبی ایک بدعت ہے:

تعصب مذہبی کی ایک خرابی یہ بھی ہے کہ وہ دین میں ایک بدعت ہے۔

علامہ ابن القیم نے کسی ایک امام کے مذہب پر تعصب کو بدعت کا نام دیا ہے۔ اور اس کے بدعت ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ کیونکہ جس چیز کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے واجب نہیں کیا اسے ایک مسلمان واجب کرے یا واجب کہے تو یقیناً اس نے دین میں ایک بدعت کا ایجاد کیا۔

ابن قیم کہتے ہیں: ''بداہتاً ہم یہ جانتے ہیں کہ عصر صحابہ میں کوئی آدمی ایسا نہ تھا جو کسی ایک شخص کے تمام اقوال کی تقلید کرتا رہا ہو۔ کہ کوئی قول نہ چھوڑے، یا دوسرے کے اقوال کو اس طرح چھوڑ دیا ہو کہ اس کا کوئی قول نہ لے!

اسی طرح یقیناً ہم جانتے ہیں کہ تابعین یا اتباع تابعین کے زمانے میں بھی کوئی ایسا نہ تھا۔ خیر القرون میں اگر مقلدین کسی ایک آدمی کو ان کے اس برے طریقے پر پائیں تو مجھے

(1) النافع الکبیر، ص: 145۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جھٹلائیں، نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے مذموم بتائی گئی یہ بدعت تو چوتھی صدی میں ظاہر ہوئی۔ مقلدین ایک امام کے تمام اقوال کی تقلید کر کے حرام شرمگاہ، حرام خون، اور حرام مال کو مباح اور حلال کرتے ہیں اور حلال کو حرام کرتے ہیں۔

ان کے اقوال میں غلط اور صواب کی تمیز نہیں کرتے، یقیناً وہ بڑے خطرے میں ہیں۔ اللہ کے سامنے سخت مقام میں کھڑے ہوں گے وہاں انہیں پتہ چل جائے گا کہ وہ صحیح راستے پر نہ تھے۔''[1]

ابن القیم رحمہ اللہ نے تقلید اور تعصب کے متعلق اپنی کتاب «اعلام الموقعین» اور «اجتماع الجیوش الاسلامیه» میں بہت کچھ لکھا ہے۔ مسلمان بھائیوں سے گزارش ہے کہ جو اس مسئلے میں سمجھنے کی کوشش کرنا چاہیں تو خصوصاً ان دونوں کتابوں کو بغور پڑھیں۔

## ضعیف اور موضوع احایث پر عمل:

تعصب مذہبی کے نقصانات میں سے یہ بھی ہے کہ مذہب کی تائید میں متعصب علماء ضعیف اور موضوع احادیث سے بھی استدلال کرتے اور ان پر اپنے مذہب کی بنیاد رکھتے ہیں۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ کہتے ہیں: ''جو حدیث زید العمی انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے کہ ہم صحابہ رسول ﷺ کی جماعت سفر میں ہوتے تو ہم میں کچھ صائم ہوتے اور کچھ صائم نہ ہوتے، ہم میں کوئی پوری صلاۃ پڑھتا قصر نہ کرتا لیکن کوئی ایک دوسرے کو معیوب نہ جانتا۔ بلاشبہ یہ حدیث جھوٹی ہے۔

زید عمی کے بارے میں علماء کا اتفاق ہے کہ وہ متروک راوی ہے۔

---

① اعلام الموقعین : 485/3 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انس ﷛ سے صرف صوم کے متعلق حدیث ثابت ہے، اس کی توضیح یہ ہے کہ صحابہ کرام نبی کریم ﷺ کے ساتھ سفر کرتے۔ مگر الگ منفرد طور پر صلاۃ نہیں پڑھتے بلکہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہی پڑھتے تھے، بخلاف صوم کے کہ اس میں اختلاف ممکن ہے کہ کوئی صائم ہو یا مفطر۔ اس لیے یہ حدیث جھوٹی ہے۔

اگرچہ بیہقی نے اس کی روایت کی ہے لیکن ائمہ نے اس پر اعتراض کیا ہے، اہل علم کی رائے ہے کہ بیہقی اپنے بحوث میں اپنے مخالف کی دلیلوں کو مکمل جمع نہیں کرتے جس طرح اپنے مسلک کی تائید میں استیفاء کرتے ہیں اور وہ خود ایسے آثار سے احتجاج و استدلال کرتے ہیں کہ مخالف اگر ان سے استدلال کرے تو وہ ان کے ضعف کو بیان کرتے ہیں وہ اپنے دین اور علم کے باوجود ایسا اس طرح کر گزرتے ہیں جس طرح دوسرے لوگ کر جاتے ہیں کہ اپنے قول کی تائید میں حدیث رسول ﷺ کو بہر حال ذکر کرنا ہے خواہ وہ کسی بھی درجے کی ہو تو جو بھی ایسا کرے تو اس کی دلیل ساقط ہوگی اور ان کا ناحق تعصب ظاہر ہو گیا جس طرح جو لوگ آثار کو جمع کر کے اپنے مذہب کی تائید میں آثار کی فاسد تاویلات کرتے ہیں۔

جیسا کہ طحاوی «صاحب شرح معانی الآثار» کرتے ہیں۔ لیکن بیہقی طحاوی سے زیادہ آثار کے تنقیہ اور تمییز کی کوشش کرتے ہیں۔"[1]

یہ حقیقت ہے کہ بہت سے مواقع پر اہل مذاہب ضعیف احادیث سے استدلال کرتے ہیں۔ اس مسئلے میں یہ عذر کیا جا سکتا ہے کہ انہوں نے اس حدیث کو صحیح سمجھ کر اس سے استدلال کیا ہے۔

[1] مجموعہ فتاویٰ شیخ الاسلام: 153/24، 154۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیکن اس عذر کو قبول کرنے میں یہ امر مانع ہے۔ کہ وہی لوگ ایسی حدیثوں کی تصحیح اور اس سے استدلال کرتے ہیں کہ مخالف کی حدیث میں اگر انہی رواۃ کے ذریعہ انہیں کی حدیث ملی تو اس کی تضعیف کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہاں اگر واقعی اس حدیث کی اور اس کے رواۃ کے ذریعہ مروی دوسری روایات کی بھی تصحیح کرتے تب انہیں معذور سمجھا جاتا۔

فقہاء کے ضعیف احادیث سے استدلال کے متعلق جسے مزید دیکھنا ہو تو ان کتابوں کا مطالعہ جن میں مذاہب کی فقہی کتابوں کی احادیث کی تخریج کی گئی ہے کر سکتے ہیں۔

## اجماع کا ترک:

تقلید اور تعصب کے نقصانات میں سے یہ بھی ہے کہ اجماع المسلمین کا عملی طور پر انکار کیا جاتا ہے۔ حالانکہ اجماع پر عمل ترک کرنا جائز نہیں۔

دیکھیں کہ صحیحین کی تمام احادیث کی صحت پر امت کا اجماع ہے سوائے چند ان احادیث کے جن پر بعض ائمہ نے تنقید کی ہے، وہ اگرچہ صحیح ہیں مگر اجماع سے خارج ہیں۔

غیر منتقد احادیث میں سے صحیحین کی گھوڑے کی حلت اور ھدی کے اشعار کی حدیث بھی ہے جس کے معنی واضح ہیں کوئی غموض نہیں۔ اس کے باوجود بعض مذاہب کے لوگ اس کے خلاف فتویٰ دیتے ہیں اور اس حدیث کو بے عمل بتاتے ہیں۔

وجہ یہ ہے کہ بعض ائمہ کی طرف گھوڑے کی حرمت اور اشعار کو مثلہ سے تشبیہ دینے کی نسبت کی گئی ہے۔ امام کی طرف اس کی نسبت ظنی ہے، اور حدیث کی نسبت اجماعی اور یقینی ہے۔ اصولی طور پر وہ خود کہتے ہیں کہ ظن کے مقابلے میں یقین ہی پر عمل کیا جائے گا تو پھر اجماع یقیناً یقینی ہے۔ بلکہ وہ اصول ائمہ کی روشنی میں بعض صحابہ کے آثار اور قیاس پر بھی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مقدم ہے۔(اس کی تفصیل کتاب الاتباع میں مذکور ہے۔)

## اہل مذاہب کی آپس میں عداوت:

تعصب مذاہب کی فتنہ سامانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اصحاب مذاہب ایک دوسرے سے دشمنی رکھتے اور طاقت پانے کے بعد ایک دوسرے کو ستانے سے دریغ نہیں کرتے۔اس کے متعلق بعض واقعات کو میری کتاب ''الاتباع'' کے مقدمہ اور سبب تالیف میں دیکھا جائے۔

یاقوت حموی معجم البلدان میں اُصبہان شہر کے ذکر میں کہتے ہیں:

''اس وقت اور اس سے پہلے اصبہان میں شافعیہ اور حنفیہ کے درمیان تعصب اور فتنوں کے سبب سے ویرانی چھائی ہوئی تھی اور ہے۔دونوں فرقوں میں جنگ ہوتی رہتی۔جب بھی کوئی فرقہ غالب ہوتا دوسرے فرقے کے محلوں کو لوٹ کر نذر آتش کر کے ویران کر دیتا۔اس میں انہوں نے کسی عہد اور حرمت کا پاس نہیں کیا۔''[1]

رَیّ شہر کے ذکر میں لکھا ہے کہ: 617 میں تاتاریوں سے شکست خوردہ ہونے کے بعد''ری'' کی ویرانیوں سے گزرنے کا اتفاق ہوا،تو دیکھا کہ گھروں کی دیواریں کھڑی ہیں لیکن چھتیں ڈھادی گئی ہیں۔''رَیّ'' کے بعض عقلمندوں سے میں نے پوچھا: کہ کیا وجہ ہے؟تو اس نے بتایا کہ کوئی بڑی وجہ نہیں ہے لیکن اللہ کی مشیت جب وہ کوئی چیز چاہ لے تو وہ ہو کر رہے گی۔

قصہ یہ ہے: کہ''رَیّ'' شہر میں تین مذہب کے لوگ رہتے تھے۔شافعیہ جو سب سے

---

① المعجم البلدان: 209/1.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھوڑی تعداد میں تھے، حنفیہ جو شافعیہ سے زیادہ تعداد میں تھے، اکثریت شیعہ کی تھی۔ شہر میں آدھے سے زیادہ تعداد میں وہی تھے، دیہات میں کوئی شافعی مذہب کا نہ تھا۔ شیعہ اور سنیوں کے درمیان تعصب اور اختلاف ہوا۔ حنفیہ اور شافعیہ نے مل کر ان سے جنگ کی، جنگ لمبی رہی۔ یہاں تک کہ شیعہ کا وجود ختم کر دیا۔

جب شیعہ فنا ہو گئے تو پھر حنفیہ اور شافعیہ کے درمیان تصادم ہوا، مختلف جنگوں کے بعد ہر ایک جنگ میں شافعیہ کا غلبہ رہا، حالانکہ ان کی تعداد کم تھی، مگر اللہ نے ان کی مدد کی۔ دیہات کے حنفی بھی ہتھیاروں سے لیس ہو کر شہر کے لوگوں کی مدد کو آئے لیکن بے سود رہا، یہاں تک کہ حنفیہ کو بھی شہر سے ختم کر دیا۔

تو یہ ویرانی جو دیکھ رہے ہو! یہ شیعہ اور حنفیہ کے محلوں کی ہے صرف شافعیہ کا محلّہ صحیح سالم ہے۔ حالانکہ ''رَیّ'' میں سب سے چھوٹا محلّہ ہے۔ اب شیعہ اور حنفیہ میں سے وہی باقی ہوگا جو اپنے مذہب کو چھپا کر رہتا ہو۔

میں نے شیعہ اور حنفیہ کے گھروں کو دیکھا، ان کے گھر زمین دوز ہیں ان کے محلوں تک جانے کا راستہ بھی کٹھن اور بے حد اندھیرا ہے، وہ اس وجہ سے اپنے محلوں کو اس طرح بنا کر رکھے ہیں کہ پولیس کے لوگ رات کے وقت ان پر حملے کرتے تھے، اگر زمین کے اندر گھر نہ ہوتے تو ان میں سے شائد کوئی نہ بچتا۔''[1]

## تعصب واختلاف کی بنا پر اعداء اسلام کا غلبہ:

تفرقہ بازی اور تعصب کی قباحتوں میں سے یہ بھی ہے کہ ایسے میں دشمنوں کو مسلمانوں

---

[1] معجم البلدان : 117/3 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے اوپر فکری اور جنگی طور پر غلبہ کا موقع ملتا ہے کیونکہ اختلافات کی جنگوں میں بے حال ہوکران کی اپنی طاقت جاتی رہتی ہے۔

فرمان الٰہی ہے:

﴿وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ۚ﴾ (1)

”اللہ اور رسول کی اطاعت کرو، آپس میں نزاع نہ کرو، ورنہ تمہاری طاقت جاتی رہے گی۔ اور تم ناکام ہو جاؤ گے۔ صبر سے کام لو۔ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔“

ابن تیمیہ رحمہ اللہ وہ مرد مجاہد ہیں، جنہوں نے بذات خود تاتاریوں سے میدانی جنگ بھی کی ہے۔ کہتے ہیں:

مشرق کے شہروں پر اللہ نے تاتاریوں کو غلبہ دیا ہے، اس کا سبب مسلمانوں کی آپس میں فرقہ بندی ہے، اہل مذاہب کے درمیان بہت فتنے ہو رہے ہیں، شافعی مذہب کا آدمی اپنے مذہب پر اس قدر تعصب رکھتا ہے کہ اصل دین ہی سے نکل جاتا ہے۔ امام احمد کی طرف انتساب رکھنے والا دوسرے مذہب کے خلاف تعصب برتتا ہے۔ مغرب میں امام مالک کی طرف منتسب دوسرے کے خلاف تعصب رکھتا ہے، یہ سب وہی اختلاف اور تفرق ہے جس سے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے۔

مزید کہتے ہیں کہ باطل پر تعصب کرنے والے یہ سب متعصبین ظن و تخمین کے پیچھے چلنے والے، اللہ کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنے نفس کی پیروی کرنے والے مذمت اور عقاب کے مستحق

(1) الانفال: 46۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں۔ یہ مسئلہ بڑا طویل ہے۔اس مختصر فتویٰ میں اس کے ذکر کی گنجائش نہیں۔ کیونکہ تمسک بالکتاب والسنہ اور آپس میں اتحاد ومحبت یہ دین کے اصول میں سے ہے۔اور فروعی اختلافی مسائل یہ مخفی مسائل میں سے ہیں۔شاخ کی حفاظت کے لیے جڑ کو چھوڑنا معقول نہیں!

پھر عام متعصبین کتاب وسنت کو جانتے ہی نہیں الا ماشاء اللہ بلکہ ضعیف احادیث اور فاسد آراء واقوال یا بعض علماء اور مشائخ کے قصوں پر تمسک کرتے ہیں۔ یہ قصے سچے اور جھوٹے بھی ہوتے ہیں۔اگر سچے بھی ہوں تو اصحاب قصہ معصوم نہیں ہوتے ، یہ لوگ غیر معصوم شخص کے غیر محقق نقول کا تمسک کرتے اور نبی معصوم ﷺ سے منقول اقوال مبارکہ کو ترک کردیتے ہیں جسے معتمد اہل علم نے نقل کیا ہے۔

ان نقول کو نبی کریم ﷺ سے روایت کرکے ثقات محدثین نے صحیح کتابوں میں جمع کیا ہے۔ائمہ دین کا اتفاق ہے کہ یہ لوگ سچے ہیں اور جس ذات سے نقل اور روایت کرتے ہیں وہ ذات معصوم ہے۔یعنی ہم سب کے نبی ﷺ اپنی خواہش نفس سے نہیں بولتے۔وحی کے ذریعہ ہی بولتے ہیں،جن کی اطاعت اور اتباع تمام مخلوق پر اللہ مالک الملک نے واجب کیا ہے۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿ فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ ﴾ [1]

"آپ کے رب کی قسم! یہ لوگ مومن نہیں ہوں گے جب تک اپنے اختلافی مسائل میں آپ سے فیصلہ لے کر تسلیم ورضا سے قبول نہ کرلیں اور اپنے دلوں

[1] النساء: 65.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں آپ کے فیصلے کے بارے میں کوئی تنگی نہ محسوس کریں۔“

نیز ارشاد فرمایا:

﴿ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ ﴾ [1]

”جو آپ کے امر کی مخالفت کر رہے ہیں وہ ڈر جائیں کہ انہیں فتنہ نہ پہنچے یا دردناک عذاب نہ آلے۔“

[1] النور: 63

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 11

## کیا مذاہب کو لے کر قرآن وسنت سے بے نیاز ہوا جا سکتا ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس فصل کو میں نے ایک حادثے سے متاثر ہو کر لکھا ہے۔ حادثہ یہ ہے کہ پاکستان میں کسی بزرگ نے ایک کتاب لکھی ہے اس کا نام ہے ''دفاع امام ابو حنیفہ'' اس کتاب کی تقریظ بھی کسی دوسرے بزرگ نے لکھی ہے۔ تقریظ کا نام مقدمہ رکھا ہے۔ لکھتے ہیں:

## ''فقہ حنفی سے تغافل اور اس کا نتیجہ''

جب سے اسلامی ممالک پر غیر مسلم حکومتوں کو بالذات یا بالواسطہ تسلط حاصل ہوا ہے اور ہو رہا ہے تو ان ممالک کے مسلمان فقہ حنفی سے اس قدر غافل ہو رہے ہیں کہ ان کو حنفیت کا احساس تک نہیں رہا۔

اسی طرح وطن عزیز پاکستان میں بعض وہ ادارے اور طبقات جن کو حنفیت کے فروغ اور تحفظ کے لیے محنت کرنی چاہیے تھی بالارادہ یا بلا ارادہ اس سے غفلت برت رہے ہیں، دینی مدارس میں فقہی نصاب کو مختصر سے مختصر کیا جا رہا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ملک میں مفتی حضرات کا فقدان ہے، استدلال کی بجائے فقہ حنفی کے لیے قرآن و حدیث کا مطالعہ زوروں پر ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ بارہ سو سال سے مرتب شدہ مسائل میں موشگافیاں کی جا رہی ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کتب حدیث کا اردو زبان میں صرف ترجمہ کر کے عدم تقلید کا دروازہ کھولا جا رہا ہے۔اس کے نتیجہ میں علماء راسخین کی جگہ صرف اردو خواں اور اردو طبقہ لے کر مارقیت کی اشاعت کر رہا ہے۔حالانکہ ہر مقلد کے لیے آخری دلیل مجتہد کا قول ہے۔جیسا کہ مسلم الثبوت میں ہے۔

«أَمَّا الْمُقَلِّدُ فَمُسْتَنَدُهُ قَوْلُ الْمُجْتَهِدِ.»

اب اگر ایک شخص امام ابوحنیفہ کا مقلد ہونے کا مدعی ہو اور ساتھ ہی وہ امام کے قول کے ساتھ یا علیحدہ قرآن وسنت کا بطور دلیل مطالعہ کرتا ہو تو بالفاظ دیگر اپنے امام اور راہ نما کے استدلال پر یقین نہیں رکھتا۔[1]

عرض ہے کہ ان سطور میں صاحب تقریظ نے کھل کر کتاب وسنت سے استدلال کو چھوڑنے کی دعوت دی ہے کیونکہ ان کی نظر میں کتاب وسنت سے استدلال مذہب حنفی کی ہتک ہے۔

اسی طرح حدیث کی کتابوں کے ترجمہ سے بھی ناراضگی کا اظہار کیا ہے اور اس کو دین سے خروج کا سبب بتایا ہے۔

اسی قسم کے افکار کی تردید میں اسی زمانہ کے ایک بڑے محقق عالم ہمارے استاذ الشیخ محمد الامین شنقیطیؒ کا تحقیقی قول نقل کر دینا کافی سمجھتا ہوں۔بڑا نفیس کلام ہے غور سے پڑھیں۔

انہوں نے اپنی کتاب "أضواء البیان" میں اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے قول:

﴿اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُھَا۝﴾[2]

---

[1] کتاب دفاع امام ابوحنیفہ، ص:26 .

[2] محمد: 24 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی تفسیر کرتے ہوئے کہا ہے: کہ اس آیت سے متعلق چند مسائل کا ذکر:

پہلا مسئلہ:...... جان لو کہ علم اصول کے بعض متاخرین علماء نے کہا ہے: کہ قرآن عظیم میں تدبر اور اس کے سمجھنے کی کوشش اور اس پر عمل صرف مجتہد لوگوں ہی کے لیے جائز ہے اور لوگوں کی خود ساختہ شروط پر جو شخص اجتہاد مطلق کے درجہ پر نہیں ہے، اس کے لیے کتاب و سنت سے استدلال جائز نہیں! یہ ایسا قول ہے جس پر قطعاً کوئی شرعی دلیل نہیں ہے۔

بلاشبہ حق بات یہ ہے کہ ہر وہ شخص جسے کتاب و سنت کے معانی کے سیکھنے اور سمجھنے کی قدرت ہے اسے ان دونوں کا سیکھنا اور ان کے معانی پر عمل کرنا واجب ہے۔

## عمل بلا علم بالاتفاق ممنوع ہے:

مگر کتاب کا جو جزء خواہ ایک آیت اور ایک حدیث ہی ہو۔ جس کو کسی نے صحیح طریقۂ علم سے سیکھا ہے تو اس کے لیے اس پر عمل کرنا جائز ہے۔

یہ بات واضح ہے کہ اللہ کی کتاب میں تدبر نہ کرنے کا گناہ اور اس پر انکار تمام لوگوں کے لیے ہے۔

اس کی توضیح یہ ہے کہ اس قرآن کے اولین مخاطب منافقین اور کفار تھے ان میں سے کسی میں بھی علماء اصول کے شروط پر (جن کی کتاب و سنت سے کوئی دلیل نہیں) مجتہد کے شروط نہ تھے۔

بلکہ ان شروط میں سے کوئی شرط بھی شائد نہ رہی ہو۔ تو اگر قرآن سے صرف مجتہد لوگ استفادہ کرسکتے یا اس سے صرف مجتہد ہی ہدایت لے سکتے! تو اللہ تعالیٰ کفار کو اس سے ہدایت نہ لینے کی صورت میں توبیخ نہ کرتا۔ اور حجت قائم نہ کرتا جب تک وہ علماء اصول کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شروط پر مجتہد نہ ہو جاتے۔

یہ بات یقینی ہے کہ سبب نزول آیت کے معنی میں قطعی طور پر داخل ہوتا ہے۔اس لیے کفار و منافقین کا اس آیت کے معنی و مفہوم میں داخل ہونا قطعی اور یقینی ہے۔اگر قرآن سے انتفاع اور ہدایت یابی صرف مجتہدین ہی کے لیے ہوتی تو اللہ تعالیٰ کفار کے عدم تدبر اور عدم عمل پر انکار نہ فرماتا۔اور یہ بات بھی واضح ہے کہ واقعہ اس کے خلاف ہے۔

یہ بات بھی مخفی نہیں کہ اجتہاد کے شروط کی ایسے مسائل میں ضرورت ہوتی ہے جو اجتہادی مسائل ہیں۔کتاب وسنت کے منصوص مسائل میں کسی کے لیے اجتہاد جائز نہیں کہ شروط اجتہاد کی شرط لگائی جائے۔ان میں تو خالص اتباع کرنا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ مراقی السعود کے مصنف نے قرافی سے لے کر جو یہ کہا ہے:

من لم يكن مجتهدا فالعمل

منه بمعنى النص مما يحظل

کہ جو شخص مجتہد نہ ہو تو اس کے لیے نص پر عمل کرنا ممنوع ہے۔تو یہ قول قطعاً غلط ہے۔ اس کی کوئی دلیل نہیں بلکہ آیات واحادیث سے یہ قول متعارض ہے اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ کتاب وسنت کے عمومات کو بغیر دلیل کے خاص کرنا جائز نہیں۔''

یہ بھی یقینی ہے کہ تمام لوگوں کو عمل بالکتاب والسنہ کی ترغیب میں آیات اور احادیث گنتی سے زیادہ ہیں۔جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے:

«تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوْا: كِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّتِيْ.»

''تم میں ایسی چیز چھوڑ رہا ہوں کہ اسے جب تک پکڑے رہو گے ہرگز گمراہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہ ہو گے۔“

آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا:

«عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي.»

”میری سنت کو لازم پکڑلو۔“ وغیرہ

ان سب نصوص کو مجتہدین کے ساتھ خاص کرنے اور کتاب وسنت سے ان کے علاوہ کے لیے انتفاع کو قطعاً حرام کرنے کے لیے اللہ کی کتاب یا رسول اللہ ﷺ کی سنت سے دلیل کی ضرورت ہے۔ متاخرین علماء کی آراء سے ان نصوص کی تخصیص صحیح نہیں۔

یہ بھی یقینی ہے کہ مقلد محض کو علماء یا انبیاء کے وارثین میں سے شمار کرنا جائز نہیں! جیسا کہ توضیح آگے آ رہی ہے۔

صاحب مراقی السعود نے گذشتہ شعر کی شرح میں نشر البنود میں کہا ہے۔ کہ غیر مجتہد کے لیے قرآن کے نص یا سنت رسول کے نص پر عمل کرنا منع ہے کیونکہ ان نصوص کے منسوخ یا مقید یا مخصص ہونے کے عوارض کا امکان ہے جس کو مجتہد ہی ضبط کر سکتا ہے۔ اس لیے اللہ رب العزت سے اسے اسی وقت چھٹکارا مل سکتا ہے کہ وہ کسی مجتہد کی تقلید کرے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ صاحب مراقی السعود یا قرافی نے مجتہدین کے علاوہ کتاب اللہ اور سنت رسول سے استفادہ کو جو منع کیا ہے۔ اس کی کوئی دلیل نہیں سوائے مطلق نسخ وتقید وتخصیص کے احتمال کے اور یہ دلیل دو وجوہ سے مردود ہے۔

پہلی وجہ یہ ہے کہ بنیادی بات یہ ہے کہ نص کا نسخ سے محفوظ رہنا ہے جب تک اس کا کوئی ناسخ نہ ہو۔ نص عام عموم ہی پر رہے گا جب تک کوئی مخصص دلیل نہ آ جائے، اسی طرح نص مطلق مطلق ہی رہے گا جب تک کوئی مقید نہ آ جائے۔ نصوص پر عمل واجب ہے جب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تک کوئی شرعی دلیل اس کے نسخ یا تخصیص یا تقید پر قائم نہ ہو جائے۔

بہر حال نصوص کے ظواہر عموم و اطلاق پر عمل اس وقت تک ترک نہیں کیا جائے گا جب تک تخصیص یا تقیید کی کوئی ایسی دلیل ہو جس کی طرف رجوع واجب ہو، محض احتمال کی بنا پر چھوڑنا جائز نہیں تو بہت سے متاخرین کا یہ دعویٰ کہ نص پر اس وقت تک عمل نہ کیا جائے جب تک مخصص اور مقید کو تلاش نہ کر لیا جائے تو یہ دعویٰ تحقیق کے خلاف ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ غیر مجتہد جب بعض آیات یا احادیث کو عمل کرنے کے لیے سیکھے گا تو اس کے ساتھ ساتھ اس کا مخصص اور مقید بھی سیکھے گا۔اور علماء سے پوچھ کر یا تفسیر و حدیث کی معتبر کتابوں کو دیکھ کر اس کا سیکھنا بہت آسان ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے عہد اول میں ایک ہی آیت کو سیکھ کر اس پر عمل کرتے تھے، اسی طرح ایک ہی حدیث سیکھتے اور اس پر عمل کرتے ،اور رتبۂ اجتہاد کے حصول کا انتظار نہ کرتے۔جیسا کہ اللہ رب العزت کا ارشاد ہے۔

﴿وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۖ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۗ﴾ ①

''اللہ سے ڈرو! اللہ تمہیں علم دے گا۔''

اسی طرح اللہ کا قول ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا﴾ ②

''اے مومنو! اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو تمہارے لیے فرقان بنا دے گا۔''

فرقان کی ایک تفسیر یہ بھی ہے کہ علم نافع جو حق و باطل میں تفریق کر سکے۔اسی طرح اللہ

① البقرة: 282 . ② الانفال: 29 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا قول ہے:

﴿ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَحْمَتِهِ وَيَجْعَلْ لَكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ ﴾ [1]

''اے مومنو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ تمہیں اپنی رحمت کے دو حصوں سے نوازے گا اور تمہارے لیے نور بنا دے گا جس کو لے کر چلو گے۔''

یہ تقویٰ جس کی بنا پر اللہ رب العزت بندے کو مزید علم دے گا وہی ہے کہ اللہ نے جس چیز کا علم دیا ہے اس پر عمل کرے اور یہ اس پر عمل کرنا ہوا جس کو اللہ نے اسے سکھایا اور جو وہ نہیں جانتا تھا اسے اللہ نے سکھایا۔

تو یہ کہنا کہ کتاب وسنت پر کسی کو اس وقت تک عمل کرنا منع ہے جب تک کہ اجتہاد کے درجہ کو نہ پہنچ جائے۔ اس قول سے کوشش کی جا رہی ہے کہ تمام مسلمانوں کو قرآن کی روشنی سے اس وقت تک محروم رکھا جائے جب تک ایک ایسی شرط حاصل نہ ہو جائے جو خود اس قول کے قائلین کے یہاں معدوم ہے۔

یہ اللہ اور اس کی کتاب اور سنت رسول پر بہت بڑا دعویٰ ہے۔

پھر آپ نے لکھا ہے: کہ ہر اس مسلمان پر فرض ہے جو اللہ کے سامنے پیش ہونے سے ڈرتا ہے۔ کہ اس خطرناکی کے بھنور اور بڑی مصیبت سے نکلنے کے متعلق سوچے جو دنیا کے اکثر شہروں میں پھیل چکی ہے۔ وہ مصیبت عظمیٰ اس دعویٰ کی شکل میں ہے کہ صرف مذاہب سے احکام وعبادات ومعاملات وغیرہ کو لے کر کتاب اللہ وسنت رسول سے پورے طور پر مستغنی وبے نیاز ہوا جا سکتا ہے۔ درحقیقت اس دعویٰ کی بنیاد مزید دو دعاوی پر ہے۔

[1] الحدید: 28

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پہلا: یہ کہ کتاب وسنت پر عمل صرف مجتہدین ہی کے لیے جائز ہے۔

دوسرا: یہ کہ اب دنیا سے مجتہدین کا وجود ختم ہو چکا ہے کسی ایک مجتہد کا بھی وجود نہیں۔

ان دو دعاوی کی بنا پر تمام اہل زمین کو کتاب وسنت پر عمل سے قطعی طور پر روکا جارہا ہے۔اور صرف مذاہب مدونہ کو کافی سمجھا جارہا ہے۔

نیز بہت سے لوگوں نے اس میں ایک اور چیز کا اضافہ کر رکھا ہے، وہ یہ کہ مذاہب اربعہ کے علاوہ کسی اور مذہب کی تقلید بھی منع ہے۔قیامت تک انہی مذاہب پر عمل کو واجب کہا جاتا ہے۔

میرے بھائی! اللہ تم پر رحم کرے غور کرو کیسے ایک مسلمان کے لیے جائز ہوسکتا ہے کہ کتاب وسنت کے سیکھنے کو واجب نہ کہے۔اور پھر ان دونوں سے ہدایت حاصل کرنے اور ان پر عمل کرنے سے منع کرے اور غیر معصوم لوگوں کے اقوال کو کافی سمجھ لے، جو یقیناً غلطیاں بھی کرتے ہیں۔

اگر ان کے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ کتاب وسنت کے سیکھنے کی ضرورت ہی نہیں اور مذاہب ان دونوں کی جگہ کافی ہیں تو یہ بہت بڑا بہتان، جھوٹ اور منکر بات ہے۔اور اگر وہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ کتاب اور سنت رسول کا سیکھنا مشکل ہے تو یہ خیال بھی باطل ہے کیونکہ لوگوں کے آراء اور اجتہادات کے مسائل جو یقیناً بہت زیادہ اور بے حد مشکل ہیں۔ان کی بہ نسبت کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کا سیکھنا بہت ہی آسان ہے۔کیونکہ اللہ رب العزت فرماتا ہے۔

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ﴾ [1]

[1] القمر: 17۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



”ہم نے قرآن کو نصیحت لینے والوں کے لیے آسان کردیا ہے۔“

نیز ارشاد فرمایا:

﴿فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ﴾ (1)

”بے شک ہم نے قرآن کو آپ کی زبان مبارک کے ذریعہ آسان کردیا ہے تاکہ لوگ نصیحت پکڑیں۔“

مزید ارشاد فرمایا:

﴿فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَ تُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا﴾ (1)

”بے شک ہم نے قرآن کو آپ کی زبان مبارک کے ذریعہ آسان کردیا ہے۔ تاکہ آپ اس کے ذریعہ متقی لوگوں کو خوشخبری دیں اور سرکش قوم کو ڈرائیں۔“

اس لیے قرآن کریم اس شخص کے لیے آسان کتاب ہے جس کو اللہ تعالیٰ اس پر عمل کرنے کی توفیق بخشے۔

فرمان الٰہی ہے:

﴿بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَ مَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ﴾ (1)

”بلکہ یہ واضح آیات ہیں۔ان لوگوں کے سینوں میں جنہیں علم دیا گیا ہے صرف ظالم لوگ ہی اس کا انکار کریں گے۔“

پھر فرمایا:

---

(1) الدخان: 58 ۔ (2) مریم: 97 ۔ (3) العنکبوت: 49 ۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴾ ①

''ان کے لیے ہم ایسی کتاب لائے ہیں جس کو ہم نے اپنے علم سے مفصل بیان کیا ہے۔اور یہ ایمان والوں کے لیے ہدایت اور سراپا رحمت ہے۔''

اس لیے اس میں شک نہیں کہ جو شخص قرآن کریم کی ہدایت سے دور رہ رہا ہے وہ اللہ کی ہدایت اور رحمت سے دور ہونے کی کوشش کر رہا ہے۔

اس میں بھی شک نہیں کہ قرآن ہی وہی نور ہے جسے اللہ رب العزت نے زمین میں اتارا ہے تاکہ اسی کی روشنی میں حق و باطل، اچھے برے، ہدایت اور گمراہی کی پہچان ہو سکے۔فرمایا:

﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴾ ②

''اے لوگو! تمہارے پاس اللہ کی واضح دلیل اور نشانی آ چکی اور واضح اور روشن کرنے والا نور ہم نے تمہاری طرف اتارا۔''

نیز فرمایا:

﴿ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴾ ③

① الاعراف: 52 . ② النساء: 174 .
③ المائدہ: 15، 16 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اللہ کی طرف سے تمہارے پاس نور اور کھلی کتاب آ گئی اس کے ذریعہ جو اللہ کی مرضی کی اتباع کرتے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ سلامتی کے راستوں کی ہدایت دیتا ہے۔ اور اپنے حکم سے تاریکیوں سے روشنی کیطرف نکالتا اور صراط مستقیم کی ہدایت دیتا ہے۔''

نیز فرمایا:

﴿ وَ كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَ لَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَ اِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ ﴾ ①

''اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے آپ کی طرف روح کی وحی کی، آپ کتاب اور ایمان کو جانتے نہ تھے، مگر ہم نے اسے نور بنایا ہے۔ اپنے بندوں میں سے جسے چاہوں گا اسے ہدایت دوں گا۔''

نیز فرمایا:

﴿ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْۤ اَنْزَلْنَا ؕ ﴾ ②

''ایمان لاؤ! اللہ اور رسول پر اور اس نور پر جسے ہم نے اتارا ہے۔''

نیز فرمایا:

﴿ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ ﴾ ③

① الشوریٰ: 52 ۔ ② التغابن: 8 ۔
③ الاعراف: 157 ۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



”جو ایمان لائے اور رسول ﷺ کی تعظیم و تائید کی اور ہمارے اتارے ہوئے نور کی اتباع کی وہی لوگ کامیاب ہیں۔“

مسلمان بھائی! جب تمہیں معلوم ہو گیا کہ قرآن عظیم ہی وہ نور ہے جسے اللہ نے زمین پر اتارا ہے تاکہ اس سے روشنی اور اس کی ہدایت سے ہدایت حاصل کی جائے تو پھر تم اپنے لیے کیسے پسند کرتے ہو کہ اس نور سے اندھے ہو کر آنکھیں بند کر لو۔ اس چمگادڑ کی طرح نہ ہو جاؤ کہ دن کی روشنی اسے اندھا کر دیتی ہے۔ رات کا گھپ اندھیرا ہی اس کے لیے مناسب ہوتا ہے۔

اے انصاف والے مسلمان! اسی سے جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر اپنی کتاب اور رسول ﷺ کی سنت کا ہر جدید و مفید ذرائع سے سیکھنا آسان کر دیا ہے اور اللہ تمہیں جو صحیح علم دے اس پر عمل کرنا واجب ہے۔

شیخ نے مزید کہا ہے کہ احمد صاوی نے سورۃ الکہف و آل عمران کے جلالین کے حاشیہ پر جو کہا ہے۔ اس سے بہت سے نام نہاد طالب علم دھوکہ کھا گئے ہیں کیونکہ وہ حق و باطل کی تمیز نہیں رکھتے ﴿ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَاْيءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ ﴾ [1] پر کلام کرتے ہوئے کہا ہے کہ:

«وَلَا يَجُوْزُ تَقْلِيْدُ مَا عَدَا الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ وَلَوْ وَافَقَ قَوْلَ الصَّحَابَةِ وَالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ ، فَالْخَارِجُ عَنِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ ضَالٌّ مُضِلٌّ ، وَرُبَّمَا اَدَّاهُ اِلَى الْكُفْرِ۔ لِاَنَّ الْاَخْذَ بِظَوَاهِرِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ مِنْ اُصُوْلِ الْكُفْرِ...... اهـ بلفظه.»

---

① الکہف :23 .

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''یعنی مذاہب اربعہ کے علاوہ کی تقلید جائز نہیں، خواہ وہ صحابہ کے اقوال اور صحیح حدیث کے موافق ہی ہو، مذاہب اربعہ سے نکلنے والا گمراہ اور گمراہ کن ہے۔ مذاہب سے خروج ہو سکتا ہے کہ اسے کفر میں پہنچا دے کیونکہ کتاب وسنت کے ظاہری معنی پر عمل کرنا کفر ہے۔'' الخ

میرے بھائی! اللہ تم پر رحم کرے، دیکھو اس بات کے کہنے والے نے کس قدر گھناؤنی اور باطل بات کہی ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ، اس کی کتاب، نبی ﷺ اور آپ کی سنت اور آپ کے صحابہ عظام کے حق میں کتنی بڑی جرأت کی ہے۔ اے اللہ تو پاک ہے اس نے بڑا بہتان باندھا ہے۔ اس کا یہ کہنا: کہ مذاہب اربعہ سے خروج جائز نہیں۔ اگرچہ مذاہب کتاب و سنت اور اقوال صحابہ کے مخالف ہوں تو اس کی یہ بات کتاب وسنت، اجماع صحابہ اور ائمہ اربعہ کے اجماع کی روشنی میں باطل ہے۔ جو بھی اس قول کی تائید کرے وہ بذات خود گمراہ اور دوسروں کو گمراہ کرنے والا ہے۔ اور اس کا یہ کہنا بھی بہت بڑا باطل اور جھوٹ ہے کہ کتاب وسنت کے ظاہری معانی کو لینا کفر کی بنیادوں میں سے ہے اور اس کا کہنے والا کتاب وسنت رسول ﷺ کی حرمت کو پامال کر رہا ہے۔ یہ بہت بڑا بہتان ہے۔

قول حق جس میں کوئی شک نہیں وہی ہے جس پر صحابہ رسول ﷺ اور عام مسلمان ہیں کہ کتاب وسنت کے ظاہری معانی کو کسی حال میں اور کسی وجہ سے چھوڑنا جائز نہیں۔ جب تک کہ اس ظاہر معنی کو دوسرے معنی میں پھیرنے والی کوئی شرعی صحیح دلیل نہ ہو۔

کتاب وسنت کے ظاہری معانی پر عمل کو کفر کے اصول کہنے کی بات کتاب وسنت کا ایک عالم شخص ہرگز نہیں کہہ سکتا۔ یہ بات وہی شخص کہہ سکتا ہے جو کتاب وسنت کے علم سے کورا ہو، اپنی جہالت کی بنا پر ظواہر کتاب وسنت پر عمل کرنے کو کفر سمجھتا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فصل 12

# تعلیم وتربیت کے لیے فقہ صحیح کی تجویز

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فقہ صحیح سے میری مراد عقیدے اور احکام وفروع سے متعلق فقہ ہے۔

عالم اسلامی میں تعلیم کے ذمہ داران خصوصاً ہر مرحلے کے مدرسین واساتذہ کا فرض ہے کہ وہ دینی مواد کو نئے سرے سے ترتیب دینے کے بارے میں سوچیں وہ اس طرح کہ پرائمری اور مڈل اسکولوں میں صرف راجح مسائل کا ذکر ہو، اختلافی مسائل ہرگز نہ چھیڑے جائیں، جیسا کہ بفضل اللہ سعودیہ عربیہ کے مناہج تعلیم میں ہو رہا ہے۔

ثانوی مرحلے میں کچھ توسع کے ساتھ اختلاف کا ذکر کر کے راجح مسئلے کا ذکر ہو۔

کالج کے مرحلے میں طلبہ کے افہام کے مطابق مزید توسع ہو۔فقہ مقارن پڑھایا جائے یعنی مختلف مذاہب سے استفادہ کے لیے مختلف اقوال کا ذکر ہو لیکن شرط یہ ہے کہ کتاب وسنت سے راجح مسائل کی نشاندہی ہو۔

اس زمانے میں ہائیر اسٹڈیز (التعلیم العالی) کا ہر ملک میں جال بچھا ہوا ہے۔ بڑے بڑے معاھد ومدارس وجامعات ہیں ایم۔اے۔پی،ایچ،ڈی۔کی ڈگریاں لی اور دی جاتی ہیں۔تعلیم عالی (Higher Education) کے مرحلے میں ضروری ہے کہ طلبہ کو فقہ الکتاب والسنہ کی تدریب اور ٹریننگ دی جائے۔

یعنی طلبہ تمام مذاہب اور ان کی دلیلوں کو دیکھ کر ان کے درمیان سے راجح بالکتاب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والسنۃ مسائل کو جاننے پہچاننے اور کشید کرنے کی عادت ڈالیں۔

بلکہ اس مرحلے میں یا کسی بھی مرحلے میں طلبہ کو یہ سمجھانا حرام ہے کہ تمام مذاہب کے تمام اقوال حق ہیں۔ کسی پر انکار جائز نہیں! کسی دوسرے پر انکار نہ کرنے کی بات صرف مسائل اجتہادیہ میں کی جاسکتی ہے۔ جن میں کتاب وسنت کے نصوص نہ ملے ہوں۔

ہم سب کو اللہ کے سامنے کھڑا ہونا ہے، اللہ ہم سے ان طلبہ کے بارے میں پوچھے گا «كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ» کے تحت ہمارا حساب ہوگا۔ حساب لینے والا بڑا لطیف وخبیر ہے۔ اللہ کے واسطے تعصب مذاہب کو چھوڑ کر ہم سب صرف اللہ و رسول کے لیے تعصب رکھیں۔

تو کالج اور تعلیم عالی کے مراحل میں خصوصی طور پر طریقہ تدریس یہ ہو کہ کسی بھی مسئلے میں تمام مذاہب کے اقوال کو دیکھ کر کتاب وسنت، اقوال صحابہ اور اجماع صحابہ کے موافق قول کو ترجیح دی جائے، ورنہ اللہ کے حق میں کفران نعمت ہوگا کہ علم کے وسائل کی فراوانی، کتب تفاسیر واحادیث سے استفادہ کے اس آسانی کے دور میں بھی ان سے استفادہ نہ کر کے اللہ ورسول ﷺ کے علاوہ کے اقوال کو کافی سمجھ کر ہم بیٹھ رہے ہیں اللہ کی جناب میں بہت بڑی ناشکری ہوگی۔

ان شاء اللہ! مذکورہ طرق تعلیم سے تعصب مذاہب اعتقادی ہو یا فروعی ان میں کمی تو ضرور آجائے گی اگرچہ پورے طور پر ختم نہ ہوسکے۔

کچھ مربین واساتذہ شریعت سے یہ بات سننے میں آتی ہے کہ فقہ کو سیکھنے کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ طالبعلم مذاہب اربعہ میں سے کسی ایک مذہب کی مختصر یا متوسط کتاب لے کر حفظ کر ڈالے، اسے اسی مذہب کے متخصص عالم سے پڑھ کر سمجھ لے۔ پھر اسی مذہب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی دوسری کتابوں کو بتدریج پڑھے تاکہ اس مذہب میں اسے درک حاصل ہو جائے۔ یا پھر ہر مذہب کی کوئی مختصر یا متوسط کتاب سمجھے اور پڑھے۔

درحقیقت نتیجہ پر غور کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس طرح کے طریقہ تعلیم سے صرف خاص مذہب کا عالم ہی نکلے گا۔ یا پھر اگر دوسرے مذاہب کو بھی پڑھنا چاہتا ہے تو ظاہر ہے کہ ان مذاہب میں بھی وہی بات ہے کہ اس کے تمام مسائل کو صواب نہیں کہا جا سکتا۔ اس طرح صرف تعصب مذاہب ہی کی پرورش ہوگی۔

یہاں تو مقصد یہ ہے کہ تعصب کو کیسے ختم کیا جائے۔ اگر کسی مذہب کی کسی کتاب کو تحقیق وترجیح سے نہ پڑھا گیا تو ظاہر ہے کہ طالب علم کو راجح و مرجوح کا علم نہ ہوگا۔

اس لیے تجویز اور مشورہ یہ ہے کہ کتاب وسنت کی دلیلوں سے راجح مسائل کے مختصر، متوسط اور مطول متون جمع کیے جائیں، تاکہ طلبہ کے اذہان کو راجح مسائل کی طلب کے لیے ہموار کیا جا سکے۔

نتیجتاً کسی خاص مذہب کا تعصب طالبعلم کے ذہن میں نہ آئے گا۔

اللہ تعالیٰ نے جس قدر پرانے زمانے میں مسلمانوں میں اچھے سے اچھے علماء اور ائمہ پیدا کیے تھے اور انہوں نے بقدر امکان امت کی پورے اخلاص کے ساتھ خدمت کی تھی، اس زمانے میں بھی اللہ کی زمیں میں علماء حق موجود ہیں جو ائمہ سابقین کے علوم سے استفادہ کر کے اس قسم کی تالیفات مہیا کر سکتے ہیں۔

نیز اس چیز کی تاکید بھی ضروری ہے کہ عقیدہ سلف نبی کریم ﷺ اور صحابہ وتابعین وائمہ عظام سے متعلق الحمد للہ بہت سی تالیفات مہیا ہیں۔ صرف فرعی مسائل ہی میں تالیفات کی ضرورت ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور جب تک اس قسم کے متون و تالیفات مہیا نہ ہو سکیں اس وقت تک طریقۂ تعلیم اس طرح ہو کہ کسی بھی مذہب کی أقرب الی الکتاب والسنہ کتاب کو اختیار کر لیا جائے۔ پھر مدرس محترم اس کتاب کو ادلہ صحیحہ کی روشنی میں پڑھائیں اور اس کتاب کے مسائل کی دلیلوں کو اکٹھا کر کے طالب علم کو استفادہ کے لیے ابھارا جائے جس طرح کہ بہت پہلے «السلسبیل فی معرفة الدلیل» کے مؤلف نے ایک خوش گوار کوشش کی تھی۔ جزاہ اللہ خیراً۔

یہ ضروری نہیں کہ ہر مرحلے کے طالب علم کے سامنے دلیل کا بھی ذکر ہو لیکن کم از کم معلم محترم اس کی روشنی میں اگر کوئی مسئلہ مرجوح ہو تو طالب علم کو تنبیہ کر دیں، بلکہ نوٹ لکھا دیں کہ یہ مسئلہ دلیل کے خلاف ہے۔

اس کی ایک بڑی واضح مثال پیش کرنا چاہتا ہوں کہ «زاد المستقنع» میں ہے:

«وَیُکْرَہُ دُخُوْلُهُ (اَیْ اَلْقَاضِی لِحَاجَتِهِ) أَوْ دُخُوْلُ الْخَلَاءِ بِشَیْءٍ فِیْهِ ذِکْرُ اللّٰهِ إِلَّا لِحَاجَةٍ وَرَفْعُ ثَوْبِهِ قَبْلَ دُنُوِّهِ مِنَ الْأَرْضِ وَکَلَامُهُ فِیْهِ وَبُوْلُهُ فِیْ شَقٍّ وَنَحْوِهِ، وَمَسُّ فَرْجِهِ بِیَمِیْنِهِ وَاسْتِنْجَاؤُهُ وَاسْتِجْمَارُهُ بِهَا وَاسْتِقْبَالُ النیرین.»

’’یعنی قضائے حاجت کرنے والے پر مکروہ ہے کہ بیت الخلاء میں کوئی ایسی چیز داخل کرے جس میں اللہ کا ذکر ہو الا یہ کہ مجبور ہو۔ اس طرح زمین سے قریب ہونے سے پہلے کپڑا اٹھائے اور اس حالت میں بات کرے، اور کسی سوراخ وغیرہ میں پیشاب کرے اور اپنی شرمگاہ کو دائیں ہاتھ سے چھونے یا دائیں ہاتھ سے استنجاء کرے۔ اسی طرح سورج اور چاند کو سامنے کر کے قضاء حاجت کرے مکروہ ہے۔‘‘

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مزید اور دوسرے مسائل کا بھی ذکر ہے ان میں سے ہر ایک قول کی کوئی نہ کوئی دلیل ہے۔ البتہ سورج اور چاند کو سامنے کرنے کی کراہت پر کوئی دلیل نہیں۔

مؤلف کے اس قول پر علامہ ابن عثیمین رحمہ اللہ نے اپنی تعقیب اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

سورج اور چاند کو سامنے کر کے قضاء حاجت کرنے پر کوئی دلیل نہیں بلکہ اس کی علت بیان کی گئی ہے۔ وہ یہ کہ ان میں اللہ کا نور ہے۔ مگر یہ نور وہ نور نہیں جو اللہ کی صفت ہے۔ بلکہ وہ نور مخلوق ہے۔ جس طرح ستاروں میں نور ہے۔

اگر یہ علت معتبر ہوتی تو کہا جاتا کہ جس چیز میں نور اور روشنی ہے اس کو یہاں تک کہ تاروں کو بھی قضاء حاجت کے وقت آگے پیچھے کرنا مکروہ ہوتا۔

اور یہ علت نبی کریم ﷺ کے قول «لَا تَسْتَقْبِلُوْا الْقِبْلَةَ وَلَاتَسْتَدْبِرُوْهَا وَلٰكِنْ شَرِّقُوْا أَوْ غَرِّبُوْا»..... ''قضائے حاجت کے وقت نہ قبلہ کو آگے کرو اور نہ پیچھے لیکن مشرق اور مغرب کی طرف کرو'' سے ٹکراتی ہے۔ اور یہ بات واضح ہے کہ جو شخص مشرق اور مغرب کی طرف اپنا چہرہ کرے گا یا پیٹھ کرے گا تو سورج کے طلوع وغروب کے وقت سورج کو آگے یا پیچھے ضرور کرے گا۔ نبی کریم ﷺ نے تو یہ نہیں کہا: کہ مشرق اور مغرب کی طرف اپنا چہرہ کرو۔ اِلا یہ کہ سورج اور چاند تمہارے سامنے ہوں۔

اس لیے صحیح مسئلہ یہ ہے کہ بوقت قضائے حاجت سورج اور چاند کی طرف چہرہ یا پیٹھ کرنا مکروہ نہیں۔ کیونکہ اس کی کوئی دلیل نہیں بلکہ دلیل جواز کے لیے ہے۔

یہاں پر علامہ ابن عثیمین نے مکمل انصاف کے ساتھ اصولی طور پر مسئلہ کی تحقیق کر کے بلاتقلید دلیل کی روشنی میں صحیح مسئلہ کی نشاندہی کی ہے۔ جزاه الله خیرا۔

اسی طرح کالج یا تعلیم عالی میں طلبہ کی تربیت ہو، مذاہب کی کتابوں کے مطالعہ اور تمام

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بحوث میں ان سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی تعلیم مکمل کریں۔ کیونکہ تمام ائمہ پوری امت کے ائمہ ہیں۔ کوئی امام کسی کے ساتھ خاص نہیں۔

ایم۔اے اور پی۔ایچ۔ڈی کے مراحل میں تو کسی طرح طلبہ کو اجازت نہیں ہونی چاہیئے کہ اپنے بحوث میں بغیر دلیل کے کوئی بات کہیں! بلکہ ادلہ مختلفہ میں سے راجح دلیل سے مسئلہ کا استنباط کریں۔ کیونکہ اس زمانے میں ادلہ کے عدم اطلاع کا عذر کسی عالم کے لیے باقی نہیں رہ گیا۔

تفسیر و حدیث رسول ﷺ کی کتابیں اکٹھا کردی گئی ہیں۔خصوصاً حدیث رسول سے متعلق ایسی خدمات وجود میں آچکی ہیں جن کا وجود گزشتہ صدیوں میں نہ تھا۔احایث رسول ﷺ، آثار صحابہ رضی اللہ عنہم کی تحقیق، ان کی تصحیح وتضعیف کا بڑا مواد امت کے درمیان موجود ہے۔

فقہ مذاہب کی احادیث کی تحقیق اور تصحیح وتضعیف بھی ہوچکی ہے۔ایک عالم دین جس نے کم ازکم بیس پچیس سال اپنی عمر عزیز کا حصہ قرآن وسنت اور عربی زبان کے پڑھنے اور سمجھنے میں لگایا ہے، خصوصاً قوم کے ان افراد کے لیے صحیح احادیث اور ضعیف احادیث کی پہچان کے لیے بہت سی آسانیاں مہیا ہوگئی ہیں۔

میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر کوئی عربی زبان کا عالم ہے علوم شریعت میں متخصص نہ بھی ہو۔ وہ بھی ان کتابوں سے استفادہ کر کے صحیح اور ضعیف احایث کی پہچان کرسکتا ہے۔

قرآن کریم کی تفسیر سے متعلق احادیث وآثار کی الگ تدوین ہوچکی ہے، ناسخ ومنسوخ اور دوسرے اہم علوم کی موثوق کتابیں بھی مہیا ہوچکی ہیں۔ نئی ایجادات کمپیوٹر وغیرہ کے ذریعہ بھی بہت کچھ استفادہ ہوسکتا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایسے میں صف علماء کتاب اور سنت کی نعمت کی قدر نہ کرتے ہوئے اب بھی ان کے سمجھنے کی کوشش نہ کریں تو یقیناً ﴿ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ﴾ کے سب سے پہلا نشانہ وہی بنیں گے۔

سنت رسول ﷺ سے محبت رکھنے والوں کے لیے اس زمانے میں علامہ البانی رحمہ اللہ کی کتابوں اور بحثوں سے بھی بہت فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

یہاں بھی علامہ شنقیطی رحمہ اللہ کا ایک قیمتی اور تحقیقی کلام نقل کر رہا ہوں، بھائیوں سے گزارش ہے کہ غور کرنے کی کوشش کریں۔

آپ نے فرمایا کہ: ''میرے انصاف پسند مسلمان بھائی! تمہارے اوپر اللہ کی کتاب اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کو ہر قدیم و جدید مسائل سے سیکھنا اور اللہ کے دیے ہوئے اس علم پر عمل کرنا واجب ہے۔

یہ جان لو! کہ اس زمانے میں کتاب وسنت کا سیکھنا قرون اولیٰ کی بہ نسبت بہت زیادہ آسان ہے۔ کیونکہ کتاب وسنت سے متعلق ناسخ ومنسوخ، عام وخاص مطلق ومقید، مجمل اور مبین۔ اسی طرح سے احادیث کے راویوں کی شناخت اور صحیح اور ضعیف احادیث کی تمیز اب اس زمانہ میں بہت زیادہ آسان ہوگیا ہے۔ کتاب اللہ کی ایک ایک آیت کے متعلق احادیث، آثار صحابہ وتابعین اور اقوال مفسرین ہمارے سامنے ہیں۔

سنت رسول ﷺ بھی سب کی سب مدون ہو چکی ہے اور ان کی اسانید اور متون کا علم اور اسباب صحت وضعف بھی واضح طور پر علماء کے علم میں ہے۔ اس لیے اجتہاد کے جن شروط کی ضرورت کا ذکر علماء نے کیا ہے ان کا حصول بھی اللہ تعالیٰ جن کو علم وفہم دے ان کے لیے بہت آسان ہے۔ احادیث کے ناسخ ومنسوخ، مطلق ومقید خاص وعام کے علم کا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حصول بھی اس زمانے میں بہت آسان ہو چکا ہے۔''①

علامہ محمد ناصر الدین الالبانی رحمہ اللہ 1388ھ میں مدینہ منورہ تشریف لائے۔علامہ شیخ عمر فلاتہ رحمہ اللہ کے یہاں مہمان رہے۔اللہ کا شکر ہے کہ ہم اس وقت جامعہ اسلامیہ مدینہ الرسول میں پڑھ رہے تھے، بہت بڑی غنیمت کا موقع تھا۔جامعہ کے طلبہ،اساتذہ،اور دوسرے لوگوں کا ان کی مجلس میں بڑا جمگھٹا لگا رہتا تھا۔میں نے شاید ہی عصر کے بعد کی کوئی مجلس چھوڑی ہو بلکہ میں دن میں کلاسوں سے غائب ہو کر ان کی مجلس میں پہنچ جایا کرتا تھا۔

سوال و جواب کا سلسلہ چلتا۔میں بہت کچھ سوالات کرتا۔مجھے یاد ہے کہ ایسا بھی ہوتا کہ کبھی مجلس میں سکوت ہوتا تو علامہ البانی کہتے:

«يَا أَهْلَ الْهِنْدِ! هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْئٌ.»

ہندوستان والو! تمہارے پاس کوئی سوال ہے؟

بہر حال اس مجلس میں میں نے سوال کیا کہ ابن الصلاح رحمہ اللہ نے اپنے علوم الحدیث (مقدمہ ابن الصلاح) میں ساتویں صدی ہجری ہی میں کہہ دیا تھا کہ:

اگر ہمیں حدیث کی کتابوں میں حدیث صحیح سند سے بھی مل جائے۔لیکن وہ حدیث صحیحین میں نہ ہو اور نہ ہی وہ ائمہ حدیث کی معتمد اور مشہور تصانیف میں ملے تو ہم اس کی صحت کا حکم لگانے کی جسارت نہیں کریں گے۔کیونکہ ان زمانوں میں صرف اسانید کو دیکھ کر مستقل طور پر صحیح حدیث کا معلوم کرنا محال ہے۔②

تو اس کو لے کر لوگ کہتے ہیں کہ اس زمانے میں تصحیح و تضعیف کرنا یا صحیح وضعیف حدیث

---

① اضواء البیان: 437/7، 438۔

② علوم الحدیث، ص: 12، 13۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا پہچاننا ممکن نہیں۔عموماً یہ بات وہی لوگ کہتے ہیں جو مذاہب اربعہ کے مقلدین ہیں اور مذہب کے علاوہ کسی اور چیز کو قبول نہیں کرنا چاہتے۔

اس پر علامہ البانی نے جواب دیا کہ لوگوں کا یہ کہنا صحیح نہیں ! کیونکہ حدیث شریف کے علوم اور قواعد ہمارے سامنے ہیں، جرح وتعدیل کے قواعد واضح طور پر کتابوں میں منضبط ہیں۔

زمانہ قدیم کی بہ نسبت اس زمانے میں احوال الرجال اور جرح کے قواعد کو استعمال کر کے احادیث پر صحیح وضعیف کا حکم لگانا بہت ہی آسان ہو گیا ہے۔حدیث کے مخطوطات کے فوٹو حاصل کئے جارہے ہیں۔اور بلاد اسلامیہ میں انہیں عام کیا جارہا ہے۔متابعات اور شواہد کو زیادہ سے زیادہ اکٹھا کر کے حدیث پر حکم لگایا جا سکتا ہے۔انتہیٰ۔

گزارش ہے کہ ان دونوں بزرگوں نے یہ بات چالیس پچاس سال پہلے کہی تھی جبکہ مخطوطات احادیث سے استفادہ ہمارے اس زمانے کی بہ نسبت مشکل تھا۔اور نئے آلات خصوصاً کمپیوٹر کی ایجاد ہی نہ ہوئی تھی، جس کے ذریعہ منٹوں اور گھنٹوں میں وہ معلومات اکٹھا کی جارہی ہیں۔جو آج سے پچاس سال پہلے ہفتوں اور مہینوں میں کرتے تھے۔

بلکہ اس زمانے میں احادیث رجال اور طرق حدیث کا جتنا مواد ایک دن میں اکٹھا کر کے فوراً اس کو چھاپ کر کاغذ پر لایا جا سکتا ہے۔قدیم زمانے میں یا قریب کے زمانے میں سال میں وہ کام ہوتا تھا۔

اس میں شبہ کی کوئی گنجائش نہیں بلکہ اقدم زمانے میں تو وہ مواد بہت ہی کٹھن اور مہلک سفر کر کے بھی حاصل نہیں ہوتا تھا۔

ابھی سو (100) یا اسی (80) سال کی بات ہوگی کہ علامہ عبد الرحمن مبارکپوری رحمہ اللہ جب سنن ترمذی کی شرح "تحفة الاحوذی" کی تالیف فرمارہے تھے۔تو ان کے پاس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تہذیب التہذیب اور ثقات ابن حبان کا نسخہ بھی نہ تھا۔ نہ ان کے قریب کے شہروں میں تھا بوقت ضرورت ان کتابوں کے مراجعہ کے لیے صوبہ بہار ڈیانواں سینکڑوں میل کا سفر کر کے مولانا شمس الحق عظیم آبادی رحمہ اللہ کے مکتبہ سے استفادہ کرنے جایا کرتے تھے۔

البتہ اس پر تاکید ضروری ہے کہ کمپیوٹر کو صرف ایک فہرست کی حیثیت سے استعمال کیا جائے! اس کے ذریعے مصادر و مراجع کی معلومات لے کر اصل مصادر سے رجوع کر کے ہی حدیث و آثار کو نقل کیا جائے۔ کیونکہ اس میں بہت کچھ غلطیاں ہوسکتی ہیں اور ہیں بھی۔ اس فصل کو علامہ ابو شامہ مقدسی (656-599) کی ایک تجویز کا ذکر کر کے ختم کرنا چاہتا ہوں۔

کہتے ہیں: ''کہ جب سے اللہ رب العزت نے شریعت کے علم میں مشغول رہنے نیز کتاب وسنت کے معانی اور اتفاق و اختلاف کو سمجھنے کی توفیق دی، میں سوچ رہا تھا کہ فقہ کو سلف کے طریقہ پر کتاب وسنت اور اقوال السلف کے ذریعہ سمجھ کر راجح مسائل کا مجموعہ کی شکل میں اکٹھا کروں۔ دل چاہتا تھا کہ کوئی دوسرا یہ کام کرے یا کئے ہوتا۔

ہمارے اصحاب اور دوسرے مذہب کے لوگوں کا حال یہ ہے کہ ہر ایک اپنے مذہب ہی پر تعصب برتتا اور ہر مسئلے میں اپنے ہی امام کے قول کو ترجیح دیتا ہے۔

حالانکہ سب کا فرض یہ ہے کہ ائمہ کے اختلاف کو دیکھنے کے بعد کتاب وسنت کے دلائل دیکھ کر کتاب وسنت سے اقرب قول کو ترجیح دیں۔ اس صورت میں بہت سے مسائل میں اختلاف زائل ہوسکتا ہے۔ چند مسائل ہی میں ان شاء اللہ اختلاف باقی رہ سکتا ہے۔ ①

اللہ کی رحمت ہو ابو شامہ پر انہوں نے کتنی قیمتی نصیحت کی ہے لیکن کیا ہمارے علماء کرام

① خطبة الكتاب المؤمل، ص: 107.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس پر غور کریں گے؟

اللہ رب العزت کے دربار میں میری التجا ہے کہ اس کتاب کو امت کے لیے مفید بنائے! مجھے اور والدین اور میرے تمام اساتذہ کو اجر عظیم سے نوازے۔ خصوصاً یہ کتاب علماء کرام کے سامنے پیش کر رہا ہوں، اگر کسی بزرگ کو اس میں کوئی معنوی غلطی نظر آئے تو مجھے اطلاع فرمائیں تاکہ میں اس سے رجوع کرلوں۔ نیز مجھے احساس ہے کہ کچھ لوگ اس موضوع کو قبول نہ کریں گے۔ ہوسکتا ہے مجھے سخت سست بھی کہیں تو میں انہیں پہلے سے ہی معاف کر دیتا ہوں لیکن انہیں یاد دلاتا ہوں کہ

﴿مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ ۝﴾ ①

یعنی ''انسان کوئی لفظ بولتا ہے تو چست و چوبند فرشتے اسے نوٹ کرلیتے ہیں''

کو ذہن میں رکھ کر سوچ سمجھ کر کچھ کہنے اور لکھنے کی ہمت کریں گے۔ دلوں کا حال اللہ ہی جانتا ہے۔ صرف اصلاح امت ہی کی خاطر یہ محنت کی ہے۔

«إِنْ أُرِيْدُ إِلَّا الإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِيْقِيْ إِلَّا بِاللّٰه»

اس معمولی کوشش کو اللہ رب العزت اپنے یہاں قبول فرما کر اپنے صالح بندوں کے یہاں بھی اسے مقبول بنائے۔ آمین۔

وصی اللہ محمد عباس

مدرس ومفتی مسجد حرام، وپروفیسر اُم القریٰ یونیورسٹی

وادی بشم، شارع الحج، مکۃ المکرمہ

25/محرم 1432ھ

① ق: 18۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

## مصنف کی دیگر کتب

1. دین خالص
2. قرآن وسنت کی روشنی میں تقلید کا حکم
3. اتباع سنت اور اصول فقہ کے صحابہ وائمہ
4. صحابہ کرام وائمہ عظام کے اصول واقوال میں اتحاد امت کی دعوت
5. نکاح وحسن معاشرت، سیرت رسول کی روشنی میں
6. اسلام ہی انسانیت کا حل

انصار السنۃ پبلیکیشنز لاہور

اسلامی اکادمی الفضل مارکیٹ، 17-اردو بازار لاہور فون: 37357587-042